بسم اللہ الرحمن الرحیم

اقبال اکیڈیمی حیدرآباد کا شش ماہی ترجمان

(نومبر ۲۰۰۶ء)

اقبال ریویو

پروفیسر سید سراج الدین نمبر

جلد (۱۵) شمارہ (۲)

ISBN.81-86370-31-5

مجلس مشاورت

ا۔ جناب محمد ظہیر الدین احمد

(صدر اقبال اکیڈیمی حیدرآباد)

۲۔ پروفیسر رفیع الدین ہاشمی (لاہور)

مجلس ادارت

ا۔ جناب محمد ضیاء الدین نیر

(نائب صدر اکیڈیمی)

۲۔ سید امتیاز الدین۔ایڈیٹر

(معتمد اکیڈیمی وایڈیٹر)

بدل اشتراک

فی شمارہ ۵۰ روپے ایک سال (دو شمارے) ۹۰ روپے

بیرونی ملک فی شمارہ ۵ ڈالر

خط وکتابت وترسیل زر کا پتہ :

اقبال اکیڈیمی، گلشن خلیل: 10-5-7/1 تالاب ماں صاحب ۔حیدرآباد۔500028

آندھرا پردیش (انڈیا)۔فون:66663950

e-mail:ihfiqbal@hotmail.com

کمپیوٹر کمپوزنگ : محمد کلیم محی الدین، انجم راہی ''شارپ کمپیوٹر'' محبوب بازار،

چادر گھاٹ حیدرآباد۔۲۔فون:9392427796

سید امتیاز الدین ایڈیٹر، پرنٹر و پبلیشر نے وی جی پرنٹر دلسکھ نگر، حیدرآباد سے طبع کروا کر

اقبال اکیڈیمی حیدرآباد سے شائع کیا۔

پروفیسر سید سراج الدین

ولادت: ۳۰ر جون ۱۹۲۳ وفات: ۱۵ر جولائی ۲۰۰۶ء

فہرست

عنوان	مضمون نگار	صفحہ نمبر
۱۔ اداریہ	سید امتیاز الدین	۷
۲۔ پروفیسر سید سراج الدین کی یاد میں	مجتبیٰ حسین	۹
۳۔ سید سراج الدین کی یاد میں	شمس الرحمان فاروقی	۱۵
۴۔ پروفیسر سراج الدین۔ شخصیت کے چند پہلو	ڈاکٹر رحیم الدین کمال	۱۹
۵۔ ہمدم دیرینہ۔ سراج	پروفیسر تقی علی مرزا	۳۱
۶۔ ہم جام بکف بیٹھے ہی رہے۔۔۔	پروفیسر محسن عثمانی ندوی	۳۵
۷۔ اک دیا اور بجھا	پروفیسر سلیمان اطہر جاوید	۳۹
۸۔ پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ	پروفیسر محمد نعیم الدین	۴۳
۹۔ آہ ! پروفیسر سراج	پروفیسر یوسف کمال	۴۶
۱۰۔ پروفیسر سراج	شاہد حسین زبیری	۵۰
۱۲۔ پاک طینت و پاک باطن پروفیسر سید سراج	قدیر زماں	۵۴
۱۳۔ اُستادِ محترم سید سراج الدین	سلطان لطیف	۶۰

۱۴۔سید سراج الدین شاہ بلیغ الدین ۶۳

○

منظوم خراجِ عقیدت

۱۵۔سراج کی یاد میں شاعر: پروفیسر شیو کے کمار ۶۷
مترجم: علی ظہیر
۱۶۔ایک نظم سید امتیاز الدین ۶۹

○

پروفیسر سراج صاحب کے مضامین (اردو مضامین)

۱۷۔اقبال اور عصری تقاضے ۷۱
۱۸۔پروفیسر صلاح الدین۔ایک تاثر ۷۸

○

۱۹۔پیکر جہد و عمل، (محمد ظہیر الدین صاحب شاہد حسین زبیری ۸۲
نو منتخب صدر اقبال اکیڈیمی کا خاکہ)
۲۰۔اقبال اکیڈیمی کا خبر نامہ ۸۷
انگلش سکشن: صفحات۔ 1 -to- 45

(ٹائٹل پر پروفیسر سید سراج الدین کا عکس تحریر)

○○○○

سید امتیاز الدین

اداریہ

ہر بار جب اقبال ریویو ترتیب و اشاعت کے مرحلوں سے گزر کر سرپرستوں اور قارئین کی خدمت میں بھیجے جانے کی منزل میں ہوتا ہے تو ہم ایک گونہ مسرت اور اطمینان کی کیفیت سے گزرتے ہیں کہ اقبالیات کے سلسلے کی مطبوعات میں حقیر سا ہی کچھ اضافہ تو ہوا۔ لیکن اقبال ریویو کے اس شمارے کو آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے نہ مسرت کا احساس ہے اور نہ اطمینان کا۔ یہ شمارہ اقبالیات میں اضافہ نہیں بلکہ اقبالیات کے ایک چلتے پھرتے خزانے کے گم ہو جانے کی روداد ہے۔ پروفیسر سید سراج الدین جو اقبال اکیڈیمی کے صدر، انگریزی کے پروفیسر، اردو اور فارسی، انگریزی ادب کے ماہر یوروپی زبانوں مثلاً اطالوی، فرانسیسی اور جرمن کے آشنا، ماہر اقبالیات انکسار کا پیکر، نام و نمود اور شہرت سے بے نیاز ہستی تھے مختصر سی علالت کے بعد 15/جولائی 2006ء کو ہم سے ہمیشہ کے لیے بچھڑ گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ اس شمارے میں ہم نے سراج صاحب کے دوستوں، مداحوں اور عقیدت مندوں کے تاثرات اور مضامین شائع کیے ہیں۔ چونکہ سراج صاحب راستباز، منکسر المزاج اور شریف النفس انسان تھے اس لیے اگر تمام مضمون نگاروں کے تاثرات میں کسی قدر یکسانیت دکھائی دے تو اسے سراج صاحب کے کردار و گفتار کی یکسانیت پر محمول کیا جائے۔

ڈاکٹر رحیم الدین کمال، پروفیسر تقی علی مرزا اور سید شاہ بلیغ الدین صاحب پروفیسر سراج الدین کے قدیم رفیقوں میں ہیں۔ تقی علی مرزا صاحب نے اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں اپنے تاثرات قلم بند کیے ہیں۔ سید شاہ بلیغ الدین صاحب کا سوانحی نوٹ ان کی کتاب ''تذکرہ عثمانین'' سے لیا گیا ہے۔ مشہور مزاح نگار مجتبیٰ حسین صاحب، سراج صاحب سے عمر میں چھوٹے تھے لیکن ان سے بہت بے تکلف تھے۔ مجتبیٰ صاحب کے مضمون میں سراج صاحب کی شخصیت کے دل چسپ گوشوں کی عکاسی ہے۔ جناب شمس الرحمان فاروقی اور سراج صاحب میں ایک طرح کا خصوصی علمی رشتہ تھا۔ سراج صاحب کو ''شب خون'' بہت عزیز تھا۔ اس رسالے میں ان کے مضامین مراسلے اور ان کا ویسٹ لینڈ کا معرکتہ الآرا ترجمہ شایع ہوا تھا۔ شمس الرحمان فاروقی نے

ہماری درخواست پر ایک مختصر مگر جامع مضمون روانہ کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد نعیم الدین سراج صاحب کے خالہ زاد بھائی ہیں۔ عزیزی جوہی سلمہا سراج صاحب کی بارہ سالہ نواسی ہیں۔ نعیم صاحب کے مضمون اور جوہی کی انگریزی نظم کی شمولیت سے سراج صاحب کے اہل خاندان کی نمائندگی ہوئی ہے۔ پروفیسر شیو کے کمار جو انگریزی کے مشہور شاعر ہیں، عثمانیہ یونیورسٹی کے شعبہ انگریزی میں سراج صاحب کے سینئر رفیق تھے۔ شیو کے کمار صاحب نے اپنے ایک مضمون میں بھی اعتراف کیا تھا کہ سراج صاحب پی ایچ ڈی کے بغیر بھی قابلیت میں یکتا تھے۔ کمار صاحب نے سراج صاحب کی آخری علالت اور ہسپتال کے ایام کو بڑی دل سوزی سے اپنی نظم میں بیان کیا ہے۔ پروفیسر سلیمان اطہر جاوید، پروفیسر محسن عثمانی ندوی، قدیر زماں، سلطان لطیف اور پروفیسر یوسف کمال کے مضامین اس بے مثال علمی شخصیت کے لیے موزوں خراج عقیدت ہیں۔ شاہد حسین زبیری کے خاکے کا بیشتر حصہ سراج صاحب کی زندگی میں مکمل ہو چکا تھا۔ خاکہ قریب الختم تھا کہ سراج صاحب کی زندگی کا چراغ بھی گل ہو گیا۔

اس شمارے کے اہم ترین مضامین وہ ہیں جو خود سراج صاحب کے لکھے ہوئے ہیں۔ ہم نے ان کے بعض منتخب اردو اور انگریزی مضامین کو اس اشاعت میں شامل کیا ہے جن کی شمولیت سے قارئین کو اس مایہ ناز ماہر اقبالیات کی اقبال شناسی اور باریک بینی کا کسی حد تک اندازہ ہوگا۔ سراج صاحب کے انتقال کے باوجود اس شمارے میں بھی ان کی حیات کے نقوش آج بھی تازہ ہیں۔ اسی شمارے میں اگر آپ اقبال اکیڈیمی کی سرگرمیوں پر نظر ڈالیں تو آپ کو اندازہ ہوگا کہ جون 2006ء تک بھی جلسوں کی صدارت سراج صاحب نے کی ہے۔

ہستی سے عدم تک نفسِ چند کی ہے راہ
دنیا سے گذرنا سفر ایسا ہے کہاں کا

☆☆☆

مجتبیٰ حسین

پروفیسر سراج الدین کی یاد میں

انجمن ترقی اردو ہند کے ہفتہ وار رسالہ ''ہماری زبان'' میں ایک مستقل کالم ''اک دیا اور بجھا'' کے عنوان سے شائع ہوتا ہے جس میں ایک ہفتہ کے دوران میں اس دنیا سے رحلت کر جانے والے اردو ادیبوں، شاعروں وغیرہ کے کوائف شائع ہوتے ہیں۔ سات آٹھ برس پہلے کی بات ہے ہم انجمن کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر خلیق انجم کے کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک سادہ لوح ملاقاتی نے خلیق انجم سے شکایت کی ''حضور! ہماری زبان کے بعض کالم پابندی سے شائع نہیں ہوتے۔ یہی دیکھئے دو شماروں سے ''ایک دیا اور بجھا'' کا کالم شائع نہیں ہو رہا ہے۔ یہ غلط بات ہے''۔ خلیق انجم نے ہماری طرف معنیٰ خیز نظروں سے دیکھتے ہوئے مسکرا کر جواب دیا ''جناب! اگر اردو کے کسی ادیب یا شاعر کا اس ہفتہ انتقال ہی نہ ہو تو بھلا یہ کالم کیسے شائع ہو سکتا ہے''۔ خلیق انجم کا جواب نہایت معقول تھا۔ اب یہ تو نہیں ہو سکتا تھا کہ محض اس کالم کی پابندی سے اشاعت کی خاطر کسی اردو ادیب کو زبردستی ہلاک کر دیا جائے۔ یوں بھی ان نوں اردو ادیبوں اور شاعروں کی شرح اموات میں اتنا اضافہ نہیں ہوا تھا جتنا کہ آج کل پایا جاتا ہے۔ بہر حال کچھ عرصہ بعد اس شرح اموات میں اِضافہ ہوا تو یہ کالم نہ صرف پابندی سے شائع ہونے لگا بلکہ ''اک دیا اور بجھا'' کے عنوان کے تحت بیک وقت تین چار مرحومین کے کوائف شائع ہونے لگے۔ اک دن ہم نے خلیق انجم سے شکایت کی ''حضور! مانا کہ آپ کا کالم اک دیا اور بجھا اللہ کے فضل سے بڑی پابندی کے ساتھ شائع ہو رہا ہے لیکن مشکل یہ ہے کہ آپ اعلان تو اک دیے کے بجھنے کا کرتے ہیں لیکن غور سے دیکھا جائے تو آپ اس والے عنوان کی آڑ میں بسا اوقات چار پانچ دیوں کو ایک ساتھ بجھا دیتے ہیں۔ بھلے ہی اس میں زبان کی کوئی غلطی نہ ہوتی ہو لیکن حساب کی غلطی اور وہ بھی فاش غلطی ہو جاتی ہے۔ لہذا آپ مرنے والوں کی تعداد کے حساب سے عنوان میں حسب ضرورت تبدیلی کر لیا کریں جیسے ''چار دیے اور بجھے''۔ ''تین دیے اور بجھے'' وغیرہ۔ یادش بخیر پطرس بخاری

جب آل انڈیا ریڈیو کے ڈائرکٹر جنرل تھے تو ریڈیو پر ایک قوال غالب کی غزل کا مشہور مصرعہ ''قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں'' کو اپنے انداز اور اپنے حساب سے اس طرح گا رہا تھا 'قید وحیات و بند وغم اصل میں دونوں ایک ہیں''۔ پطرس بخاری نے غزل سنی تو ریڈیو اسٹیشن کے ڈیوٹی آفیسر کو فون کر کے کہا ''اس قوال سے کہو کہ وہ مصرعہ کو اس طرح گائے قید وحیات و بند وغم اصل میں چاروں ایک ہیں۔ اگر وہ قید حیات و بند غم گاتا تو ''دونوں'' کا استعمال صحیح تھا لیکن اب جس طرح وہ مصرعہ گا رہا ہے اس میں ''چاروں'' کا استعمال نہایت ضروری ہے، کم از کم ریڈیو سے حساب کی کوئی غلطی نہیں ہونی چاہئے''۔

پطرس بخاری کی یہ بات ہمیں بر سبیل تذکرہ یاد آ گئی ورنہ آج ہم اصل میں اپنے ایک اور کرم فرما کا تعزیتی کالم لکھنے کا تہیہ کئے بیٹھے ہیں۔ اگر چہ ابھی پچھلے ہفتہ ہم نے صدق دل سے دعا کی تھی کہ اس دنیا سے ہمارے بزرگوں کے اٹھ جانے کا سلسلہ عارضی طور پر ہی سہی رک جائے۔ ہمیں اپنے گناہوں اور خطاؤں کا بخوبی اندازہ ہے اور یہ احساس بھی ہے کہ ہماری دعائیں یوں آسانی سے قبول نہیں ہوتیں مگر کیا کریں بے بس اور لاچار انسان دعا کرنے کے سوائے اور کر بھی کیا سکتا ہے۔

بہر حال ہماری دعا کا انجام یہ ہوا ہے کہ عین **15** جولائی کو، جو اتفاق سے ہمارا جنم دن بھی ہے، ہمارے ایک اور دیرینہ کرم فرما پروفیسر سراج الدین دنیا سے رخصت ہو گئے۔ ہمیں اب ٹھیک سے یاد نہیں کہ پروفیسر سراج الدین کو ہم نے پہلے پہل کہاں دیکھا تھا۔ قیاس اغلب ہے کہ ہم نے انہیں 1952 یا 1953ء میں گلبرگہ انٹرمیڈیٹ کالج میں دیکھا تھا جہاں وہ مختصر عرصہ کے لے انگریزی پڑھانے کے لئے آئے تھے لیکن ان سے کبھی انگریزی نہیں پڑھی، نہ گلبرگہ انٹرمیڈیٹ کالج میں اور نہ ہی عثمانیہ یونیورسٹی میں۔ کلاسوں کا تعین کرنے والوں نے اس ہوشیاری سے نظام الاوقات کو مرتب کیا تھا کہ ہم جیسے نااہل اور نکمے طالب علم کو پروفیسر سراج الدین کے شاگردوں کے دائرے میں نہ آنے دیا بلکہ ہمیں انگریزی کے ایک اور استاد محسن صاحب کے حوالے کر دیا۔ محسن صاحب وضعدار اور رکھ رکھاؤ کے آدمی تھے۔ ان کے ایک پاؤں میں ہلکا سا لنگ تھا لہذا خود تو قدرے لنگڑا کر چلتے تھے لیکن ان کی انگریزی خوب چلتی تھی۔ اتنی تیز چلتی تھی کہ ایک مرحلے کے بعد ہم جیسے غبی طالب علم لڑکھڑا جاتے تھے۔ یوں بھی ہم اس زمانہ کے حساب سے اردو میڈیم کے نرے طالب علم تھے اور ہماری خواہش ہوتی تھی کہ

ے کاش محسن صاحب ہمیں اردو میڈیم سے ہی انگریزی پڑھائیں۔ اگر چہ بعد میں ہم نے حسب توفیق انگریزی میں اپنی استعداد ضرور بڑھائی لیکن آج بھی کہیں کہیں ہماری انگریزی میں جولنگ اور مذر لنگ دونوں نظر آجاتے ہیں تو اس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ طالب علمی کے زمانہ میں ہم اپنے انگریزی کے استاد کی تیز رفتار انگریزی کا ساتھ نہ دے سکے تھے۔ اس وقت ہمیں اس زمانہ کے گلبرگہ کالج کے اور بھی کئی نوجوان شفیق اساتذہ کی یاد آرہی ہے۔ جعفر نظام تھے۔ (جو بعد میں وائس چانسلر بنے) سماجیات کے استاد شیام لال تھے۔ (جو بعض طلبہ کو چوری چھپے کمیونزم کا درس دیا کرتے تھے)۔ ہمیں اس وقت خاص طور پر جناب عبدالمنان کی یاد آرہی ہے جو تھے تو فارسی کے استاد لیکن اردو پڑھانے پر مامور تھے۔ نوجوان تھے لیکن ان کی سنجیدگی، اور بردباری کے آگے بزرگ بھی جھک جاتے تھے۔ بڑے نفیس، شائستہ، کم گو، کم آمیز اور سلیقہ مند انسان تھے۔ اردو ادب اور خاص طور پر کلاسیکی ادب پر انکی گہری نظر تھی ایک بار انہوں نے کلاس روم میں اچانک اقبال کا مصرعہ پڑھا "اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے"۔ پھر طلبہ کو ہدایت دی کہ وہ فی الفور اس مصرعہ اور موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ کلاس ختم ہوئی تو انہوں نے سارے طلبہ کی تحریریں حاصل کرلیں۔ دو دن بعد کلاس روم میں آئے تو با آواز بلند ہمارا نام لے کر پکارا۔ ہم گھبرا کر کھڑے ہوگئے تو بولے "آپ پختہ کار ادیب معلوم ہوتے ہیں۔ آپ نے اسے فی البدیہہ کلاس روم میں بیٹھ کر نہ لکھا ہوتا تو مجھے یہ گمان ہوتا کہ شاید یہ کوئی مطبوعہ تحریر ہے۔ بہر حال میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں"۔ منان صاحب کی شائستگی کا یہ عالم ہوتا تھا کہ کسی مخاطب سے بات کرتے تو اس کی آنکھوں میں اپنی آنکھیں ڈالنے کی ہمت نہیں کرپاتے تھے بلکہ اپنی نظریں نیچی رکھتے تھے۔ ان کی اس عادت کا نتیجہ یہ نکلا کہ جتنی دیر وہ ہماری تعریف کرتے رہے ہم شرم کے مارے پسینے میں شرابور ہوتے رہے اور انہوں نے ہماری اس حالت کو دیکھا ہی نہیں۔ ہر دوسرے تیسرے دن وہ ہمارے لئے کوئی نہ کوئی کتاب لے کر آتے تھے۔ اردو کا بہترین ادب ان ہی کی رہنمائی میں پڑھا۔ زندگی بھر وہ شہرت اور نام نمود سے بے نیاز رہے۔ افسوس کہ عمر نے وفا نہ کی اور وہ ابھی برسر خدمت ہی تھے کہ دنیا سے چل بسے۔ خدا انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔

ہم گلبرگہ سے حیدرآباد آئے تو اس وقت تک پروفیسر سراج الدین بھی عثمانیہ یونیورسٹی کے آرٹس کالج میں آچکے تھے۔ یہاں کا ماحول ہی مختلف تھا اور بات ہی جداگانہ تھی۔ اساتذہ کی اکثریت نوجوانوں پر مشتمل تھی اور ان میں سے بیشتر یوروپ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے نئے

واپس آئے تھے۔ان میں سے بعض کا تو رنگ روغن بھی اچھی طرح اترا نہیں تھا۔طالب علموں اور ان کے اساتذہ کے درمیان عمروں کا فرق زیادہ نہ ہوتو اُن کے بیچ عموماً رقابت کے جذبات خود بخود پیدا ہو جاتے ہیں۔ پروفیسر علی محمد خسرو، پروفیسر سراج الدین اور اسی نوع کے وجیہہ وشکیل اساتذہ ان دنوں ہمیں ایک آنکھ نہ بھاتے تھے۔جیسا کہ ہم نے پہلے کہا ہے کہ ہم نے پروفیسر سراج الدین سے بھی انگریزی نہیں پڑھی البتہ یہ ایک حقیقت ہے کہ آرٹس کالج کی راہداریوں میں جب جب ان پر نظر پڑتی تھی تو انگریزی کی نہیں بلکہ انگریز کی یاد آجاتی تھی۔انگریز پانچ چھ سال پہلے ہی ہندوستان کو چھوڑ کر گیا تھا۔چال ڈھال، وضع قطع، عادات واطوار، رہن سہن اور پوشاک کے اعتبار سے سراج الدین بالکل انگریز لگتے تھے (سوائے رنگ کے)۔یوں لگتا تھا جیسے انگریز عجلت میں جاتے جاتے انہیں غلطی سے یہاں چھوڑ گیا ہے۔یہ ایک حقیقت ہے کہ ہم نے سراج الدین صاحب کو کبھی شیروانی میں نہیں دیکھا (شاید شادی کے وقت انہوں نے شیروانی ضرور پہنی ہو لیکن ہم اس وقت اس تقریب میں مدعو نہیں تھے) لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایسی گھنی اور بھرپور انگریزیت کے باجود ہم نے کبھی سماجی محفلوں میں انہیں انگریزی بولتے ہوئے نہیں سنا۔اردو میں بات کرتے تھے تو انگریزی کے استاد ہونے کے باوجود اردو میں انگریزی جملوں یا الفاظ کی ملاوٹ نہیں کرتے تھے۔(اگر کسی نے ان کی انگریزی کے استاد ہونے کے باوجود اردو میں انگریزی سنی ہو تو ہمیں بتادے) وہ انگریزی زبان کے ذریعہ کسی دوسرے زبان کی آبروریزی کے مرتکب ہونے کے قائل نہ تھے یوں ہم نے ان سے نہ تو کبھی انگریزی پڑھی اور نہ ہی انگریزی سنی البتہ ان سے سینکڑوں فارسی اشعار سنے جو انہیں زبانی یاد تھے۔سونے پر سہاگہ یہ کہ ان اشعار کو وہ اہل فارس کے خالص بلند ہانگ لب ولہجہ میں سناتے تھے۔یوں لگتا تھا جیسے ابھی ابھی نیشاپور، شیراز یا اصفہان سے آئے ہوں۔آپ حیرت کریں گے کہ ان کے انتقال کے بعد اخباری اطلاعات سے ہی ہمیں پتہ چلا کہ وہ 82 برس کے تھے ورنہ ان کی سرگرمیوں سے ہمیشہ یہ مغالطہ ہوتا تھا کہ وہ ابھی ساٹھ برس کے بھی نہیں ہوئے۔

ابھی ایک سال پہلے ہم نے انہیں نظام کلب کے سامنے ایک بس اسٹاپ پر دوڑ کر بس میں سوار ہوتے دیکھا تھا۔وہ بے حد چاق وچوبند پھرتیلے اور مستعد انسان تھے۔ہماری دور اندیشی کی داد دیجئے کہ نصف صدی سے بھی بہت پہلے انہیں آرٹس کالج کی راہداریوں میں محو خرام دیکھ کر کہا

تھا کہ یہ حضرت تو اپنی چال ڈھال اور وضع قطع سے بالکل دیوآنند لگتے ہیں اس وقت تو کسی نے ہماری بات پر دھیان نہیں دیا تھا لیکن جوں جوں وقت گذرتا گیا دیوآنند سے ان کی مشابہت عیاں ہوتی چلی گئی۔ یہاں تک کہ آخری زمانہ میں ان کے بعض مخصوص احباب خفیہ طور پر انہیں ''اردو اادب کا دیوآنند'' ہی کہنے لگے تھے۔ ابھی 2 جولائی کی بات ہے ادارہ ادبیات اردو میں شہریار کی سترویں سالگرہ کی تقریب منائی جارہی تھی جس کی صدارت پروفیسر سراج الدین کو کرنی تھی (یہی ان کی زندگی کی آخری محفل تھی) علی ظہیر نے صدارت کے لئے ان کا نام پکارا تو وہ اچھل کر ڈائس پر چلے گئے۔ بعد میں مغنی تبسم کا نام پکارا گیا تو انہیں ڈائس پر چڑھنے میں دشواری پیش آئی لہذا انہیں سہارا دے کا ڈائس پر چڑھایا گیا۔ بعد میں ہمیں بلایا گیا تو ہمارے ساتھ بھی یہ صورتحال پیش آئی اور ہمیں بھی سہارا دیا گیا۔ انہوں نے آہستہ سے کہا ''میاں! تم دونوں عمر میں مجھ سے چھوٹے ہو۔ پھر بھی ڈائس پر چڑھنے میں تمہیں دشواری پیش آتی ہے''۔ ہم نے کہا ''سراج بھائی! اگر ہمیں بھی تقریب کی صدارت کرنے کے لئے بلایا جاتا تو آپ دیکھتے کہ ہم کس طرح اچھل کر ڈائس پر آتے ہیں''۔ اس کے جواب میں آداب محفل کا لحاظ کرتے ہوئے وہ اپنے قہقہے کو اندر ہی اندر پی گئے۔ اسی کی دہائی کے بعد ہم سراج بھائی سے قریب ہوتے چلے گئے۔ جب بھی حیدرآباد آتے تو ان سے ضرور ملتے تھے۔ ان کی گہری علمیت، بات کرنے کی شائستگی اور ان کے باوقار رکھ رکھاؤ نے ہمیں ان کا گرویدہ بنالیا۔ ماہر اقبالیات کی حیثیت سے پورے برصغیر میں ان کی حیثیت مسلمہ تھی۔ اقبالیات پر ان کی کئی فکر انگیز تحریریں پڑھیں اور بصیرت افروز تقریریں سنیں۔ وہ حیدرآبادی روایات اور اقدار کے سچے علمبردار تھے۔ انکے جانے سے حیدرآباد اپنے ایک بہترین نمائندے سے اور ہم اپنے ایک سچے مشفق اور مہربان سے محروم ہو گئے۔ وہ ہمیں بے حد عزیز رکھتے تھے جس کا اظہار وہ نہ صرف ہماری موجودگی میں بلکہ ہمارے غیاب میں بھی کرتے تھے۔ مغنی تبسم بی نرسنگ راؤ، عبدالقدوس مرحوم، عزیز آرٹسٹ، قدیر زماں، علی ظہیر اور پروفیسر آئزک سکیویرا کی معیت میں ان کے ساتھ گذارے ہوئے لمحے ہمارے لئے سمندر کے بیچ روشن جزیروں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی محبت کی گرمی اور باتوں کی نرمی ہمیشہ یاد آتی رہے گی۔

☆☆☆

○

بانگِ درا کی نظموں کو اگر کسی نے نوجوانی میں پڑھا یا بچپن میں سنا ہو تو یہ اس کی خوش قسمتی ہے، کیوں کہ کسی شاعر کی جو تصویر ذہن میں بنتی ہے، اس میں بہت کچھ اس لمحے یا وقت کو دخل ہے جب کوئی پہلے پہل اس شاعر کو پڑھتا ہے۔ خود میں نے اقبال کی نظموں کو اپنی والدہ سے اس وقت سنا جب مجھے لکھنا پڑھنا نہیں آتا تھا۔ چنانچہ ان کی نرم آواز کا لحن ہمیشہ کے لیے ان نظموں سے اس طرح آمیز ہو گیا ہے کہ اقبال میری متاعِ طفلی کا ایک اہم حصہ بن گئے ہیں۔ غالباً اسی لیے جب کوئی اقبال کے لیے علامہ اقبال یا شاعرِ مشرق یا ترجمانِ حقیقت کے القاب استعمال کرتا ہے تو میرے اندر چھپا ہوا بچہ ان خطابات کو قبول نہیں کرتا اور اس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ کیوں ایک ایسے شاعر کے لیے جس نے ''پرندے کی فریاد'' اور ''بچے کی دعا'' لکھی ایسے ثقیل بول استعمال کیے جا رہے ہیں۔ اس کو وہ راتیں یاد آتی ہیں جب وہ پہروں چاند کو بادل سے گذرتے ہوئے دیکھا کرتا تھا اور اسے اقبال کا یہ شعر نصیب تھا:

تکتے رہنا ہائے وہ پہروں تلک سوئے قمر
وہ پھٹے بادل میں بے آوازِ پا اس کا سفر۔

(پروفیسر سید سراج الدین)

☆☆☆

شمس الرحمان فاروقی
نایب صدر نشین قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

سید سراج الدین کی یاد میں

سراج الدین صاحب سے میری پہلی ملاقات حیدرآباد میں جشن اقبال کے دوران ہوئی تھی۔ یا شاید اس سے پہلے حیدرآباد کے ایک جلسے میں جس کے بانی مغنی تبسم تھے اور جس میں مغنی تبسم کی فرمائش پر میں نے وضعیات (یعنی بعض لوگوں کی اصطلاح میں ساختیات' اور انگریزی میں (Structuralism) پر ایک طویل تقریر کی تھی۔ سراج الدین صاحب بطور صدر رونق افزائے محفل تھے۔ چونکہ میں وضعیات کا کچھ بہت زیادہ قائل نہ تھا' اس لئے میری تقریر میں وضعیات کے بارے میں تعریفی باتیں کم تھیں' تنقیدی زیادہ۔ سراج الدین صاحب چونکہ انگریزی کے آدمی تھے' اور انگریزی میں اس وقت وضعیات کا فیشن سا چل رہا تھا' اس لئے مجھے توقع تھی کہ سراج الدین صاحب کی صدارتی تقریر بیشتر میرے خلاف جائے گی۔ لیکن مجھے تعجب ہوا کہ سراج الدین صاحب نے میری باتوں سے اتفاق کیا۔ اور اتفاق ہی نہیں کیا' انھوں نے اپنی ایک انگریزی نظم سنائی جس میں وضعیات کا خاکہ اڑایا گیا تھا۔ سب لوگ محظوظ ہوئے، میں بھی لطف اندوز ہوا۔ لیکن مجھے سراج الدین صاحب کی یہ بات بطور خاص دلچسپ اور قابل قدر معلوم ہوئی کہ وہ فیشن کی ہوا میں بہنے والوں میں نہ تھے بلکہ وہ اپنے مطالعے اور اپنی صوابدید کی روشنی میں اپنے فیصلے کرتے تھے۔ یہ بات مجھے اس لئے بھی اہم معلوم ہوی کہ اردو میں وضعیات (ساختیات) مابعد وضعیات' اور مابعد جدیدیت کی ہوائیں انگریزی کے شعبوں سے آئی تھیں (اگرچہ انگریزی سے اردو تک آتے آتے وہ اپنی اصل قوت (وہ جیسی بھی اور جتنی بھی تھی) کھو چکی تھیں اور بعض اردو حلقے پھر بھی ان ہواؤں کو اردو ادب کی کھیتی کے لئے مانسونی ہواؤں کی طرح نفع بخش سمجھ رہے تھے۔ ایسے حالات میں سراج لدین صاحب کی رائے بہت نتیجہ خیز ہو سکتی تھی۔

سید سراج الدین کو میں نے ان محفلوں میں کم آمیز مگر خوش مزاج اور نرم خو پایا۔ ان کی

علمیت کا شہرہ مجھ تک پہنچ چکا تھا' لیکن مجھے اس کے بارے میں براہ راست کچھ معلوم نہ تھا۔ جب ان سے رسم وراہ بڑھی تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ صحیح معنی میں عالم آدمی ہیں۔ انگریزی کے تو وہ مشاق اور تجربہ کار پروفیسر ہی تھے' فارسی اور اردو میں بھی ان کی دستگاہ عالمانہ تھی۔ اقبال اور غالب سے انھیں خاص شغف تھا۔ فرانسیسی اور اطالوی بھی وہ خوب جانتے تھے۔ پہلی ملاقات کے ایک عرصہ بعد سید سراج الدین نے مجھے ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ کی مشہور نظم The Waste Land کا ترجمہ بھیجا کہ میں اسے ''شب خون'' میں شائع کرنے کے بارے میں غور کروں۔ انھوں نے ایک آدھ باتوں پر مجھ سے مختصر مشورت بھی کی لیکن ترجمہ اس قدر سڈول اور برجستہ تھا' اور اس پر ان کے مختصر حواشی اس قدر معلوماتی تھے کہ داد دیئے ہی بنتی تھی۔ میں نے اسے ''شب خون'' میں شائع کیا اور پھر اسے ''شب خون'' کے آخری شمارے میں شامل کیا' یعنی اس شمارے میں جو ''شب خون'' میں شائع شدہ گزشتہ چالیس سال کی تخلیقات کے انتخاب پر مشتمل تھا۔ اگرچہ بہت پہلے ''شب خون'' میں The Waste Land کا ایک ترجمہ اور بھی شائع ہوا تھا' لیکن مجھے سراج الدین صاحب کا ترجمہ اس سے بہتر معلوم ہوا۔ اور میرا خیال ہے ''شب خون'' کے سب پڑھنے والوں نے اسے بہت پسند کیا۔

سراج الدین صاحب نہ صرف یہ کہ اپنے علم کی نمائش نہیں کرتے تھے' بلکہ وہ صحیح معنی میں منکسر المزاج تھے۔ اور اس سے بڑی بات یہ کہ دوستوں کا لحاظ' اور دوستوں کی خوبیوں کا احترام بھی ان کے مزاج کا حصہ تھا۔ لہذا وہ دوستوں کی تحریروں کے شائق رہتے اور انھیں کھل کر داد دیتے تھے اور اپنے بارے میں کسی سے کوئی توقع نہ رکھتے تھے۔ یہ وسیع النظری اور پاس مروت اب ہمارے لکھنے والوں میں تقریباً نایاب ہے۔ ایسا نہیں کہ ان کی قدر نہیں ہوئی' یا توقع سے کم ہوئی۔ لیکن ان کی کسی بات سے یہ تاثر نہ پیدا ہوتا تھا کہ وہ کچھ زیادہ کے متوقع تھے۔ یا جیسا کہ آج کل اکثر لوگوں کا شیوہ ہے' انھیں معاصرین سے ناقدردانی کی شکایت کبھی نہ ہوئی۔ ان میں ایک طرح کی درویشی اور بے نیازی تھی۔ اسی کے ساتھ ساتھ سیر چشمی اور فیاضی بھی ان کے مزاج میں بہت تھی۔ ''شب خون'' کی محفلوں میں وہ بہت دیر میں شریک ہوئے' لیکن انھوں نے اکثر کہا' اور لکھا بھی' کہ ''شب خون'' میں اشاعت کے باعث ان کے پڑھنے والوں کی تعداد میں بہت اضافہ ہوا ہے، خصوصاً شمالی ہند اور بیرون ملک میں زیادہ تر لوگ انھیں ''شب خون'' کے

حوالے سے جانتے تھے، یہ ان کا کہنا تھا، اور میں ان سے ہمیشہ یہ کہتا تھا کہ آپ کی تحریروں کے باعث علمی حلقوں میں ''شب خون'' کی قدر بڑھی ہے۔

مدت ہوئی قومی کونسل برائے فروغ اردو نے پروفیسر کلیم الدین احمد مرحوم کی مرتب کردہ فرہنگ اصطلاحات ادبی شائع کی تھی۔ اس کے نئے ایڈیشن کی بات اٹھی تو میں نے خیال کیا کہ سید سراج الدین سے درخواست کی جائے کہ وہ اسے نئے سرے سے مرتب کردیں۔ سراج الدین صاحب کی منکسر المزاجی اور ہر کام کو پوری محنت اور دیانت کے ساتھ انجام دینے کی سرشت نے انھیں میری درخواست کو قبول کرنے سے باز رکھا۔ جب میں نے ان سے مکرر اور بزور درخواست کی تو وہ راضی ہوئے لیکن اس شرط پر کہ رحمت یوسف زئی (جنھوں نے ضنائع و بدائع پر اچھا کام کیا ہے) ان کے معاون مقرر کئے جائیں اور سارے کام کی توثیق کے لئے ایک کمیٹی بھی ہو۔ میں جب گزشتہ بار حیدرآباد گیا تو انھوں نے میرے اور رحمت یوسف زئی کے ساتھ بیٹھ کر کام کی ہر ہر جز کی تفصیل پر گفتگو کی تاکہ کہیں کوئی کمی یا غلط فہمی نہ رہ جائے۔ افسوس کہ کام شروع ہونے کے پہلے ہی انھیں مالک حقیقی نے بلالیا۔ اب مجھے دور و نزدیک ایسا کوئی نظر نہیں آتا جو اس کام کو بخوبی انجام دے سکے۔

سید سراج الدین دھان پان اور نازک مزاج سے شخص تھے، لیکن وہ اتنے ہی خوش مزاج اور دوست دار بھی تھے۔ میں خط لکھنے میں نہایت کاہل ہوں لیکن وہ مجھے پابندی سے خط لکھتے اور میری طرف سے جواب میں تاخیر ہوتی تو وہ مطلق شکایت نہ کرتے۔ کچھ دن پہلے جب وہ امریکہ گئے تو انھوں نے مجھے دو لمبے لمبے خط لکھے جن میں امریکہ کی تہذیب اور سیاست پر بھی دلچسپ باتیں تھیں۔ ایک خط کا کچھ حصہ میں نے ''شب خون'' میں شائع بھی کیا تھا۔ وہ ہر خط میں لکھتے کہ یہ سرسری باتیں ہیں، اشاعت کے لئے نہیں ہیں۔ لیکن مجھے ان کے مراسلوں میں ہمیشہ بہت کارآمد باتیں ملتیں اور میں ''شب خون'' کے پڑھنے والوں کو ان میں شریک کر کے خوش ہوتا تھا۔

پچھلی ملاقات میں سراج الدین صاحب ہمیشہ کی طرح خوش مزاج اور نستعلیق اور دوست دار نظر آئے تھے۔ ان کی عمر بہت ہو چکی تھی لیکن وہ اپنی کسی بات سے کسی کو احساس نہ ہونے دیتے تھے کہ ان کی عمر ہستی سے بھی متجاوز ہے۔ ابھی تو ان کے بال بھی پورے سفید نہ ہوئے تھے۔ کہیں سے لگتا ہی نہ تھا کہ ان کا وقت آگیا ہے۔

سید سراج الدین جیسے عالی دماغ، ذی علم، اور کئی زبانوں اور ادبی روایتوں پر پوری طرح حاوی، اور اردو فارسی زبان وادب کے شیدا، اب بھلا کیا پیدا ہوں گے۔ اب تو اردو کے اکثر ادیب اچھی طرح اردو بھی نہیں جانتے۔ میں سید سراج الدین مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کے لئے بارگاہ حق میں دعا گو ہوں۔

تنہا نہیں ماتم میں ترے شام سیہ پوش

رہتا ہے سدا چاک گریبانِ سحر بھی

الہ آباد، ۲۴ اکتوبر ۲۰۰۶ شمس الرحمٰن فاروقی

☆☆☆☆☆

ڈاکٹر رحیم الدین کمال

پروفیسر سراج الدین
شخصیت کے چند پہلو

سراج میرا عزیز دوست تھا۔ ہماری دوستی کم وبیش تین چوتھائی صدی پر محیط تھی۔ اس طویل عرصہ پر محیط دوستی کا احوال دراصل حیدرآباد کی تہذیبی تاریخ دہرانے کے مترادف ہے۔ اس کے لیے نہ تو وقت ہے اور نہ ہی کسی ادبی رسالے میں یہ گنجائش نکل سکتی ہے۔ میں مختصراً، چند واقعات پر اکتفا کروں گا۔ ایسے واقعات جن سے اس کی شخصیت، انداز فکر، زندگی کے رویے پر روشنی پڑتی ہو۔

سراج ایک خوش حال گھرانے میں پیدا ہوا تھا۔ اس کے نانا وحید جنگ تعلقدار تھے۔ اس کے والد گلبرگہ کالج کے پرنسپل تھے۔ اس کے ماموں پروفیسر صلاح الدین جامعہ عثمانیہ کے ممتاز اساتذہ میں شامل تھے۔ اس کے دوسرے ماموں جلال الدین اشک کسی اچھے عہدہ پر فائز تھے۔ شعر و ادب سے دلچسپی کی وجہ سے خاصے مشہور تھے۔ تیسرے ماموں بھی تعلیمی شعبے سے وابستہ تھے۔

سراج کا خاندان اپنے نانا کے گھر رہتا تھا۔ انہوں نے غالباً ایک بڑا باغ لے کر آصف نگر میں گھر بنایا تھا۔ آصف نگر اس زمانے میں شہر کے مضافات میں تھا۔ اس باغ میں آم کے تناور درخت اور ایک بڑی باولی تھی۔ سراج کا زیادہ وقت اپنے بھائی ریاض کے ساتھ جھاڑ بندر کھیلنے میں گزرتا تھا۔

پروفیسر صلاح الدین کو اچھی کتابیں خریدنے پڑھنے اور ایک اچھی لائبریری بنانے کا شوق تھا۔ مجھے یقین ہے کہ اس ماحول نے سراج کے ادبی ذوق کو جلا دی تھی۔

سراج نامپلی ہائی اسکول میں پڑھتا تھا اور میں دارالعلوم میں۔ ہم کھیل کے میدانوں میں، علمی و ادبی محفلوں میں، تقریری مقابلوں میں اور بیت بازی کی نشستوں میں ملتے تھے یا تو خود

حصہ لیتے تھے یا اپنے ساتھیوں کی حمایت کرتے۔ میں نے مسلسل تین سال تک اُردو اور انگریزی کے تقریری مقابلوں کے لیے علی اکبر رولنگ کپ جیتا تھا اور اس طرح رولنگ کپ اسکول کی ملکیت بن گیا تھا۔ سراج بیت بازی کا مردِ میدان تھا۔

ہم دونوں آرٹس کالج میں ایک ساتھ داخل ہوئے۔ اس نے تاریخ کا خصوص مضمون اپنایا اور میں نے معاشیات اپنے لئے چنا۔ لیکن انگریزی کی جماعتیں ایک ساتھ ہوتی تھیں، ہم ان جماعتوں میں ملتے تھے بلکہ ہمیشہ کوشش یہ ہوتی تھی کہ ایک ساتھ بیٹھیں ۔ سنا ہے کہ سراج کا ان کے ایک اور ساتھی عبدالباری صاحب (انھوں نے اورنگ آباد سے پروفیسری سے وظیفہ لیا تھا) کے ساتھ کانٹے کا مقابلہ رہتا تھا۔ ویسے سراج کوئی مقابلہ باز انسان نہیں تھے۔ غالباً نتائج کی وجہ سے ان کے بارے میں یہ بات مشہور ہوگئی تھی۔ میرے ساتھ سراج کی دوستی کا ڈھنگ الگ تھا جب بھی مل بیٹھتے یا تو کسی مسئلہ پر گفتگو ہوتی یا پھر جو مصرعہ ذہن میں گردش کر رہا ہو اس زمین میں غزل یا نظم تیار ہو جاتی ۔ میں نے مصرعہ کہا اس نے اس پر گرہ لگائی۔ اس نے کوئی شعر پورا کیا میں نے دوسرا شعر جوڑ دیا غرض اس طرح غزل یا نظم مکمل ہو جاتی تھی۔ اس طرح ہماری دوستی کا سلسلہ چلتا رہا۔ کبھی کبھار ایسا ہوتا کہ مشاعرہ منعقد کرتے تو ایسے دوستوں کے لیے جو شاعر نہیں تھے غزلیں لکھ دیتے تا کہ مشاعرہ کامیاب ہو اور اس کی رونق اور لطف میں اضافہ ہو، افسوس کہ یہ سرمایہ ہم نے کبھی محفوظ رکھنے کی کوشش نہیں کی۔

سراج مزاجاً کوئی جارح aggressive انسان نہیں تھے۔ وہ متین اور خاموش انسان تھے۔ بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ مسابقت کی مہمیز سے وہ بہت کم اکسائے جاسکتے تھے۔ وہ ایک بے نیاز انسان تھے۔ چنانچہ یونیورسٹی کے چار سالوں میں نہ تو وہ اردو انگریزی مجلوں کی ایڈیٹری کے مقابلوں میں شریک ہوئے اور نہ ہی کسی انجمن کا کوئی عہدہ لیا۔ البتہ وہ اچھے دوستوں کے شیدائی تھے۔ ان کے دوستوں کے بھی کئی حلقے تھے۔ کچھ دوست ایسے تھے جن سے ادبی اور علمی دلچسپی کی وجہ سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری تھا۔ کچھ دوست ایسے بھی تھے جو سیر و تفریح میں ان کا ساتھ دیتے تھے۔ عمر بھر ان کا یہ رویہ قائم رہا۔ ان کے کچھ دوست ایسے تھے جن سے پکنک اور سیر و تفریح کی بناء پر دوستی قائم تھی یہ گروہ سیر و تفریح کا اہتمام اس طرح سے کرتا تھا کہ دور دور کی تفریح گاہیں بھی ان کی زد سے بچ نہیں سکتیں۔

سراج فقرہ کسنے اور پھبتی اڑانے میں بازی لے جاتے تھے۔ بات میں بات پیدا کرنے کا ان کو ڈھنگ آتا تھا۔ ان کے چہرے پر مسکراہٹ ہمیشہ کھیلتی رہتی تھی۔

بی اے کے بعد سراج نے انگریزی کے ایم اے میں داخلہ لیا اور میں نے معاشیات کے ایم اے میں۔ لیکن مجھے سول سروس کی مسابقت کی طرف ڈھکیلا گیا۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ ملازم ہوئے، شادی کی، چند روز اضلاع کے چکر لگائے اور دوسرے سال صاحبزادہ کی تشریف آوری کے بعد اس معصوم کو ان کی نانی کے حوالے کر کے یورپ چلے گئے اور اس طرح کئی سال تک دیار غیر میں رہے اور سراج سے ملنے ملانے کی کوئی صورت باقی نہیں رہی۔

ایک عرصہ کے بعد جب ہم دونوں (اہلیہ اور میں) مستقلاً حیدرآباد واپس ہوئے اور ایک اکیڈیمی کی بنیاد رکھی تو پھر سراج کے علاوہ دوسرے دوستوں سے بھی ربط قائم ہوا۔ اس اکیڈیمی کی فکری اساس یہ تھی کہ جامعات میں علم کے اتنے خصوصی شعبے قائم ہو گئے ہیں کہ علم ان شعبوں میں بٹ سا گیا ہے۔ اس طرح علم کا کلی تصور غائب ہو گیا ہے۔ اس لیے اس اکیڈیمی کے ذریعہ مختلف علوم کے ماہرین، مختلف پیشوں کے سربرآوردہ افراد اور نوجوانوں کو جنہوں نے تعلیم ختم کر کے زندگی کے کسی نہ کسی شعبے سے وابستہ ہونے کے لیے تیاری کر لی تھی۔ ایک جا جمع کیا جائے تا کہ اس طرح ربط و ضبط اور بحث و مباحثے سے علم کا کلی تصور اجاگر ہو اور مختلف پراجکٹس کا آغاز کیا جائے تا کہ علم و عمل کی خلیج پاٹ دی جا سکے۔ اس اکیڈیمی کا اتنا ذکر اس لئے ضروری تھا کہ سراج اس اکیڈیمی کے ایک ممتاز رکن تھے۔ ان کے علاوہ پروفیسر نعیم الدین صدیقی، پروفیسر تقی علی مرزا، پرفیسر علی محمد خسرو، حامد علی عباسی، فضل الحق صاحب وغیرہ نے اس اکیڈیمی میں سرگرمی سے حصہ لیا۔ اس کے جلسے میرے گھر پر ہوتے تھے۔ سراج نے اکیڈیمی میں بھی سیر و تفریح کی روایت شروع کی تھی۔ ہم نے اس میں پروجکٹ کا اضافہ کیا تھا۔ بقول کسے ایک کام دو کاج ہوں۔

جب ہم تیسری مرتبہ یورپ جانے لگے تو اس اکیڈیمی کی ذمہ داری پروفیسر علی محمد خسرو کے سپرد ہوئی۔ وہ اس کے کنوینر بنے۔ جب ان کو دلی جانا پڑا تو پھر اس اکیڈیمی کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ جب ہم پولیس ایکشن کے بعد واپس ہوئے تو حیدرآباد کی بساط ہی الٹ چکی تھی۔

سراج ایک اچھے اور مخلص استاد کی حیثیت سے مشہور تھے۔ ان کا ہر شاگرد مداح تھا۔ ان کے پڑھانے کا ڈھنگ کچھ ایسا تھا کہ ہر ایک نے اعتراف کیا کہ سراج جیسا اُستاد ملنا مشکل ہے۔

بدقسمتی سے عثمانیہ یونیورسٹی میں بھی پولیس ایکشن کے بعد بیشمار تبدیلیاں آئیں۔ان کو پروفیسری ملنی چاہئے تھی لیکن نہ ملی۔اعتراض یہ تھا کہ انہوں نے پی ایچ ڈی کی ڈگری نہیں لی تھی۔نعیم الدین صدیقی آکسفورڈ کے ٹرائی پاس تھے اور یہ ڈگری ہندوستان تو ہندوستان خود انگلستان میں قابل قدر سمجھی جاتی تھی۔اس کے باوجود ان کو بھی پروفیسری نہیں ملی۔دوسری ناانصافی یہ ہوئی کہ سراج کو آرٹس کالج سے نکال کر غالباً ایوننگ کالج میں بھیج دیا گیا۔اس سے ان کو ایک فائدہ یہ ہوا کہ پختہ ذہن اور عمر کے شاگرد ملے اور انہوں نے دل کھول کر اور محنت سے پڑھایا اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ نہ صرف اپنے شاگردوں میں مقبول ہوئے بلکہ خود ان طالب علموں نے ان سے بے حد فائدہ اٹھایا اور اپنی ترقی کی راہیں نکالیں۔

میں اس زمانے میں کوئی دس بارہ سال تک حیدرآباد میں مختلف عہدوں پر متعین رہا اور سراج رفتہ رفتہ پوسٹ گریجویٹ ایوننگ کالج کے پرنسپلی پر فائز ہوئے۔وہ ہر روز میرے ہاں دفتر آجاتے۔چائے پیتے، گپ شپ رہتی اور دفتر سے اٹھ کے ان کو ان کے کالج چھوڑتا ہوا میں گھر لوٹتا۔اس زمانے کی خوش گوار صحبتوں کا ذکر بجائے خود الگ موضوع ہے۔

ایک روز مجھے خیال ہوا سراج انتظامیہ کے آدمی تو نہیں پرنسپلی وہ بھی اتنے بڑے کالج کی کس ڈھنگ سے چلاتے ہیں، دیکھ لوں۔ایک شام میں ان کے ہاں پہنچ گیا۔حسب عادت ان کی باچھیں کھل گئیں۔ میں ان کی میز کے ساتھ بیٹھ گیا۔کالج ابھی شروع ہوا تھا۔ ہر شخص آتا مسکرا کر سراج اس کی طرف دیکھتے کسی سے مصافحہ کرتے کسی سے کچھ کہتے۔غرض ہر کسی سے مسکرا کر گفتگو کرتے گویا ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ ان کا کالج ان کی مسکراہٹ کے بل بوتے پر بہ حسن و خوبی چل رہا ہے۔سراج کی زندگی میں حسن معاملت ہمیشہ رہی۔

جب تک وہ یونیورسٹی میں پڑھاتے رہے انہوں نے ایک اچھے اور مخلص استاد کی حیثیت سے نام پیدا کیا اگر کچھ لکھا بھی تو بہت کم اور جو کچھ لکھا اس میں انہوں نے بہت کم شائع کیا لیکن انہوں نے جو قابل طالب علم تیار کئے اس کا اندازہ لگایا جا سکتا اس کے اعداد و شمار مہیا نہیں کئے جا سکتے۔

ملازمت ہی کے زمانہ میں انہوں نے پروفیسر صلاح الدین کے بعد اسلامک کلچر رسالے کی ایڈیٹری کے فرائض بھی بحسن خوبی انجام دیئے، یہ عالمی شہرت کا رسالہ تھا اس کے لکھنے والوں

میں عالمی شہرت کے محققین شامل رہے ہیں۔ میں بھی ایڈیٹوریل بورڈ کا رکن تھا۔ اور کئی سال کے اس تعلق سے میں نے کئی کتابوں پر سیر حاصل تبصرے لکھے اور مضامین شائع کئے اس طرح مجھے قریب سے سراج کے کام کے طریقہ کا اندازہ ہوا انہوں نے بڑی محنت اور بڑی مشقت سے اس کے معیار کو قائم رکھا۔ اڈیٹنگ کے جان لیوا کام کو ہنسی خوشی انجام دیا ان کا یہ کام بہت ہی قدر کے لائق ہے۔ لیکن افسوس کے یہ سلسلہ جاری نہ رہ سکا۔

سراج کے ملازمت کے زمانہ ہی میں ہاشم علی اختر عثمانیہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر بن کر آئے، ان کا میرے نزدیک سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے سراج جیسے بے شمار قابل اساتذہ کو جو پروفیسری کے نہ ملنے کی وجہ سے دل برداشتہ ہو گئے تھے (نعیم الدین صدیقی کی طرح ''پائے مرا لنگ نیست، ملکِ خدا تنگ نیست'' کا نعرہ لگا کر دوسرے دیسوں میں ترقی کی منزلیں طے کر رہے تھے) پروفیسری دیکر ان میں ایک نئی جان ڈالدی اس طرح سراج اورتقی بھی پروفیسر بن گئے اور ان کی دیرینہ حق تلفی کی تلافی ہوئی۔

ایک سال قلی قطب شاہ کی تقاریب میں سراج کو تقریر کرنی تھی اس کی بیوی قانتہ نے اپنے ساتھ اس کو شہ نشین سے قریب بٹھالیا تھا خاندان کے دوسرے لوگ بھی ساتھ تھے جلسے کے دوران اس کے چند دوست ملے، ان سے باتیں کرتے کرتے ایک طرف کو نکل گیا جب اس کا نام پکارا گیا تو وہ نہیں آیا۔ دوسری مرتبہ آواز دی تو بھی سراج صاحب غائب۔ مجبوراً اب دوسرے مقرر کی تقریر شروع کر دی گئی۔ مجھے حیرت تھی کہ کچھ دیر پہلے قریب ہی بیٹھا ہوا تھا کہاں غائب ہوا، سراج سے ملا تو پوچھا آخر تم غائب کہاں ہو گئے تھے۔ اس نے کہا ایک دوست مل گئے تھے ان سے باتیں کرتے ہوئے ایک طرف جلسہ گاہ کے ایک گوشے میں بیٹھ گیا، پہلی آواز میں نے سنی نہیں دوسری آواز میں اٹھ کر آرہا تھا کہ دوسرے مقرر نے تقریر شروع کر دی تھی اس لئے میں وہیں بیٹھ گیا قانتہ اس پر برس پڑیں۔ میں نے موقع کی نزاکت دیکھ کر کہا قانتہ یہ تمہارا قصور ہے اس کی تم نے اچھی نظر بندی نہیں کی تھی۔ وہ بچ کر تمہارے ہاتھ سے نکل گیا پھر بھلا وہ تمہارے کہاں ہاتھ آتا اس واقعہ سے سراج کی طبعی بے نیازی کا اظہار ہوتا ہے۔

سراج کا اصل کام اس کے وظیفہ لینے کے بعد شروع ہوا اس کا یہ مطلب نہیں کہ ایک اچھے وردیانت دار استاد کی طرح جو طالب علموں کو پڑھایا وہ قابل توقیر نہیں ہے اس کا یہ مطلب بھی

نہیں کہ انہوں نے اسلامک کلچر کو جس ڈھنگ سے چلایا وہ لائق توصیف نہیں۔ یہ سب اس کے قابل قدر کارنامے ہیں لیکن اس نے بہت کم لکھا اور اس سے بھی کم چھپایا۔ اس عرصہ میں اس کو کشمیر جانے کا موقع ملا وہاں اس نے آل احمد سرور صاحب کی سربراہی میں جو کام کیا تھا وہ اقبال پر اس کی کتاب میں شامل ہو گیا ہے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اس نے وظیفے کے بعد جو کچھ لکھا وہ یقیناً اس کے پہلے لکھے ہوئے سرمایہ سے زیادہ وقیع ہے۔

سراج سے میں اکثر ناراض ہوا کرتا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ میری نظر میں وہ کاہل واقع ہوا تھا۔ اس کی قابلیت کا ثبوت اسکی تحریر کردہ مضامین اور کتابوں کے حجم میں ظاہر نہیں ہوتا۔ میں دل میں اس کی کاہلی پر رشک بھی کرتا تھا۔ بیکاری سے جس طرح وہ نباہ کرتا اور لطف لیتا اس کا میں دل سے معترف تھا، لیکن مجھے یہ خیال ستاتا تھا کہ وہ لکھتا کم تھا وہ گھنٹوں خاموش بیٹھ کے دنیا و مافیہا کی سیر کرتا تھا، لیکن اس کے تاثرات صفحہ قرطاس پر نہیں آتے تھے۔ جب وظیفہ لے چکا تو حالات بدل گئے ایک دن ہم دونوں بیٹھ کر گپ شپ کر رہے تھے جانے کیا بات ہوئی اس نے خود چھیڑا۔ کمال بتاؤ، وظیفہ ہو گیا ہے کچھ کام کیا جائے۔ میں نے کہا اگر تم میری بات سننا چاہتے ہو تو میں صاف صاف کہہ دیتا ہوں تم کو یہ اب اچھا موقع ملا ہے کوئی موضوع چن لو اور اس پر کام کرو اور لکھو ورنہ یہ جو وقت ملا ہے وہ بھی ضائع ہو جائے گا، چند منتخب اداروں میں شریک رہو اور کام کا ایک موضوع نکال لو، سب سے پہلے تو جو کچھ اب تک لکھا ہے اس کو شائع کر دو، خاص طور پر تم نے جو کچھ اقبال پر لکھا ہے وہ اس قابل ہے کہ چھاپا جائے چنانچہ اس نے اس مشورے پر عمل کیا جب کتاب چھپ کر آئی تو پھر ملاقات ہوئی اس کی رونمائی کی تجویز پیش کی اس نے مجھ سے خواہش کی کہ میں اس جلسہ میں تقریر کروں، میں نے کہا میں ایک شرط پر وعدہ کرتا ہوں تم رونمائی کا جلسہ کرو خود اس کے لئے تگ و دو کرو لوگوں کو بلاؤ، دوستوں کو خود رقعے دو۔ یاد دہانی کرو۔ غرض اس نے محنت کی اور ایک بہت اچھا جلسہ اردو ہال میں ہوا۔ میں نے اس کتاب کے حسن و خوبی کے علاوہ اس کتاب کے اسلوب تحریر پر تقریر کی اور جلسہ کامیاب رہا اس کے بعد اس میں اقبال کے جاوید نامے کا فری ورس آزاد ترجمہ کیا۔ اس عرصہ میں وہ جن اداروں سے وابستہ تھا اس کی مصروفیتوں کے علاوہ وہ دوسرے اداروں میں تقریریں شروع کیں صدارت کے فرائض انجام دینے لگا۔ استاد کی حیثیت سے پڑھائے میں اس کو بولنے کا ڈھنگ آ گیا تھا۔ اب اس کو اور جلا ملی۔ اور خاصی اثر آفریں

تقریریں کرنے لگا تھا افسوس کہ اس کا یہ فروغ شمع سحری ثابت ہوا۔ کاش اور چند دن زندہ رہ جاتا۔ ایک اچھا دوست اور ساتھی ختم ہو گیا۔

سراج میرے ساتھ کبھی کبھار دوروں پر بھی چلتا تھا اس کے انتقال کے چند روز پہلے میں نے اس سے کہا کہ چلو ایک کام سے معین آباد چیرولا وغیرہ جانا ہے تمہارا ساتھ رہے گا۔ گپ شپ رہے گی۔ سفر دلچسپ بن جائے گا۔ گرمی کا زمانہ تھا کارایر کنڈیشن تھی لیکن گرمی بھی غضب کی تھی۔ دوپہر کے کھانے کے لئے کسی پر فضا مقام کی تلاش پر ایک چھوٹی سی امرائی ملی اس میں ایک خوبصورت بنگلہ بھی تھا۔ ہم وہاں کھانے اور ستانے کیلئے ٹھہر گئے، ملازم نے سب انتظام کر دیے حیدر آباد کے انتظامیہ کے عہدے داروں کی روایت قدیم سے چلی آتی ہے دوروں پر جتنے ماتحتین ساتھ ہوتے ان سب کو کھانے میں شریک کر لیتے تھے، اسی مناسبت سے سامان لیجانے کی سہولتیں بھی فراہم کر لی جاتی تھیں۔ اسی زمانے کی چند چیزیں ابھی میرے ہاں باقی رہ گئی ہیں اور جب میں باہر جاتا ہوں تو ان کو ساتھ لیجاتا ہوں غرض ملازم نے ایک طرف دستر خوان چن دیا دوسرے طرف ہوادار جگہ پر فرش کر کے گاؤ تکیہ ستانے کیلئے لگا دیئے جب ہم وہاں پہنچے تو سراج نے یہ انتظام دیکھ کر یہ شعر پڑھا:

منعم بہ دشت وکوہ و بیاباں غریب نیست
ہر جا کہ رفت خیمہ زد وبارگاہ ساخت۔

ذہن نے یاوری کی میں نے اس شعر کو معمولی سی ترمیم کیساتھ یوں پڑھا:

صوفی بہ بدشت وکوہ وبیاباں غریب نیست
ہرجا کہ رفت نعرہ زد و بارگاہِ یافت

سراج اس ترمیم پر بھڑک گیا۔ بڑی دیر تک اس کا لطف لیتا رہا اور بار بار کہتا رہا یہ تمہارے حسب حال ہے اور یہ تمہارا ہی حق ہے۔ وہاں سے ہم سراج کی خواہش پر چیوڑلے میں اس مقام پر گئے جہاں پہاڑ پر ڈاک بنگلہ بنا ہوا ہے۔ جب ہم وہاں پہنچے تو کیا دیکھتے ہیں کہ حدِ نظر تک ایک خوبصورت منظر لہلہا رہا ہے۔ دھوپ میں منظر کی لہریں بھی کیف پیدا کرتی ہیں۔ منظر کا لطف لیے میں گم تھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ سراج وارفتہ اس منظر کی طرف بڑھے جا رہا ہے گویا وہ اس سارے منظر کو اپنی آغوش میں سمیٹ لینا چاہتا ہے۔ یہ پہاڑی میں نشیب و فراز زیادہ تھے۔ مجھے

ڈر ہوا کہ کہیں سراج پھسل نہ جائے۔ بڑی مشکل سے اس کو روکنا پڑا۔ وہ بڑی دیر تک اس منظر کی سرمستی میں گم رہا۔ دوروں میں بھی اس کا یہی حال ہوتا تھا۔ جہاں بھی سرسبز و شاداب لہلہاتے کھیت دیکھتا، کہتا کمال ٹھہر جاؤ ذرا اس کا لطف تو لیں۔ پھر وہ ادھر ادھر کی چوٹیوں پر چڑھ جاتا ایک بچے کی طرح اس خوش گوار ماحول سے کھیلنے لگتا۔

مہدی پٹنم میں ایک بڑا علاقہ فوج کے قبضے میں ہے۔ ہمارے لڑکپن میں ان راستوں سے گزرنے کی اجازت تھی۔ اسی زمانے میں اس علاقے میں سڑکوں کے اطراف درختوں کے پودے لگائے گئے تھے۔ عیدین میں فوج والے اب اس میدان میں نماز پڑھنے اور ان راستوں سے گزرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ ہم نے نماز کے بعد سوچا اس سڑک سے گزریں جن پر ہم اپنے لڑکپن میں اکثر گزرتے تھے۔ اب وہاں پودوں کی جگہ تناور درخت کھڑے ہیں۔ میں نے کہا دیکھا سراج یہ درخت کتنے تناور اور سیدھے آسمان کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ میں نے اپنی مثنوی کا یہ شعر سنایا۔

فارغ از پیچ و خمش اندر سفر
گر نگہ بر آسماں روید شجر

سراج کا نہ پوچھو کیا حال ہوگیا۔ وہ درختوں کو چاروں طرف سے پھر کر دیر تک دیکھتا رہا۔ شعر کی تعریف کی۔ تم نے کیا بات پیدا کی ہے۔ شعر کو دہراتا رہا اور درختوں کی طرف دیکھ کر مستانہ وار جھومتا رہا۔ کہنے لگا کیا اچھا ہوا ہم ادھر کی طرف نکل آئے ورنہ یہ درخت ہماری نظروں سے اوجھل ہی رہتے۔

سراج فطرت کے حسن کا شیدائی تھا۔ اچھے اور بلند خیال پر وارفتہ ہو جاتا تھا۔ وارفتگی کے عالم میں اس کا حال ایک بچہ کا سا ہوتا تھا۔ میری صحبت میں وہ خوب کھلتا تھا۔ لیکن جب میں اس کی کاہلی پر ناراض ہو جاتا تو وہ رنجیدہ ہو جاتا لیکن پھر کہتا یار تم سچ کہتے ہو لیکن کیا کروں اس کاہلی میں بھی ایک طرح کا لطف ہے۔ میں اس کے سامنے پہلی مرتبہ اعتراف کیا۔ سراج میں تم سے تمہاری کاہلی اور بے کاری پر ناراض ہو جاتا ہوں۔ لیکن سچ پوچھو تو دل میں تم سے تمہاری اس خوبی پر رشک کرتا ہوں۔ کیا کیا جائے کہ دنیا نے اس کی کوئی قدر معین نہیں کی۔ مجھے بھی اسی مدہوشی کا لطف آتا ہے لیکن تمہیں سے جو تربیت ملی ہے وہ حائل ہو جاتی ہے۔

ایک دفعہ میں نے سراج سے اپنی ناراضگی کا اظہار کیا۔ اور کہا کہ تم ہر جگہ تقریر کرنے لگے ہو، یہ تو ایک پرفارمر performer جیسا تماشا ہو گیا۔ مجھے یہ بات پسند نہیں کہ تم پر سستی شہرت کا جادو چل جائے۔ شہرت سے یاد رکھو کہ انسان کی ذات پر ضرب پڑتی ہے۔ اس وقت وہ خاموش ہو گیا۔ چند دنوں کے بعد جب ملاقات ہوئی تو کہنے لگا۔ کمال تم نے جو بات ذات پر ضرب لگنے کی کہی بہت معقول ہے مگر کیا کیا جائے لوگ آکر مجبور کرتے ہیں۔

سراج نے اظہار بیان کا ایک اچھا اسلوب اپنا لیا تھا۔ گنجلک موضوعات پر بھی تقریر سردست اور اختصار سے کرتا تھا۔ غرض ہم دونوں میں اس طرح کی باہمی تنقید و محاکمہ کا سلسلہ جاری رہتا تھا۔ جب میں کوئی شعر کہتا تو سب سے پہلے میں اپنی اہلیہ کو سناتا۔ اس کے بعد سراج یا تقی کی باری آتی۔ افسوس کے اب نہ میری اہلیہ رہیں اور نہ سراج۔ تقی اور میں رہ گئے ہیں۔ دیکھیئے کب تک یہ جوڑی چلتی ہے۔

سراج نے T.S.Eliot کی مشہور نظم، Waste Land کا بہت اچھا ترجمہ کیا تھا۔ شب خون کے ایڈیٹر شمس الرحمٰن فاروقی صاحب سے ملاقات تھی۔ غالباً ان کو یہ ترجمہ پسند آیا اور شب خون میں چھپا۔ میں چاہتا تھا کہ سراج جاوید نامہ کے ترجمے پر ایک سیر حاصل مقدمہ لکھے اور خاص طور پر اس نکتہ سے بحث کرے کہ دانتے نے یہ اثر حضرت ابن عربی کی فتوحات مکیہ سے لیا تھا اور اب اسپین کے اہل علم نے یہ بات تسلیم کر لی ہے۔ اقبال کے سامنے دانتے کی ڈیوائن کامیڈی Divine Comedy کے علاوہ خود فتوحات مکیہ کی ساری روایات تھیں۔ اقبال نے اسلامی منظر کے بجائے مغربی ماحول کی پیروی کی۔ اس طرح ایک اور نکتہ جو قابل غور مجھے معلوم ہوتا ہے یہ ہے کہ اس نے غالب، طاہرہ اور حلاج کو ارواحِ جلیلہ میں رکھا ہے۔ غالب کی فکری پہنائیوں کے پیش نظر اگر ہم اس کو قبول کر بھی لیں تو طاہرہ اور حلاج کے ارواح جلیلہ میں داخلہ کا کیا جواز ہے۔ حلاج قراطہ کا جاسوس تھا طاہرہ عبدالوہاب یاب کی شیدائی۔ نوجوانوں کو ان سے کیا تاثر مل سکتا ہے؟

سراج نے کہا کہ اس انداز سے لکھنے میں بہت کام کرنا پڑے گا۔ اس وقت یہ ممکن نہیں ہے میں تو اس وقت ایک سیدھا سادھا سا مقدمہ لکھ دیتا ہوں۔

سراج اپنی شاعری کو بھی مرتب کرنا چاہتا تھا۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس نے یہ کام پورا کیا ہے

یا نہیں۔ بہر حال اس کے یہ سب کام طبع ہونے کے لائق ہیں۔ میں نے اپنی فارسی کلام کا ترجمہ انگریزی میں کیا ہے۔ میں چاہتا تھا کہ سراج اس کو دیکھ لیتے افسوس وہ اب نہ رہا۔

سراج ایک شریف انسان تھا۔ اس کا مذاق سلجھا ہوا تھا۔ وہ قلم برداشتہ لکھنے کا نہ عادی تھا نہ ہی قائل۔ وہ سنبھل سنبھل کر لکھتا تھا لیکن خوب لکھتا تھا۔ وہ فلسفہ کی بھول بھلیوں میں پڑنے کا قائل نہیں تھا۔ اس نے اپنی تحریروں میں امکانی حد تک ان مسائل سے گریز کیا۔ ادبی تنقیدی اصولوں پر اس کی گرفت مضبوط تھی۔ اچھے لفظ اور خیال کی قدر کرتا تھا۔ فارسی سے اس کو لگاؤ تھا۔ اور فارسی کے ہزاروں شعر اُسے یاد تھے۔ برجستہ شعر پڑھتا تھا۔ لیکن فارسی شعر کہنے کی کبھی اسے ترغیب نہیں ہوئی۔ ہندی زبان کی لچک اور چاشنی خاص طور پر اس کی نسائی جذبات کے اظہار کی موزونیت اور بے پناہ امکانات کا دل سے قائل تھا، لیکن ہندی میں اس نے کبھی طبع آزمائی نہیں کی۔ اس کے انتقال سے چند دنوں پہلے ایک ہندی مصرعہ میرے ذہن میں گشت کر رہا تھا میں نے حسب عادت اس کو یہ مصرعہ سنایا اس نے کہا اس زمیں میں لکھو۔ دوسرے دن میں نے ایک شوخ نظم اس کو ہندی میں سنائی۔ کہنے لگا دیکھو ایک مصرعہ میں کیسی قوت وتوانائی ہے کہ اس نے پھیل کر ایک خوبصورت نظم کی صورت اختیار کر لی ہے۔

سراج کی نجی زندگی کے بارے میں چند جملے لکھنا ضروری ہے۔

ان سے کردار کی استواری، صبر برداشت اور اپنے عزیزوں کے لیے قربانی کے جذبات کا اندازہ ہوتا ہے۔ جب اس کے والد کا انتقال ہوا تو وہ بہ مشکل ملازمت میں جم سکا تھا۔ اس کا ایک چھوٹا بھائی معذور تھا۔ دوسرے دو بھائی بھی زیر تعلیم تھے۔ دو بن بیاہی بہنوں اور ایک ضعیف والدہ کی ذمہ داری اس پر آن پڑی تھی۔ اس نے یہ طے کر لیا تھا کہ جب تک ان ذمہ داریوں سے نمٹ نہ لے شادی نہیں کرے گا۔ چنانچہ اس کو ان ذمہ داریوں سے نمٹنے میں ایک طویل عرصہ تک جدوجہد کرنی پڑی۔ اس نے شادی میں تاخیر کی۔ کبھی حرف شکایت اس کی زبان پر نہیں آیا۔ اس کی بیوی قانتہ اس سے بھی زیادہ قابل تعریف ہے کہ اس نیک بخت نے سراج کو اپنی ذمہ داریوں سے نمٹنے کا موقع دیا۔ اس کے والد نے مکان کے لئے ایک زمین لی تھی۔ پایہ بھی مشکل سے پورا پڑا نہ تھا۔ اس نے بڑی محنت استقامت سے ان فرائض کو انجام دیا۔ اس کے بعد قانتہ سے جو اس کی خالہ زاد بہن تھی شادی کی۔ بیٹے احتشام الدین جعفر اور بیٹی شہلا کی شادیاں کیں یہ دونوں

امریکہ میں ہیں اور صاحبِ اولاد ہیں۔

سراج نے عمر بھر گاڑی نہیں رکھی۔ میں نے ایک وقت تجویز کی کہ وہ خود کار چلانا سیکھ لے۔ اس نے کہا ایک وقت کار چلانے کا تجربہ کر چکا ہوں۔ گنڈی پیٹ کے تالاب کے کٹے سے موٹر ٹکرادی تھی۔ اکثر وہ میرے ساتھ جاتا جب ہم دونوں کہیں مدعو ہوں۔ جب ماں صاحب تالاب کے بس اسٹانڈ پر پہنچتے تو فوراً ڈرائیور سے کہتا۔ ذرا روکو تو۔ میں اس کو جواب دیتا آپ کمال کے ساتھ ہیں میں آپ کے گھر چل رہا ہوں کہتا یار تم کو زحمت دیتے ہوئے اچھا نہیں لگتا۔ اس کا یہ انداز ہمیشہ ہی قائم رہا۔ لیکن میں اپنے اُصول کا پابند رہا۔

اس کے انتقال سے چند روز قبل ہم دونوں پیاوتی بارہ دری میں مردانگ اور سرود کے پروگرام میں شریک تھے ان دونوں فن کاروں نے اس موقع پر اپنے کمال کا مظاہرہ کیا تھا سچ تو یہ ہے کہ کمال کی آخری سطح چھولی تھی۔ ہم دونوں پر سرور کی کیفیت طاری رہی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مردنگ اور سرود کے سرتال ہمارے وجود پر طاری ہو گئے ہیں اور ہم گم صم تھے۔ سارے راستے بہت کم گفتگو ہوئی۔ ایسی ہی بے شمار صحبتوں کی یادیں رہ گئی ہے۔ سراج بڑا پر لطف دوست تھا۔ میرے دوستوں میں میں نے ایک چھوٹا سا حلقہ ان دوستوں کا بنالیا تھا جس میں کوئی نہ کوئی درویشانہ وصف پایا تھا۔ سراج بھی اس گروہ میں شامل تھا۔ اس کی خصوصیت یہ تھی کہ اس نے ہوس، پر فتح پالی تھی۔ زندگی میں کسی چیز کی اس کو ہوس نہیں تھی۔

سراج کو آموں کا بڑا شوق تھا۔ آموں کی تلاش میں وہ دور دور کے چکر کاٹتا تھا۔ امرائیوں سے آم خرید کر لاتا تھا۔ خود کھاتا اور دوستوں کو بھی کھلاتا۔ وقار آباد کے قرب ونواح میں کوئی باغ اس سے نہیں بچا تھا۔ یہ حیدر آبادی تہذیب کی خصوصیت تھی کہ جب کوئی اچھی چیز گھر آتی یا اچھی چیز پکتی تو اس میں سے عزیزوں دوستوں کے لیے حصے جاتے تھے اور اس کے ساتھ ہی ملازمین کے حصے بھی نکالے جاتے تھے۔ لفظ حصے کے پس پشت یہ تصور تھا کہ یہ کوئی تحفہ نہیں جو دینے والے کی مہربانی سے مل رہا تھا بلکہ دوستوں عزیزوں کا اس میں ایک حق تھا۔ اور اسی طرح دوستوں اور نوکروں کا بھی حصہ شامل تھا۔ اس لئے لفظ حصہ استعمال ہوتا تھا۔ اور حصے بھیجنے کا خاص اہتمام بھی کیا جاتا تھا۔ آم کے موسم میں دوستوں عزیزوں ہی کو نہیں بلکہ ملازمین کو بھی حصے دینے کی روایت عام تھی۔ میں نے حمایت اور کیسری کے منتخب آموں کو ایک ڈبے میں محفوظ کر کے سراج

کے لیے الگ رکھ دئے۔ ان دنوں کچھ مصروفیت ایسی تھی کہ ذہن سے یہ بات نکل گئی۔ چند دنوں کے بعد یکا یک خیال آیا۔ دیکھا تو سب سڑ گئے تھے۔ اس کا مجھے بڑا قلق ہوا۔ یہ آم کے موسم کا آخری زمانہ تھا۔ حمایت اور کیسری کا ملنا دشوار تھا۔ بڑی تلاش کے بعد کچے آم ملے اور میں نے پھر ان کو پیک کروا کر دو چار دن رکھ دیئے تا کہ کم از کم گدرے ہو جائیں۔ جب یہ آم سراج کے ہاں پہنچے تو اس نے کھا کر ان کو بہت ہی خوش ذائقہ پایا۔ ٹیلفیون پر ان آموں کی بڑی تعریف کی۔ لیکن پہچان نہ سکا کہ یہ کیسری اور حمایت تھے۔ حالاں کہ وہ آموں کا بڑا شوقین تھا۔

سراج پکا حیدرآبادی تھا۔ حیدرآبادیوں کا ایک وصف یہ ہے کہ وہ ''نہیں'' کہہ نہیں سکتے۔ سراج کا بھی یہی حال تھا وہ نہیں کہہ نہیں سکتا تھا۔ ''ہومیاں'' اس کا تکیہ کلام تھا۔ اس کے خالہ زاد بھائی نعیم کا کہنا تھا کہ جب بیماری کے زمانے میں اسے دیکھنے گیا اور حیرت سے پوچھا کہ صرف دو دن کے بخار سے اتنا نحیف کیسے ہوگیا۔ نعیم کا کہنا ہے کہ سراج نے حسب عادت ''ہومیاں'' کہا اور آنکھیں بند کرلیں۔ پھر اس کے بعد دو روز اور رہا لیکن برائے نام۔ اس کی بیماری بہت مختصر تھی۔ یقین نہیں آتا کہ جو شخص صرف چند دن پہلے اتنا چاق و چوبند تھا اس طرح یکا یک چل بسے گا۔ بہر حال سب کا انجام یہی ہے۔ رہے نام اللہ کا۔ اللہ اسے اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

عجیب آزاد مرد تھا نہ رہا۔

□□□□□

پروفیسر تقی علی مرزا

ہمدم دیرینہ۔ سراج

پروفیسر سید سراج الدین صاحب کے انتقال سے حیدرآباد کی تہذیب، خصوصاً اردو زبان اور ادب کو جو نقصان ہوا ہے، وہ ناقابلِ تلافی ہے۔ گذشتہ پچاس، ساٹھ برسوں میں ان کی شخصیت سب سے زیادہ ممتاز رہی ہے۔ وہ کئی ادبی انجمنوں اور اداروں سے وابستہ تھے اور ان کی جگہ لینے والا مجھے کہیں دکھائی نہیں دیتا۔

سراج الدین مرحوم کی شخصیت کا سب سے نمایاں پہلو ان کا زبان سے شغف تھا۔ وہ اردو اور انگریزی کے ماہر تو تھے ہی ، فارسی زبان اور ادب پر بھی ان کی دسترس حیرت انگیز تھی۔ حافظ اور رومی سے ہٹ کر وہ اور شاعروں، جیسے سعدی، عمر خیام، نظیری اور خسرو کے بڑے مداح تھے۔ انہوں نے غضب کا حافظہ پایا تھا اور ان تمام شاعروں کے ہزاروں اشعار انہیں یاد تھے اور اپنی گفتگو اور تحریر میں ان اشعار کو استعمال کرتے تھے۔

سراج صاحب کئی یورپی زبانوں سے بھی واقف تھے۔ فرنچ اور جرمن کی تعلیم انہوں نے یہیں حاصل کی لیکن اطالوی زبان انہوں نے اٹلی میں حاصلکی جہاں وہ حکومت ہند کی اسکالرشپ پر ایک سال کے لئے گئے تھے۔ انہوں نے دانتے کا بطور خاص مطالعہ کیا اور وہ Divine Comedy بڑی روانی سے اطالوی زبان میں پڑھتے تھے۔ اٹلی میں ایک سال کی قیام نے ان کی فطری صلاحیتوں کو اور بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے اطالوی ادب کے علاوہ، اطالوی آرٹ اور کلچر کا بھی بغور مطالعہ کیا۔

مجھے سراج الدین صاحب سے ہمیشہ یہ شکایت رہتی تھی کہ انہوں نے اپنی بے پناہ صلاحیتوں سے خاطر خواہ استفادہ نہیں کیا اور کسی بھی شعبہ کو پوری توجہ نہیں دی۔ مگر ان کی اس صفت کی بناء پر ان پر Dilettantism کا الزام دینا ان کی ہمہ پہلو شخصیت کے ساتھ سراسر ناانصافی ہوگی۔ وہ تو ایک طرح سے Rennaisance man تھے اور بیک وقت تہذیب اور ادب

کے کئی شعبوں پر یکساں قدرت رکھتے تھے۔ وہ specialization کے خلاف تھے۔ ان کا خیال تھا کہ specialization سے فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوتا ہے۔ وہ ان تمام زبانوں کے، جنکا ذکر اوپر ہوا ہے، کلاسیکی ادب سے واقف تھے جتنا ان کے جدید ادب سے۔ اسلئے وہ بجا طور پر تقابلی تنقید کے ماہر سمجھے جاتے تھے۔ اردو کے وہ نقاد بھی تھے اور انشاء پرداز بھی اور شاعری بھی کرتے تھے۔ مگر کبھی بھی مشاعروں میں شرکت نہیں کی اور نہ اپنا کلام طبع کروایا ان کے علم و فضل کی شہرت سارے ہندوستان میں پھیلی ہوئی تھی۔ پروفیسر آل احمد سرور، پروفیسر نثار احمد فاروقی اور شمس الرحمٰن فاروقی جیسے زعماء ان کی نگارشات کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے، مگر سراج صاحب شہرت اور نام و نمود سے بالکل بے نیاز تھے۔ اور حیدرآبادیوں کی طرح وہ اس فطری تکلف کا شکار تھے جس کے لئے حیدرآباد مشہور ہے۔ انہوں نے کبھی آگے بڑھنے کی کوشش نہیں کی۔ جب جناب ہاشم علی اختر صاحب جامعہ عثمانیہ کے وائس چانسلر بنے تو انہوں نے سراج صاحب سے کئی بار خواہش کی کہ وہ کسی کالج کی پرنسپلی قبول کرلیں۔ سراج صاحب ہمیشہ انکار کرتے رہے۔ بالآخر ہاشم علی صاحب نے ان کو یہ کہکر راضی کرلیا ''بھائی یہ حیدرآبادی تکلف چھوڑو' اور وہ پوسٹ گریجویٹ کالج کے پرنسپل بنے اور کئی سال اس خدمت پر فائز رہے۔ ہر تہذیبی انجمن ان کو دعوت دیتی تھی کہ وہ کسی کتاب کی رسم اجراء انجام دیں یا کسی ادبی تقریب کی صدارت کریں وہ بادل نخواستہ اس کے لئے تیار ہوتے تھے۔

سراج الدین صاحب کے سوچنے کا انداز بھی ہمیشہ نیا ہوتا تھا۔ وہ گھسی پٹی باتوں کے کہنے کے عادی نہیں تھے۔ نہ صرف یہ بلکہ وہ گھسے پٹے الفاظ اور انداز تحریر کے استعمال سے بھی گریز کرتے تھے۔ اس وجہ سے انکی گفتگو اور تحریر میں ہمیشہ ایک تازگی رہتی تھی۔ جس کسی نے ان کی تقریر سنی ہے یا تحریر پڑھی ہے، وہ ان کی جدت طرازی کا قائل ہو جاتا تھا۔

ایک اور شعبہ ادب جس میں سراج صاحب کو کمال حاصل تھا، وہ ان کے ترجمہ کے فن میں غیر معمولی قدرت تھی۔ انگریزی سے اردو اور اردو سے انگریزی میں ترجمہ تو کرتے تھے، دوسری زبانوں سے بھی انہوں نے کامیاب ترجمے کئے۔ T. S. Eliot کی مشہور نظموں Love Song of Alfred Prufrock اور Waste Land جیسی مشکل نظموں کا لاجواب ترجمہ انہوں نے اردو میں کیا۔ جن اصحاب نے ان نظموں کو انگریزی میں پڑھا

ہے اور انکو سمجھنے کی کوشش کی ہے، وہ سراج صاحب کے ان ترجموں کو پڑھکر حیرت زدہ رہتے تھے کہ انہوں نے کس مہارت سے اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ ترجمہ کے میدان میں انکی آخری کوشش اقبال کی مشہور فارسی نظم جاوید نامہ کا اردو میں آزاد ترجمہ ہے۔ وہ اس فکر میں تھے کہ کوئی اچھا ناشر اسے شائع کرے۔ میں نے ان سے یہ خواہش کی کہ یہ کام حیدرآباد کی اقبال اکیڈمی انجام دے کیونکہ وہ اس اعزاز کی زیادہ مستحق ہے۔ اس تجویز کو انہوں نے قبول کیا۔ اب اقبال اکیڈمی حیدرآباد، جس کے وہ کئی برسوں تک صدر رہے، کا یہ فرض ہے وہ اس کام کو انجام دے۔

سراج صاحب ہمیشہ اقبال اکیڈمی کی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے اور اس کے مالیہ کو مستحکام دینے کی فکر میں رہتے تھے۔ ان کی یہ بھی خواہش تھی کہ ان کا کتب خانہ، جس کی انہوں نے آخری دنوں میں ترتیب وتہذیب کی تھی، اقبال اکیڈیمی کے حوالے کردیا جائے۔ اس کتب خانے کی بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں نہ صرف انگریزی کتابیں ہیں، بلکہ اردو اور فارسی کتابوں کی بھی خاصی تعداد ہے اور اکثر کتابیں تو ایسی ہیں جو کمیاب بلکہ نایاب ہیں۔ ان کے ذخیرہ سے اقبال اکیڈیمی کے کتب خانہ کی وقعت بڑھے گی اور سراج الدین صاحب کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا۔

○○○○

اردو غزل اور خود اقبال کی بانگ درا کی غزل کے روایاتی ماحول سے نکل کر بالِ جبریل کی غزل میں قدم رکھیں تو ایسا محسوس ہوگا جیسے گلستان، گل، بلبل و آشیاں کو چھوڑ کر ہم ایک پرشوکت، پرہول، بیاباں میں نکل آئے ہیں جس کا منظر بحر و بر آسماں کی وسعتِ بیکراں، مہر و ماہ اور نجوم کے کارواں سے مرتب ہے۔ اس بے کراں کائناتی منظر کے درمیان انسان تنہا کھڑا ہے اور اس کا نعرۂ بے باک کہساروں کی گونج سے مل کر ایک کائناتی نغمے کی صورت میں ابھرتا ہے۔ یہاں ان نزاکتوں کی گنجائش نہیں جن کی غزل میں اتنی مانگ ہے:

مری نوا میں نہیں ہے ادائے محبوبی
کہ بانگِ صورِ سرافیل دل نواز نہیں

(پروفیسر سید سراج الدین)

☆☆☆☆

پروفیسر محسن عثمانی ندوی
پروفیسر شعبہ عربی سیفل

ہم جام بکف بیٹھے ہی رہے وہ پی بھی گئے چھلکا بھی گئے

حیدرآباد کے ادبی علمی اور ثقافتی پروگراموں میں ایک کشیدہ قامت دراز قد شخصیت سے ملاقات ہو جاتی تھی منحنی جسم، روشن اور دراک آنکھیں، سر پر بال برائے نام، لیکن جتنے تھے وہ سلجھے اُلجھے نہیں تھے بلکہ ان میں مشاطگی اور باضابطگی ہوتی تھی، اس سے مزاج کی ربودگی کے بجائے ترتیب پسندی اور سلیقہ مندی کا اظہار ہوتا تھا۔ اقبال اکاڈیمی کے ادبی پروگراموں کی صدارت کے سلسلہ میں ہمیشہ انکا نام آتا تھا۔ صدارتی تقریر ان کی وسیع النظری وسیع المشربی اور ان کے وسیع المطالعہ ہونے کا ہمیشہ ثبوت ہوتی تھی۔ ایک بار راقم سطور کو اقبال اور عرب دنیا کے موضوع پر اقبال اکیڈمی میں گفتگو کی دعوت دی گئی اس جلسہ کی صدارت بھی ان ہی کی تھی۔ مجھے انہوں نے بتایا تھا کہ سرینگر میں اقبال انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر بشیر احمد نحوی نے آپ کی نظم سنائی جو آپ نے انسٹیوٹ میں وزیٹنگ پروفیسر کی حیثیت سے قیام کے دوران کہی تھی۔ اقبال انسٹی ٹیوٹ میں انہوں نے اقبال پر سات لکچر دئے تھے جس سے اقبال کے ساتھ ان کے ذہنی ارتباط اور ذوق وانبساط کا اندازہ ہوتا ہے۔ آج سے ایک ہفتہ پہلے ان کا میرے پاس ٹیلی فون آیا کہ مجھے بشیر احمد نحوی کا ٹیلفون نمبر چاہئے، میں نے تلاش کے بعد انسٹی ٹیوٹ کا ٹیلفون نمبر دے دیا۔ دوسرے دن پھر ان کا ٹیلیفون آیا کہ اس نمبر سے رابطہ قایم نہیں ہو رہا ہے۔ میں نے کہا کہ میرے پاس نمبر کئی سال پرانا تھا۔ بہر حال میں نے اپنے ذرایع سے نحوی صاحب کے موبائل کا نمبر حاصل کیا اور انہیں ٹیلیفون کر کے موبائیل کا نمبر دیا۔ انہوں نے بزرگانہ انداز میں شکریہ ادا کیا۔ آج صبح کے اخبار سے سکتہ میں ڈال دینے والی اطلاع ملی کہ ایک ہفتہ پہلے ٹیلیفون سے جس شخصیت سے بات ہوئی تھی وہ کل اس دار فانی سے رحلت کر گئی۔ یہ شخصیت تھی پروفیسر سید سراج الدین کی، جن کی شخصیت ہر جگہ محترم اور جن کی ناقدانہ بصیرت ہر حلقہ میں مسلم تھی، وہ خمخانہ ادب کے رند بلانوش

تھے، ایسے بلانوش جو پی بھی گئے چھلکا بھی گے۔ ان کے جام آتشیں سے جو مئے چھلک گئی وہ سیکڑوں ہزاروں اہل علم وادب کے لئے خمار آگیں اور سرور آفریں بنی۔

پروفیسر سید سراج الدین انگریزی کے استاد اور اردو کے نقاد تھے۔ مشہور انگریزی مجلّہ اسلامک کلچر کے ایڈیٹر رہ چکے تھے۔ اردو فارسی اور انگریزی کا ذوق صیقل شدہ تھا۔ اسی لئے ترجمہ کے فن میں بہت کامیاب تھے۔ کامیاب ترجمہ وہ ہے جس میں اصل متن کی روح اور قوت برقرار رہے۔ قرآن مجید کے جتنے اردو ترجمے ہیں ان میں کوئی بھی پورے طور پر کامیاب نہیں۔ اس لئے کہ انمیں صرف مفہوم ہی منتقل ہوسکا ہے قوت منتقل نہیں ہوسکی۔ پروفیسر سید سراج الدین نے عصر کے حاضر کے مشہور ناقد اور شاعر ٹی ایس ایلیٹ کی نظم ویسٹ لینڈ کا ترجمہ کیا جو ادبی حلقوں میں مقبول ہوا، فیض اور غالب اور قلی قطب شاہ کے منتخب کلام کا بھی انہوں نے انگریزی میں ترجمہ کیا اور آخر میں کلامِ اقبال میں جاوید نامہ کا اردو آزاد نظم میں ترجمہ کیا آخری کام ہنوز زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوسکا۔ اقبال اردو زبان کا سب بڑا شاعر اس اعتبار سے بھی ہے کہ دنیا کی اکثر بڑی زبانوں میں اس کے ترجمے ہو چکے ہیں نکلسن اور آربری اور کیرنن اور خشونت سنگھ اور پروفیسر نعیم صدیقی نے انگریزی میں، اور انا میری شمل نے جرمن زبان میں، اور عبدالوہاب عزام اور صادی شعلان اور موالانا ابوالحسن علی نے عربی میں کلام اقبال کا ترجمہ کیا ہے۔ اردو میں منظوم ترجمہ مضطر مجاز کا ہے۔

اردو کے شاعروں میں اقبال پر جتنا کام ہوا ہے کسی شاعر پر نہیں ہوا۔ غالب پر بھی اتنا نہیں ہوا ہے۔ اقبال پر ایک پورا کتب خانہ وجود میں آچکا ہے۔ مشاہیر اہل قلم نے کتابیں لکھی ہیں۔ خلیفہ عبدالحکیم، یوسف حسین خان، سید عبداللہ، یوسف سلیم چشتی، رئیس احمد جعفری، جگن ناتھ آزاد، عبدالسلام ندوی، مجنوں گورکھپوری کلیم الدین احمد، اسلوب احمد انصاری، شمیم حنفی، عزیز احمد، جاوید اقبال، آل احمد سرور، رشید احمد صدیقی، عبدالمجید سالک، عبدالمغنی، ڈاکٹر وزیر آغا، رضی الدین صدیقی عالم خوندمیری اور اتنے سارے نام ہیں جنہیں حافظہ کی مدد سے گنوانا چاہوں تو گنوا نہ سکوں۔ ایسے میں ماہرین اقبالیات کی صف میں اپنا مقام بنالینا کوئی آسان کام نہیں۔ پروفیسر سید سراج الدین نے اقبالیات پر جو کام کیا اس کی وجہ سے وہ بجا طور پر اقبال اکیڈمی جیسے ادارہ کی صدارت کے مستحق تھے۔ اقبال پر ان کا کام زر کامل عیار اور فکر ونظر کا معیار

قرار پایا۔کلام اقبال کے انہوں نے انگریزی میں ترجمے بھی کئے اور تنقیدی مضامین لکھ کر نئے زاویئے بھی پیش کئے۔ان کی ایک کتاب کا نام ہے مطالعہ اقبال چند نئے زاویئے۔پروفیسر آل احمد سرور نے لکھا ہے کہ ''پروفیسر سید سراج الدین صاحب نظر بھی ہیں اور صاحب ذوق بھی،انکا اردو کے علاوہ فارسی اور انگریزی ادب کا مطالعہ بہت گہرا ہے اور عالمی ادبیات کے معیاروں سے وہ اچھی طرح واقف ہیں'' اقبال پر سید سراج الدین کی تحریروں کا وزن اسی لئے ہے کہ ایک طرف وہ ادب کے عالمی معیار سے واقف تھے۔انگریزی کے استاد تھے دوسری طرف فارسی کے ذریعہ مشرقی ادب کے سرمایہ پر بھی ان کی نظر تھی۔تیسری طرف اقبال کے ساتھ بچپن سے انکا ذہنی رابطہ قائم ہو گیا تھا۔ان کی ماں انہیں بچپن میں اقبال کا کلام سنایا کرتی تھیں۔شیرِ مادر کی طرح اقبال کی محبت انکی رگ و پے میں اتر گئی تھی، یہ سہ رخی جہتیں ہیں جن کی وجہ سے وہ اقبال کے ساتھ ایک منصفانہ رویہ قائم کر سکے تھے۔ادب کے عالمی معیار سے تو پروفیسر کلیم الدین احمد بھی واقف تھے لیکن انہیں وہ دوسرے اسباب میسر نہ ہو سکے جنکی وجہ سے انہیں اقبال سے ہمدردی ہوتی۔اور شاعری اردو ادب میں انکی نظر میں اقلیدس کا فرضی نقطہ اور معشوق کی موہوم کمر رہی۔پروفیسر کلیم الدین احمد کو کلام اقبال کی قوت کا اتنا اندازہ بھی نہ ہو سکا جتنا ایران کے اسکالر علی شریعتی کو ہوا۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ایران کے انقلاب میں فکر اقبال کا بڑا حصہ ہے۔اس کے برعکس جمیل مظہری نے کہا تھا کہ ''اقبال کے شاہین سے ہمارا الو بہتر'' فکر اقبال سے ہمدردی نہ ہونے کا اور گاندھی جی کے فلسفہ عدم تشدد سے مبالغہ کی حد تک وابستگی کا نتیجہ ہے کہ اس طرح کے الفاظ زبان قلم سے ادا ہوتے ہیں۔

پروفیسر سید سراج الدین کے مطالعہ اقبال کی اہمیت یہ ہے کہ انہوں نے اقبال کا تعارف اس اسلام کے حوالہ سے بھی کرایا ہے جو صرف مسلمانوں کی میراث نہیں بلکہ پورے نظام اقدار کا پاسبان ہے اور جو ساری انسانیت کا ایک ورثہ ہے۔اسلئے اقبال کی شاعری مسلم اور غیر مسلم دونوں کے لئے یکساں طور پر اہم اور دونوں کی یکساں دسترس میں ہے۔اسلام کا تصور یہ ہے کہ کرہ ارض کو گہوارہ امن بنا کر ہی انسان آخرت کی پر امن جنت کا مستحق بن سکتا ہے۔اقبالیات کے ماہرین کے زمرہ میں ایسی معتدل مزاج ''خونیں جگرے'' اور ''صاحب نظرے'' قسم کی، وسعت نظر رکھنے والی شخصیتیں کم ملیں گی۔

پروفیسر سید سراج الدین غیر نزاعی اور غیر مختلف فیہ قسم کے انسان تھے اور ایک بہتر انسان کی تمام خصوصیات انکے اندر پائی جاتی تھیں۔ شخصیتیں نزاعی اور اختلافی اس لئے بن جاتی ہیں کہ بہت سے لوگ دوسروں کا احترام نہیں کرتے اور چاہتے یہ ہیں کہ سب انکا احترام کریں۔ ابلیس کو جب آدم کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا تھا تو اس نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا (خلقتنی من نار وخلقته من طین) یعنی آپ نے مجھے آتش سے اور اسے خاک سے پیدا کیا ہے۔ دوسروں کا اعتراف نہ کرنے کی یہی شیطانی نفسیات انسانی معاشرہ میں بھی پائی جاتی ہے اور اسی نفسیات کے ہاتھوں حضرت انسان کی قبا سو بار چاک ہوئی ہے۔ پورے تجر علمی کے باوجود انکسار، اعلیٰ منصب کے باجود تواضع، شہرت کی بلندی کے باوجود خاکساری پروفیسر سید سراج الدین صاحب کی خصوصیت تھی۔ وہ شرافت اور شائستگی کا نمونہ تھے۔ ایک حدیث میں آتا ہے تم میں سب سے بہتر انسان وہ ہے جس کے اخلاق سب سے بہتر ہوں۔ انکے انتقال سے صرف اقبالیات کی دنیا میں خلا نہیں پیدا ہوا ہے بلکہ اخلاقیات کی دنیا میں بھی خلا پیدا ہوا ہے۔ ہم ہر تھوڑے دنوں میں کسی ادیب، کسی مصنف، کسی عالم دین، کسی دانشور کا جنازہ کاندھوں پر اٹھا کر قبرستان پہونچاتے ہیں اور تہذیب کی امانتوں کو زیر زمیں مدفون کر دیتے ہیں۔ اگر مدفون کر دینے کی رفتار اسی طرح باقی رہی اور نئی صلاحیتوں کے جوہر اور گوہر سامنے نہیں آئے اور جودت فکر و قلم کے حاملین شہر خموشاں کے مکین بنتے رہے تو وقت زیادہ دور نہیں جب شہر علم و ادب آباد خرابہ میں اور پر ہجوم ویرانہ میں تبدیل ہو جائے گا۔

○○○○

پروفیسر سلیمان اطہر جاوید

اک دیا اور بجھا

روئیے کن کن کو اور کن کن کا ماتم کیجئے۔ جی ہاں، ابھی ابھی جہاں دار افسر اور افضل محمد کے انتقال کے باعث عام طور پر اور بالخصوص اردو کے ادبی اور تہذیبی حلقوں میں افسردگی اور رنج وغم کی فضاء چھائی ہوئی تھی۔ ان شخصیات کے بچھڑ جانے سے ہونے والی کمی کے تذکرے تھے، ہر طرف دھواں دھواں محسوس ہو رہا تھا کہ پروفیسر سید سراج الدین نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔ موت برحق ہے اور موت کا وقت بھی متعین ہے۔ موت وقت پر آتی ہے لیکن جب اچانک کسی کے بارے میں ایسی خبر سننے میں آتی ہے تو لگتا ہے سارے چراغ گل ہو چکے ہیں۔ فضاء تیرہ وتار ہوتی جارہی ہے، ہو چکی ہے۔ سب کچھ اتھل پتھل ہو گیا ہے۔ انسان کا اپنے آپ کو سنبھالنا، سہارنا دوبھر ہو جاتا ہے۔ یہ کیا ہو گیا۔ ہم تو یہ نہیں چاہتے تھے، کوئی نہیں چاہتا تھا لیکن کتنی مجبوری، کیسی مجبوری ہے کہ یہ سننا ہی پڑتا ہے، سنے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ چند روز قبل سراج صاحب کی علالت کی اطلاع اخبارات میں شائع ہوئی تھی۔ نمونیہ کا عارضہ۔ کسی مقامی دواخانے میں شریک کیا گیا۔ ایک ثانیہ کے لئے بھی گمان نہیں تھا کہ حالات ایسی کروٹ لیں گے۔ بس یہی خیال تھا کہ معمولی سی بات ہے۔ احتیاطاً دواخانے میں شریک ہوئے ہوں گے۔ چند روز میں گھر آجائیں گے۔ 15 جولائی دوپہر ڈیڑھ دو بجے کا وقت ہوگا کہ میں ادارہ ادبیات اردو پہنچا۔ پروفیسر مغنی تبسم موجود تھے۔ دو، ایک ادھر ادھر کی باتوں کے بعد میں نے دریافت کرنا چاہا۔ ''ڈاکٹر صاحب! سراج الدین صاحب کی طبیعت کسی ہے''؟ ''ان کا انتقال ہو گیا''، مغنی صاحب کا جواب تھا۔ مغنی صاحب یوں بھی دھیمی آواز میں گفتگو کرتے ہیں۔ اب تو یہ محسوس ہوا وہ دور، بہت دور سے بات کر رہے ہیں۔ بعد ازاں انہوں نے بتایا، انتقال آج صبح ہوا۔ میں مغنی صاحب کو دیکھتا رہ گیا۔ چند لمحوں تک سمجھ میں نہیں آیا کہ کیا کہوں۔ دوسرے دن سراج صاحب کی تدفین ہوئی مسجد قطب شاہی سنتوش نگر، مہدی پٹنم سے متصلہ قبرستان میں۔ رہے نام اللہ کا! سراج صاحب بس، آپ اپنی شخصیت کے مالک تھے۔ خاموش، آپ اپنی ذات میں گم۔ دنیا کے ہنگاموں، چیخ وپکار اور شور وشغب سے دور انہوں

نے اپنی دنیا بسا رکھی تھی۔ نام ونمود سے انہوں نے واسطہ نہیں رکھا۔ اقبال اکیڈیمی کے وہ کئی برسوں سے صدر تھے اور ماہنامہ ''سب رس'' کی مجلس مشاورت میں شامل اور ادارے بھی ہوں گے۔ ویسے وہ اور اداروں سے بھی وابستہ ہوں گے لیکن مسلم ایجوکیشنل سوسائٹی اور سنٹر فار دکن اسٹڈیز کے وہ رکن بھی رہے اور کم وبیش دس برس انگریزی کے معروف جریدہ ''اسلامک کلچر'' کے جنرل ایڈیٹر کی حیثیت سے بھی انہوں نے کام کیا۔ ان اداروں سے منسلک ہونے کے باعث وہ ان کی تقریبات میں شرکت کرتے۔ زیادہ تر اُن کے حصہ میں صدارت آتی یا وہ کسی نہ کسی طرح اس تقریب کی عزت افزائی کرتے۔ غرض تقریبات کی معزز اور محترم شخصیات میں ان کا شمار ہوتا۔ سراج صاحب کئی زبانوں سے واقف تھے۔ انگریزی، اطالوی، فرانسیسی اور جرمن۔ اور صرف یہی نہیں کہ واقف تھے ان زبانوں کے ادب پر بھی ان کی نظر تھی اور جب وہ تقریر کرتے تو اس کا ثبوت مل جاتا۔ انکی اردو تقاریر میں ان زبانوں کے ادیبوں، شاعروں اور مفکروں کے اقوال، اشعار اور افکار کی جلوہ نمائی رہتی۔ ان کے وسیع علمی افق کا اندازہ ہوتا۔ سننے والوں کی معلومات کا کینویس بھی کشادہ! وہ اپنی بات کو سوچ سمجھ کر اور متعلقہ موضوع پر اپنی گرفت کو مضبوط رکھتے ہوئے بیان کرتے، کسی الجھاؤ کے بغیر۔ نہایت سادہ، سلیس پیرایہ میں۔ خاص طور پر ادارہ ادبیات اردو میں ان کی کئی تقاریر سننے کا موقع ملا۔ تقریب کے اختتام پر کہنا پڑتا کہ ہاں ہم نے بھی کچھ سنا ہے۔ آج بات کچھ بنی ہے۔ سراج صاحب کے اپنے احباب اور عزیزوں سے مراسم کا مجھے اندازہ نہیں لیکن جب وہ کسی موضوع، کسی شخصیت کے بارے میں اظہار خیال کرتے تو معروضیت کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔ وہ اپنی بات بلا کسی وابستگی کے صاف اور شفاف طریقہ سے کہہ دیتے۔ یہی وہ وصف جس کی وجہ سے باذوق اور شستہ علمی وادبی حلقوں میں انہیں اونچا مقام حاصل تھا۔ شعروادب کے گہرے مطالعے کے باعث ان کی رائے میں جامعیت ہوتی اور یہ رائے ویسی ہی ہوتی جیسی ہونی چاہئے۔ سراج صاحب انگریزی شعروادب کے اپنے مطالعہ کو پوری طرح کام میں لاتے۔ انہوں نے نہ صرف انگریزی میں مضامین لکھے اور کئی مضامین، جن پر انگریزی علمی حلقوں سے انہوں نے داد بھی پائی۔ علاوہ ازیں محمد قلی قطب شاہ، غالب، اقبال اور فیض کی بعض نظموں کے انگریزی میں ترجمے بھی کئے۔ اسی طرح انہوں نے انگریزی کی بعض معروف نظموں کا اردو میں ترجمہ بھی کیا۔ مثلاً ٹی ایس ایلیٹ کی ویسٹ لینڈ کا اردو

ترجمہ لائق ذکر ہے۔اور یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ وہ اردو میں تو شعر کہتے ہی تھے،انہوں نے انگریزی میں بھی شاعری کی۔ظاہر ہے وہ ایسے شاعرانہ مزاج کے مالک نہیں تھے کہ لوگ چاہیں نہ چاہیں اپنے اشعار سنادیں۔سراج صاحب کو اقبال سے ایک خاص شغف تھا۔جیسا کہ وہ اپنی تقریروں وغیرہ میں کہتے بھی تھے۔بچپن میں ان کی والدہ،اقبال کے اشعار انہیں سناتی اور یاد دلاتی تھیں۔اس طرح کم سنی ہی میں انہیں اقبال کے کئی اشعار ازبر تھے۔یہ مزاج ان کا آخر وقت تک رہا۔وہ اقبال کے اشعار موقع بہ موقع سناتے اور فارسی اشعار ہوں تو اسی لہجہ میں۔ان کی اقبال سے دلچسپی ہی کی وجہ سے عثمانیہ یونیورسٹی سے سبکدوشی کے بعد،اقبال انسٹی ٹیوٹ،کشمیر یونیورسٹی،سری نگر نے مہمان پروفیسر کی حیثیت سے انہیں مدعو کیا۔سری نگر میں انہوں نے ایک سمسٹر گزارا،اور اقبال کے افکار اور شاعری پر سات آٹھ لکچر دیئے۔ان کا ایک اہم کام اقبال کے ''جاوید نامہ'' کا آزاد نظم کی صورت میں اردو میں ترجمہ ہے۔یہ ترجمہ تا حال شائع نہیں ہوا۔اس کی اشاعت عمل میں آنی چاہئے۔اقبال کے ان کے گہرے مطالعہ کا ایک اور اظہار ان کی کتاب ''مطالعہ اقبال: چند نئے زاویے'' میں وہ لکچر بھی شامل ہیں جو انہوں نے اقبال انسٹی ٹیوٹ سرینگر میں دیئے تیرہ لکچروں اور مضامین پر مشتمل یہ کتاب اقبال کی شاعری کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔چند ایک موضوعات ملاحظہ ہوں۔

اقبال غلط فہمی کا شکار: ایک عالمی شاعر،اقبال کی نظم ونثر میں عمرانی تصورات''اقبال کی کلاسکیت اور'' جاوید نامہ کا لینڈ اسکیپ'' عنوانات مجموعی طور پر تنوع کے حامل ہیں۔پروفیسر آل احمد سرور ان لکچروں کے حوالے سے لکھتے ہیں''ان لکچروں کے عنوانات سے ہی سید صاحب کی نظر کی جامعیت اور ان کی ادبی بصیرت کا ثبوت ملتا ہے۔ان عنوانات کے تنوع سے سید سراج الدین کے مطالعہ کی گہرائی اور ان کے ذوق کی پختگی کا اندازہ ہوتا ہے''۔یہ لکچر وغیرہ اپنے موضوعات کے تعلق ہی سے اہمیت نہیں رکھتے لکھنے والے کے رویہ کی ندرت بھی لائق توجہ ہے۔اقبال کے بارے میں بہت کچھ لکھا گیا ہے لیکن اس زاویہ کو اختیار کرنا جو عام طور پر کام میں نہیں لایا گیا ایسی بات کہنا جواب تک بہت کم لوگوں نے کہی یا ایسے زاویے سے بات کہنا جو عام نہیں،آسان نہیں۔یہ اسی وقت ممکن ہے جب کہ لکھنے والوں کے قلم میں گہرائی ہو فکر وفن میں انفرادیت ہو۔سراج صاحب ایسے ہی لوگوں میں تھے اس کتاب کے بعض مضامین خاص طور پر توجہ چاہتے ہیں۔سراج

صاحب نے ''کچھ اس کتاب کے بارے میں'' کے تحت لکھا ہے''۔

اقبال کا اسلام راسخ اور بڑی حد تک متوازن ہے سب سے زیادہ یہ کہ اقبال کے ان سپریشن (Inspiration) کے ولولے اور جوش ان کے انبساط کا مخزن یہی اسلام ہے۔ اسی کے بہت قریب اقبال کی انسان دوستی یعنی (Humanism) ہے اپنے مرشدِ روحانی جلال الدین رومی کی طرح اقبال بھی ''انسانم آرزوست'' کے دلدادہ ہیں انہیں ایک ایسے کردار کی آرزو ہے جو مشرق و مغرب سے آزاد ایک قلندرانہ شان رکھتا ہو اور جس کے مزاج میں درویشی کی نرمی اور وسعت ہو۔ درویش خدامست نہ شرقی ہے نہ غربی۔ لیکن اسی کے ساتھ ساتھ اقبال مردِ مجاہد بھی ہے۔ یعنی وہ دوطرح کی تیغ بازی چاہتے ہیں۔

ایک شمشیر و سناں کی اور ایک نگاہ کی (نہیں فقر و سلطنت میں کوئی امتیاز ایسا) اقبال اس سطح تک پہنچنے میں بڑی کشمکش سے گزرے ہیں۔ یہ کتاب اقبالیات میں اپنا وزن و وقار رکھے گی سراج صاحب نے اپنے بعض ہم عصروں کے مقابلہ میں زیادہ نہیں لکھا لیکن کمیت پر مت جایئے، کیفیت کے اعتبار سے ان کی کئی تحریروں اور ترجمے آب و تاب کے حامل ہیں۔ ان کی ایسی تحریریں بھی ہوں گی جو ابھی زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہو پائیں۔ اُن کے عزیز اور احباب اس خصوص میں توجہ دیں اور ان کی اشاعت عمل میں آئے تو سراج صاحب کی یاد کو باقی رکھنے کا ایک عمدہ اور مناسب ذریعہ ہوگا۔ سراج صاحب نے ایک بھرپور اور کامیاب زندگی گزاری۔ شعر و ادب اور لکھنے لکھانے سے دلچسپی رکھنے والوں کی کمی نہیں لیکن ایسے اشخاص جن کا مطالعہ قدیم و جدید علوم، ادب اور سماجی موضوعات پر وسیع ہو، جو صاحب فکر ہوں جن کی نگاہ معروضیت کی حامل اور تجزیاتی ہو جن کو اسالیب نثر و نشر پر عبور ہو، جن کی تحریریں پڑھنے والوں کے ذہنوں کے در و دریچوں پر دستک دیتی ہوں اور جو سچے اور اچھے انسان اچھے انسان، اچھے دوست! اچھے مشفق ہوں ہمارے معاشرے میں ہیں۔ سراج صاحب کا انہی میں شمار ہوتا ہے وہ اپنی تحریروں، اپنے رویے اور اپنے برتاؤ کے باعث یاد رکھے جائیں گے۔ ان انتقال کیا ہوا، ایک دیا اور بجھ گیا، تاریکی اور بڑھ گئی۔

○○○○

ڈاکٹر محمد نعیم الدین
موظف پروفیسر معاشیات۔عثمانیہ یونیورسٹی

پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ

سراج صاحب میرے خالہ زاد بھائی تھے۔ بچپن سے لیکر ان کی رحلت تک کوئی 75 سال کا قریبی ساتھ رہا۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایسے شخص کے بارے میں لکھنا آسان ہوگا۔ اگر آپ کسی سے بہت قریب ہوں اور زندگی بھر کا ساتھ رہا ہو یادوں کے ہجوم سے کچھ یادیں چُننا جو دوسروں کے لیے بھی دلچسپ اور بامعنی ہوں کٹھن کام ہے۔ یہ یادیں اور باتیں اتنی نجی اور شخصی ہوتی ہیں کہ ان میں دوسروں کے لیے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔

ہمارا بچپن ایک ہی گھر میں گذرا۔ اس گھر کے اس وقت کے ماحول کی تصویر کشی سراج صاحب خوب کر سکتے تھے۔ یہ گھر وحید منزل کے نام سے جانا جاتا تھا۔ وسیع احاطے میں پھیلا ہوا یہ گھر جس کے آگے اور پیچھے باغ تھا۔ جس میں ہر قسم کے درخت تھے۔ آم کے درخت نیم کے پیڑ جام اور جامن کے جھاڑ اس کے علاوہ گلاب کے تختے۔ ان درختوں کے ساتھ ہمارا بچپن گذرا گھر کا ماحول علمی تھا۔ میرے والد اور سراج صاحب کے والد کا تعلق تعلیمات سے تھا۔ ہمارے ماموں صلاح الدین صاحب جامعہ عثمانیہ میں نفسیات پڑھاتے تھے اور جلال الدین اشک اچھے شاعر اور نثر نگار تھے اور دوسرے ماموں جامعہ عثمانیہ میں زیر تعلیم تھے۔ میری والدہ اور سراج کی والدہ کو اردو کے اساتذہ کے بہت سے شعر اور نظمیں یاد تھیں اور یہ دونوں اپنے بچوں کو یہ نظمیں یاد دلاتی تھیں۔ ہم کو اقبال کی بہت سی نظمیں یاد تھیں سراج صاحب کی اقبال سے دلچسپی غالباً اسی ابتدائی دور کی تربیت کی دین تھی۔ ہمارے ماحول میں تین باتیں اہم تھیں۔ کتابوں سے دلچسپی ادب سے لگاؤ اور نیچر سے لطف اندوز ہونے کی صلاحیت۔ نانا کی وجہ سے صوفیانہ رنگ بھی غالب تھا وہ صوفیانہ رنگ نہیں جو قبر پرستی سکھاتا ہے بلکہ ایک بے نیازی۔ شہرت کی تمنا نہ صلے کی پروا والی

بے نیازی۔ گھر میں ایک طرف صلاح الدین صاحب کی لائبریری تھی جس میں کوئی 5 ہزار کتابیں قرینے سے رکھی گئیں تھیں دوسرے افراد خاندان کے پاس بھی ان کی پسند کی کتابیں تھیں۔ اس ماحول کا سراج صاحب کے کردار اور شخصیت پر بہت گہرا اثر تھا۔

سراج صاحب بڑے Versatile آدمی تھے پڑھنے لکھنے سے لے کر کھیلوں تک وہ ہر میدان میں سب سے آگے رہتے تھے۔ بچپن میں خطاطی سے بڑی دلچسپی تھی اور وہ بہت عمدہ خطاطی کرتے تھے۔ خطاطی سکھانے والے استاد ان کی بڑی تعریف کرتے تھے ان کی خوش نویسی سے بے حد دلچسپی آخر دم تک قائم رہی۔ اسلامی Calligraphy کے بارے میں انہوں نے دو مضامین بھی لکھے اور ایک T.V پروگرام کا اسکرپٹ بھی لکھا تھا۔

سراج صاحب ایک اچھے نقاد ہی نہیں اچھے شاعر بھی تھے۔ مگر وہ اپنی شاعری سنانے اور اس کو چھاپنے میں بڑا پس وپیش کرتے تھے اس کی ایک وجہ تو انکا انکسار تھا اور دوسری وجہ یہ تھی کہ وہ جانتے تھے کہ اعلیٰ درجے کی شاعری کیا ہوتی ہے۔ ہمارے اکثر شاعر انہی تیسرے درجہ کی شاعری کو بہت اہم اور اعلیٰ سمجھ کر مشاعروں اور محفلوں میں پیش کرتے رہتے ہیں۔ سراج صاحب یہ کمزوری خوب سمجھتے تھے اردو اور فارسی کے علاوہ انگریزی اور اٹالین شاعری کے شہ کار ہمیشہ ان کی نظر میں رہتے تھے اس اعلیٰ درجے کی شاعری کا انہوں نے گہرا مطالعہ کیا تھا۔ ایک ایسے شخص کے لیے اپنی شاعری کے بارے میں صحیح رائے قائم کرنا شائد دشوار نہیں تھا۔ زبانیں سیکھنے کا سراج صاحب میں بڑا ملکہ تھا وہ ایک سال کے اسکالرشپ پر اٹلی گے (Proveja) پر جایونیورسٹی میں جہاں مختلف ملکوں کے لوگ کئی سال سے اٹالین سیکھ رہے تھے ان کے مقابلے میں سراج صاحب صرف ایک سال پڑھ کر ساری یونیورسٹی میں اول آئے کوئی دوسرا ہوتا تو اس کی خوب تشہیر کرتا مگر یہ بات صرف ان کے بہت ہی قریب کے لوگوں کو معلوم تھی۔ یہ بردباری ان کی شخصیت کا ایک اہم رخ تھی۔ ہندوستان میں اردو والوں میں شاید ہی کوئی ہوگا جس نے ڈانٹے کی Divine Comedy اوریجنل میں پڑھی ہو اس پر حاوی ہو۔ سراج صاحب اس سے لطف اندوز ہوتے تھے مگر اس بات کی تشہیر سے ہمیشہ گریز کرتے تھے۔

سراج صاحب کے نزدیک دوستی ایک اہم قدر تھی وہ دوستوں سے بڑی محبت رکھتے تھے اور دوستی کو عمر بھر نبھاتے تھے وہ کسی دوست کو Drop نہیں کرتے تھے گو کہ بعض وقت ان دوستوں سے انہیں تکلیف ہی کیوں نہ پہنچی ہو دوستوں کی محفل میں وہ بہت پر مذاق رہتے تھے وہ بہت اچھے

converstionalist تھے۔ جس محفل میں بیٹھتے اس پر چھا جاتے تھے۔ وہ ایک پر خلوص انسان تھے اور انہی خصوصیات کی وجہ سے ہر دل عزیز تھے ان خوبیوں کی وجہ سے ان کی شخصیت بہت پر کشش ہوگئی تھی۔ لوگ ان سے ملنے اور ان سے تعلق رکھنے کے خواہاں رہتے تھے وہ لوگوں کا دل دکھانے سے گریز کرتے تھے اس لیے نا قابل برداشت شاعروں، افسانہ نگاروں اور نام نہاد دانشوروں کو بھی دوست رکھتے تھے۔

سراج صاحب کی ظرافت بڑی اعلیٰ درجے کی تھی وہ مزاحیہ شاعری بھی خوب کرتے تھے قریبی دوستوں کی شادیوں کے موقع پر پُر مزاح نظمیں لکھیں پروفیسر خسرو اور پروفیسر نعیم صدیقی کی شادیوں کے موقعہ پر انہوں نے جو نظمیں لکھیں ان کو تو وہ خود بھول گئے تھے مگر خسرو صاحب کو یاد تھیں اور وہ آخر تک نجی محفلوں میں بڑے مزے لے کر سناتے تھے۔ افسوس ہے کہ وہ اب کسی کو بھی یاد نہیں۔

سراج صاحب ایک اچھے آرٹسٹ بھی تھے ان کو قدرتی مناظر درخت، پہاڑ، پرانی عمارتوں کی تصویر کشی بڑی پسند تھی ان کی اپنی بنائی ہوئی چند تصاویر کو انہوں نے اپنے دیوان خانے میں لگا رکھا تھا۔ ایک ایسے آدمی کہ جس نے مصوری باقاعدہ نہ سیکھی ہو اتنی اچھی تصاویر بنانا حیرت انگیز تھا۔ ان کی ایک پسندیدہ تصویر ایک چھوٹی سی ٹوٹی پھوٹی پرانی مسجد کی ہے جو انہوں نے بہت پہلے بنائی تھی اور اسکو محفوظ رکھا تھا جسے انہوں نے حال میں فریم کرلیا تھا۔ مناظر سے لطف اندوز ہوتے اور اچھے مناظر سے بہت متاثر ہوتے تھے اور گھنٹوں ان میں گم ہو جاتے تھے۔ حیدرآباد کے اطراف و اکناف کے مناظر اور عام طور پر تلنگانے کے مناظر انہیں بے حد پسند تھے وہ کہا کرتے تھے کہ سویئزرلینڈ کے مناظر بے حد خوبصورت ہیں مگر وہ اتنے Rich ہیں کہ تھوڑی دیر کے بعد آدمی ان سے چھک جاتا ہے ہمارے مناظر سے دل کبھی نہیں بھرتا۔

سراج صاحب کہنے لگے تھے کہ ان کو زندگی سے کوئی شکایت نہیں اور کسی سے کوئی گلہ نہیں ہے۔ ان کی شخصیت میں کئی رنگ بڑی خوبصورتی سے مدغم ہو گئے تھے ان جیسے انسان کم پیدا ہوتے ہیں ان کو یہ شعر بہت پسند تھا

پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ
افسوس تم کو میرؔ سے صحبت نہیں رہی

□□□□

پروفیسر یوسف کمال
موظف پروفیسر شعبہ جیالوجی عثمانیہ یونیورسٹی

آہ پروفیسر سراج!

(ایک نذرانہ عقیدت)

۱۵ر جولائی ۲۰۰۶ء پروفیسر سراج الدین صاحب کا حیدآباد کے ایک خانگی دواخانے، میڈی سٹی واقع ٹینک بنڈ میں مختصری علالت کے بعد انتقال ہوگیا۔ پروفیسر سراج نے ۸۲ سال کی عمر پائی۔ ان کی رحلت سے حیدرآباد کی علمی اورادبی زندگی کا ایک عہد (SAGA) تمام ہوا۔ وہ ان اولین (Osmanians) عثمانینس میں سے تھے جنہوں نے علم وادب کی خدمت سے ملک میں ایک مقام حاصل کیا تھا۔ پیشے کے اعتبار سے وہ عثمانیہ یونیورسٹی میں انگریزی ادبیات کے پروفیسر تھے، لیکن انہیں انگریزی کے علاوہ اردو، فارسی فرنچ، جرمن اور اطالوی زبانوں میں بھی دسترس حاصل تھی۔ جامعہ عثمانیہ انگریزی ڈپارٹمنٹ میں ۳۷ سال کی درس وتدریس کے بعد ۱۹۸۵ میں وہ وظیفے پر سبکدوش ہوئے تھے۔ جب تک برسرخدمت رہے وہ بڑی حدتک یونیورسٹی علمی، ادبی اور تہذیبی سرگرمیوں سے وابستہ تھے لیکن ۱۹۸۵ میں وظیفے کے بعد وہ حیدرآباد کی علمی اور ادبی سرگرمیوں میں وسیع پیمانے پر فعال ہوگئے تھے۔ حیدرآباد کے مشہور علمی اور تحقیقی رسالے اسلامک کلچر کے ایک زمانے تک مدیر رہے۔ ایوان اردو کے رسالے ''سب رس'' سے تاحیات وابستہ رہے۔'' اقبال اکیڈیمی کے صدر ہونے کی حیثیت سے اقبال ریویو کو بھی انکی سرپرستی حاصل تھی۔

پروفیسر سراج الدین کا ۳۰ر جون ۱۹۲۴ء کو حیدرآباد کے ایک علمی گھرانے میں جنم ہوا۔ گھر میں روایتی طور رار دو، عربی اور فارسی زبانوں کا ماحول تھا۔ ان زبانوں میں ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد انہوں نے ۱۹۴۵ء میں نامپلی ہائی اسکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۴۳ء میں ایف۔اے اور ۱۹۴۴ء میں بی۔اے کی تکمیل کے بعد ۱۹۴۶ء میں انگریزی ادب سے ایم۔اے کیا پھر ۱۹۴۸ میں اسی جامعہ میں انگریزی ادب کے استاد مقرر ہوئے۔ انگریزی زبان اورادب پر بے پناہ دسترس کے ساتھ ساتھ انہوں نے جرمن، فرنچ اور اطالوی زبانوں کے

ادب کا بھی غائر نظر سے مطالعہ کیا تھا۔ گھر کے ماحول اور اس دور کی تربیت کی وجہ سے اردو اور فارسی زبانوں کی کلاسیکی ادبی روایات ان کی گھٹی میں پڑی تھیں۔ وہ مشرقی اور مغربی علوم کی رندی سے سرشار تھے۔ بلاشبہ انکی شخصیت مشرقی اور مغربی ادب کے بہترین روایات کا امتزاج تھی۔ حافظ، سعدی، جامی کے ساتھ ساتھ انہیں اردو ادب کی ساری کلاسیکی شاعری از بر تھی۔ میر، غالب، اقبال، اور فیض تو ان کے پسندیدہ شاعر تھے گفتگو اور تقریروں میں وہ بڑی روانی کے ساتھ ان شاعروں کے کلام کو ''کوٹ'' qoute کرتے رہتے تھے۔ اس کے ساتھ ساتھ مغربی شعروادب کے وہ اتنے دلدادہ تھے کہ انگریزی، فرنچ، ہسپانوی سے لے کر اطالوی زبانوں کے شاعروں کی نظمیں ان کی نوک زبان پر تھیں۔ برصغیر کے وہ ان گنے چنے اس کالرز میں تھے جنہوں نے دانتے کی شہرہ آفاق طویل نظم ''ڈیوائن کامیڈی'' (مقدس طربیہ) کا اوریجنل لاطینی زبان میں مطالعہ کیا تھا۔

پروفیسر سراج سے میرے تعلقات ۵۰ رسال پرانے تھے۔ جامعہ عثمانیہ ۱۹۵۷ء میں انہوں نے گراجویشن میں ہم کو انگریزی کی تعلیم دی تھی۔ یہ عثمانیہ یونیورسٹی کا وہ زمانہ تھا جب سائنس فیکلٹی کے طلبا بھی زبانوں کی تعلیم کے لئے آرٹس فیکلٹی جا کر آرٹس کالج میں تعلیم حاصل کرتے تھے مجھے یاد ہے کہ گراجویشن کے سال اول میں انہوں نے جین آسٹن کی مشہور ناول ''پرائیڈ اینڈ پرجیڈس'' (Pride & Prejudice) سال بھر تک بڑے مزے لے لے کر پڑھائی تھی۔ ان کا ہر لکچر جین آسٹن کی زبان و بیان، کردار نگاری اور مکالموں پر ایک بسوط تبصرہ ہوتا تھا۔ دراز انگلیوں اور ہاتھوں کے حرکات وسکنات کے ساتھ بڑے موثر انداز میں مختلف کرداروں کے مکالموں کی شستہ انگریزی میں ادائیگی پر کلاس کو ایک ڈرامے میں بدل دیتی تھی۔ اب ہندوستان کی جامعات میں ایسے Committed استاد ڈھونڈھنے سے بھی نہ ملیں گے۔ پروفیسر سراج کی ایک خاص بات یہ تھی کہ وہ کلاس میں صرف انگریزی میں بات کرتے تھے اور کلاس کے باہر صرف اردو بولتے تھے ۔۱۹۵۹ء میں گراجویشن کے بعد سائنس فیکلٹی کا ہو رہا اور ان سے ملاقاتیں کم کم ہی ہوتی تھیں۔ البتہ حیدر آباد کی ادبی محفلوں میں ان کی شرکت رفتہ رفتہ بڑھتی گئی جس کی وجہ سے کبھی کبھی ان سے شرف ملاقات بھی حاصل ہو جاتا تھا۔

برسوں بعد جب میں نے ۱۹۹۳ء میں پروفیسر شیو کے کمار ساہیتہ اکیڈیمی، نئی دہلی کے انعام یافتہ انگریزی شعری مجموعہ "Trapfalls in the sky" کا اردو میں ترجمہ بہ عنوان

''آسمان میں کمیں گاہیں'' کر رہا تھا پروفیسر سراج سے بالمشافہ ملاقاتوں کا سلسلہ شروع ہوا ایک ایک لفظ اور ایک ایک سطر کے ترجمے کے بارے میں گفتگو سے بہت کچھ سیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملا۔ ربع صدی کے بعد پھر استاد شاگردی کا سلسلہ ایک بار پھر استوار ہوا۔ لگا کہ پھر ان کے علم و فضل اور شفقت کے سوتے ابلنے لگے۔ دو تین سال بعد پھر جب پروفیسر کمار نے راقم الحروف پروفیسر تقی علی مرزا کے ساتھ فیض کے کلام کے تراجم کا شروع کیا تو پھر پروفیسر سے استفادے کا ایک اور موقع ہاتھ آیا۔

خود پروفیسر سراج بڑے کامیاب اور اعلیٰ درجے کے مترجم تھے۔ ان کے تراجم کی فہرست کافی طویل ہے مگر انگریزی کے جدید شاعر ٹی اس ایلیٹ کی مشہور نظم 'ویسٹ لینڈ'' کا اردو میں آزاد ترجمہ بہ عنوان ''ارضِ ویران'' اردو ادب کو ان کی دین ہے۔ علمی اور ادبی کاموں کو انجام دینے میں وہ از حد محتاط رہتے تھے۔ چنانچہ ''ویسٹ لینڈ'' کا ترجمہ انہوں نے کئی سال میں مکمل کیا۔ ایک ایک لفظ اور ایک ایک سطر کو انہوں نے کئی بار بدلا۔ دوستوں اور شاگردوں سے مشاورت کرتے اور ضروری سمجھتے تو نظر ثانی بھی کرتے۔ ''ارض ویران'' معہ تشریحات شب خون میں ۲۰۰۱ میں شایع ہوئی جسے بعد میں شب خون کے انتخاب کی دوسری جلد میں ۱۲۱۲ تا ۱۲۲۱ صفحات، مطبوعہ جون ۲۰۰۵ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ ترجمے کے شعبے میں پروفیسر سراج کا دوسرا کارنامہ اقبال کی طویل نظم ''جاوید نامہ'' کا فارسی سے اردو میں ترجمہ ہے۔ اس ترجمہ کا فارمیٹ (format) اصل نظم سے مختلف آزاد نظم کا ہے مگر ہے بہت کامیاب۔ یہ جان کر خوشی ہوئی کہ جاوید نامہ کا ترجمہ اقبال اکیڈمی حیدرآباد سے شائع کیا جا رہا ہے۔

اقبال انسٹیوٹ، سرینگر کے قیام کے دوران پروفیسر سراج نے اقبال کی شاعری کے ادبی محاسن پر حو لکچرز دیئے تھے۔ ان پر نظر ثانی کر کے انہوں نے اسے کتاب کی صورت شائع کیا۔ جس کا عنوان ہے ''مطالعہ اقبال: چند نئے زاویئے'' (۲۰۰۰ء)

پروفیسر سراج نے کبھی بھی باضابطہ شاعری تو نہیں کی مگر گاہے گاہے وہ شعر کہتے تھے اور نجی محفلوں میں بڑے شوق سے سناتے تھے۔ وہ اپنی ذات سے ایک انجمن تھے۔ ان کی شخصیت میں شاعر، ادیب، مترجم، محقق اور استاد کئی پہلو جمع ہو گئے تھے۔

اگرچیکہ وہ مغربی ادبیات کے ماہر تھے مگر فارسی اردو شعری کے رسیا تھے۔ اکثر و بیشتر کہتے

تھے کہ جو بات فارسی اور اردو شاعری میں ہے مغربی شعریات میں کہاں۔ بہ حیثیت انسان وہ خلوص، شفقت اور انکسار کا پیکر تھے۔ موت نے حیدر آباد کی علمی اور ادبی زندگی کو ایک غیر معمولی انسان کے وجود سے محروم کر دیا۔ خدا ان کو جوار رحمت میں جگہ دے۔

حیدر آباد کے لئے ۲۰۰۶ء بڑا المناک سال ثابت ہوا ہے۔ پروفیسر سراج الدین کے علاوہ تا حال کئی اہل علم و دانش داغ مفارقت دے گئے جن میں پروفیسر افضل محمد (۱۵ر جون) جاندار افسر اور پروفیسر ایزک سیکورا (۷ ستمبر) شامل ہیں۔ موت کی اس ارزانی پر مجھے ناصر کاظمی کا ایک شعر یاد آ رہا ہے۔

زمیں لوگوں سے خالی ہو رہی ہے
یہ رنگ آسمان دیکھا نہ جائے

خدا سے دعا ہے کہ وہ جمیع مرحومین کو مغفرت عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆

شاہد حسین زبیری

پروفیسر سراج

اگر چھریرا جسم کہوں تو مبالغہ ہوگا لہذا، ایمان کی بات تو یہی ہے کہ دبلا پتلا جسم دراز قد سے کچھ کم اور اوسط سے کافی زیادہ اس قد اور جسامت کے امتزاج کی بدولت کمر میں غیر محفوظ ساخم، عمر دیکھنے میں ساٹھ پینسٹھ کے درمیان مگر حقیقتاً اسی کے پیٹھے میں ان تمام چیزوں کے باوجود ذہنی اور جسمانی اعتبار سے نہایت چاق و چوبند کھڑا ناک نقشہ، گندمی رنگ، بادی النظر میں سر پر بالوں میں کی موجودگی کا احساس بھی ہوتا ہے۔ (مگر ذرا سا غور کرنے پر بہت آسانی سے پتہ چل جاتا ہے بائیں طرف کے بالوں کو نہ جانے کتنے برسوں کی مشقت سے دائیں طرف تک لانے میں موصوف کو بہر حال کامیابی نصیب ہوئی ہے)۔ فطرت ایسی کہ کسی سے نہ بننے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ بجز ہوا کہ تیز جھونکوں کے ..... ہمیشہ نہایت نیکا تیکھی کا لباس زیب تن کئے یہ دبلا پتلا شخص حیدرآباد کی قد آور ترین شخصیتوں میں شمار ہوتا ہے۔ جامعہ عثمانیہ کے انگریزی زبان کے اساتذہ میں وہ چند لوگ جنہیں انگریزی ادب کا امام کہا جا سکتا ہے ان میں ایک نام پروفیسر سید سراج الدین صاحب ہے۔ حالانکہ ان کا تعلق شعبہ انگریزی سے رہا مگر یہ اردو فارسی ادب کا ایک نہایت ہی معتبر نام ہے۔ پروفیسر سراج صاحب جن زبانوں کو بولنے پڑھنے اور سمجھنے کی صلاحیت رکھتے تھے ان میں اطالوی، فرانسیسی اور جرمن شامل ہیں۔ اگر آپ حیدرآباد میں کسی کو بلا تکلف ماہر اقبالیات کہہ سکتے ہیں تو وہ بھی جناب موصوف ہی کی ذات والا صفات ہوگی۔ آپ کا شمار حیدرآباد کے صف اول کے معزز دانشوروں میں بھی ہوتا ہے۔

جہاں ایک طرف ہمارے شہر میں نہایت انکساری اور خاموشی کے ساتھ زندگی گزارنے والے قابل ترین پائے کے علماء، فلسفی اور دانشور موجود ہیں دوسری طرف خود ساختہ اور نام نہاد علماء، فلسفی اور دانشوروں کی بھی کمی نہیں۔ جن کی تقاریر اور مقالوں میں غیر مانوس، ادق، گنجلک الفاظ ناموں اور اصطلاحات کی بھر مار ہوا کرتی ہے۔ جن میں بیشتر الفاظ عام سامع کی سمجھ سے بالاتر ہوتے ہیں۔

ان سے پرے وہ لوگ ہیں، جن کا تعلق پہلے زمرے سے ہے اور حقیقتاً یہی وہ قابل ذکر

اشخاص ہیں جن کے دم سے حیدرآباد کی عالمانہ محفلوں کی شان آج بھی قائم ودائم ہے۔حیدرآباد کی اسی علمی کہکشاں کا ایک روشن ستارا سراج صاحب کی ذات ہے جناب والا کے مقالے مضامین اور تقاریر نہایت پر مغز ہوتے ہوئے بھی ہر قسم کے ادق الفاظ اور جملوں سے پاک ہوتے ہیں۔تقاریر کا انداز اور مضامین کا طرز واسلوب نہایت ہی سیدھا سادہ اور دلفریب ہے۔ جو سونے پہ سہاگہ کا اثر کرتا ہے۔

تکلف سے بری ہے حسن ذاتی
قبائے گل میں گل بوٹا کہاں ہے (آتش)

جب موصوف اپنے نرم ونازک لہجے میں کچھ سمجھاتے ہیں تو بات دل ودماغ میں اترتی چلی جاتی ہے اگر کسی تقریر میں ضرورتاً کسی ادق لفظ یا فارسی شعر کا استعمال ناگزیر ہوتو اسے اپنا فرض اولین سمجھ کے سمجھانا بھی ضروری سمجھتے ہیں اور یہ انداز آج کی نسل کے سامع کے ذہن کو بوجھل ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔غرض کہ موصوف کی ذات بناوٹ وتصنع سے یکسر مبرّا ہے۔

ذہنی اور جسمانی طور پر نہایت پھرتیلا انسان اپنے ذاتی معاملات میں کہیں کہیں تساہل بھی برتتا نظر آتا ہے۔اس قدر قابلیت اور وسیع مطالعہ رکھنے والا شخص اگر چاہتا تو بیشمار کتابوں کا مولف، مصنف ہو جاتا۔احباب اور چاہنے والوں کے اصرار پر جناب والا کی صرف ایک کتاب ہی منظرِ عام پر آسکی۔یعنی (مطالعہ اقبال، چند نئے زاویے) مگر اپنی جگہ یہ بھی حقیقت ہے کہ اس ایک کتاب کا پر مغز مواد صدہا کتابوں پر حاوی ہے۔

اردو ادب کے جہاندیدہ نقاد مرحوم آلِ احمد سرور اس کتاب کے تعلق سے رقمطراز ہیں۔''ان عنوانات کے تنوع سے سید سراج الدین کے مطالعہ کی گہرائی اور ان کے ذوق کی پختگی کا اندازہ ہوتا ہے مجھے یقین ہے کہ ان مضامین کی اشاعت سے اقبالیات کے مطالعہ میں قرار واقعی مدد ملے گی۔میں اس مجموعے کو اقبالیات کے سرمایہ میں ایک قابل قدر اضافہ سمجھتا ہوں۔سید صاحب کی تحریر رواں اور شگفتہ ہے اور وہ علمی مسائل کو خاصی بے تکلفی کے ساتھ بیان کرتے چلے جاتے ہیں''۔

نہ جانے کتنے طلبہ نے ان گنت جلسوں کی طوالت محض اس لئے برداشت کی کہ وہ جانتے تھے کم از کم اختتام جلسہ پہ سراج صاحب کے صدارتی ارشادات میں ہمیں اتنا مواد ضرور مل جائیگا

جو ہمیں خالی ہاتھ لوٹنے کی مایوسی سے بہر حال محفوظ رکھے گا۔

سراج صاحب کے پاس تقریباً سال بھر سے جاوید نامہ کا نہایت عمدہ ترجمہ مکمل ہے۔ علاوہ بریں مختلف موضوعات پر مقالے اور مضامین کثیر تعداد میں غیر مطبوعہ ہیں انہیں ترتیب دے کر کتابی شکل دی جاسکتی ہے۔ (مزید کئی موضوعات پر مختلف زبانوں سے کئے گئے تراجم جو بیک وقت نثری اور منظوم ہیں)۔ بارگاہ رب لعزت میں میری دعا ہے خداوند کریم انہیں اپنے معاملات میں بھی چستی اور پھرتی عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

اس قدر صحت مند سوچ رکھنے والا ذہین اور قابل شخص اگر اپنے آپ کو منظر عام پر لانا چاہتا تو نہ جانے کتنی انجمنوں، اداروں کا سربراہ ہوسکتا تھا۔ بہر حال انسان اپنی فطرت کے آگے بے بس ہے اور یہ انداز تشہیر موصوف کے خمیر میں ندارد رہا مگر جو بھی ذمہ داری جناب پر زبردستی سونپی گئی اسے پوری دیانت داری سے نبھانا اور تکمیل تک پہنچانا آپ کا وصف رہا۔ جناب والا اقبال انسٹی ٹیوٹ کشمیر یونیورسٹی (سری نگر) میں ویزیٹنگ پروفیسر رہے قریب ڈیڑھ دہے سے اقبال اکیڈیمی حیدرآباد کے صدر ہیں۔ اس کے علاوہ سنٹر فار دکھن اسٹڈیز، ادبیات اردو، مسلم ایجوکیشنل سوسائٹی کے انتظامیہ کے رکن ہیں اس کے علاوہ بین الاقوامی شہرت یافتہ رسالہ، اسلامی کلچر کے جنرل ایڈیٹر بھی رہے۔

اپنے واقف کار اصحاب کو کبھی نام سے تو کبھی یار اور کبھی دوست کہہ کر بے تکلفی سے مخاطب کرنے والا سیدھا سادہ انسان ذی القدر پروفیسر سراج الدین ہوسکتا ہے۔ اس کا اندازہ لگانا ایک ناواقف آدمی کیلئے قطعی ممکن نہیں۔ اللہ تعالی اپنی مہربانی سے کسی کو اگر ذرا سی کوئی خصوصیت عطا فرمادے تو ابلیس لعین اس شخص کے دل میں شہرت کی خواہش خصوصیت کی مقدار سے کہیں زیادہ پیدا کردیتا ہے مگر سراج صاحب کے ساتھ برسوں گذارنے کے بعد میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس قسم کی خواہش تو کجا کبھی ان میں اس آرزو کی دبی ہوئی چنگاری کا احساس بھی محسوس نہیں ہوا۔

فی زمانہ لوگ بہت سی باتیں دورانِ گفتگو تو کہہ گذرتے ہیں مگر تحریر میں لانے کے لئے جرأت کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ جرأت سراج صاحب میں بدرجہ اتم موجود رہی مثلاً اپنی کتاب کے پہلے مضمون بعنوان اقبال غلط فہمی کا شکار ایک عالمی شاعر میں صفحہ چار کے آخری پیراگراف میں رقم طراز

ہیں۔ ''اقبال نے شمال مغربی صوبوں کی خود اختیاری کی جو بات کی اس کو ان محدود معنوں میں فرقہ وارانہ ٹھیرانا جن معنوں میں یہ لفظ تقسیم سے عین قبل اور عین بعد استعمال ہوا اور جن معنوں میں جسٹس چھاگلا نے اسے اقبال کے ضمن میں استعمال کیا وہ جدوجہد آزادی اور اقبال کے افکار دونوں کے سمجھنے میں غلطی اور ناانصافی کا نتیجہ ہے''۔ آپ اگلے پیراگراف میں صفحہ نمبر پانچ کے وسط میں فرماتے ہیں۔ ''اقبال کے افکار سے ذرا سی واقفیت بھی اس بات کو سمجھنے کے لئے کافی ہے کہ اقبال کے نظریات خودی وقوت اور گاندھی جی کے نظریہ عدم تشدد میں کوئی قدرِ مشترک نہیں تھی''۔

حیدرآباد سے انگریزی میں شائع ہونیوالی دو نہایت مقبول اور اہم کتابوں کے تعلق سے میں پورے وثوق اور دیانت داری سے کہہ سکتا ہوں کہ ان کتابوں کی پچھتر فیصدی انگریزی سراج صاحب کے قلم کی مرہون منت ہے اور بچی کچی پچیس فیصد غلط انگریزی کو صد فیصد درست کرنے میں بھی سراج صاحب کا قلم کارفرما رہا مگر ظرف کا یہ معیار کہ کبھی کسی کے سامنے لب کشائی تک نہ کی۔ بقول شاعر ؎

مرے عہد وفا کا خود مرے ہونٹوں پر تالا ہے۔

اپنی سماجی زندگی میں لوگوں سے بے لوث محبت کرنے والا شخص اپنے عزیز و اقارب کو بھی ٹوٹ کر چاہتا ہے مجھے ان کا برسوں پرانا کہا ہوا جملہ آج بھی کل کی طرح یاد ہے جب انہوں نے اپنی بھانجی کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا یہ چہیتی بیٹی میری سب سے پیاری دوست بھی ہے ..... میں جب بیٹھا اپنے مضمون کو اختتامی شکل دینے میں مصروف تھا میرے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا کہ دوسری طرف سراج بھائی اپنی زندگی کی اختتامی جنگ ہارنے کی تیاری میں جٹے ہیں۔ آج صبح ان کے گھر سے کسی کی گلوگیر آواز میں فون پر اطلاع ملی کہ سراج بھائی مالک حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

موت اس کی ہے کرے جس کا زمانہ افسوس
یوں تو دنیا میں سبھی آئے ہیں مرنے کے لئے

☆☆☆☆

قدیر زماں

پاک طینت و پاک باطن پروفیسر سید سراج الدین

کوئی شخص مجسم خوبیوں کا حامل ہو تو اس کی کس خوبی کا ذکر پہلے کیا جائے کسی اور کے لئے الجھن کا باعث ہو کہ نہ ہو میرے لئے تو ہے۔

کسی کے لئے سب سے بڑی خوبی مذہبی و روحانی حیثیت ہو سکتی ہے تو کسی اور کے لئے وسیع المشربی۔ میرے لئے کسی شخص کا سب سے بڑا وصف تو اس کا پاک طینت و پاک باطن ہونا ہے۔ جن احباب سے میں برسوں قریب رہا ہوں اور اب ان کے اوصاف کا تقابل کرنا چاہتا ہوں تو جہاں تک پاک باطنی کا معاملہ ہے ان میں مجھے مرحوم سید سراج الدین سرفہرست نظر آتے ہیں۔ اس صفت کے حامل چند اور لوگ بھی ہو سکتے ہیں لیکن میرا ان سے کوئی ربط نہیں رہا جنہیں میں اس معاملے میں سراج صاحب کا ہم پلہ قرار دوں۔ سراج صاحب کے اس وصف کے بارے میں کسی طرح کا منفی نظریہ رکھنے والا مجھے دور و نزدیک کوئی شخص نظر نہیں آتا۔ کبھی بھی انہوں نے کسی کی غیبت کی اور نہ کوئی برائی۔ یہی وجہ تھی کہ بعض اوقات ان کے خیالات سے اختلاف تو کیا جا سکتا تھا لیکن احباب کا ان سے عقیدت کا یہ عالم تھا کہ انکی باتوں میں پھولوں کی خوشبو محسوس کرتے تھے۔ یوں تو سراج صاحب سے کسی مسئلہ پر بحث کرنے کی لوگوں کو نوبت ہی نہ آتی اور اتفاق سے کبھی آجاتی تو وہ یہ کہہ کر خاموش ہو جاتے کہ ''مجھ سے اختلاف ضرور کرو لیکن خفا مت ہونا'' وہ کون عالم ہے جو دوسروں کی خفگی کو اس خندہ پیشانی سے قبول کرے اور اپنے عجز و انکسار سے بات کو اس طرح ٹال دے کہ مخالف پشیمان ہو جائے۔

آج پروفیسر سید سراج الدین ہم میں نہیں ہیں۔ ان کی اچانک موت نے حیدرآباد کی علمی اور ادبی محفلوں کو اجاڑ دیا ہے۔ وہ شخص جو ایک بار اسٹیج پر پہنچ جاتا تو اپنے بال و پر درست کرتے ہوئے کوئل جیسی آواز سے سامعین کو محور کر لیتا۔ لوگ اس کے خیالات، اس کے لب و لہجہ اور اس

کے لحن سے محفوظ ہوتے۔ دل ہی دل میں سوچنے لگ جاتے کہ اب تو ہم سیر ہو چکے۔ پھر اس لحن کو تھوڑے وقفہ کے بعد سنیں گے۔ اس کے بعد سامعین اگلی محفل کا انتظار کرنے لگتے۔ جہاں سراج صاحب صدارت کرنے والے ہوتے یا کسی ادبی موضوع پر اظہار خیال۔ خوش الحان پرندے تو اور بھی ہیں لیکن کوئل کی کوک کی مٹھاس ان سب میں کہاں؟ حیدرآباد کی ادبی محفلیں برسوں اس مٹھاس سے سیر ہوتی رہیں۔ کوئل کا تلازمہ میں نے اس لئے منتخب کیا ہے کہ آم کا موسم ہوتا۔ کیری کی کھٹاس کے ساتھ سراج صاحب کے مکان کے پچھلے صحن میں آم کے درخت پر سورج نکلتے سے کوئل منڈلاتی رہتی۔ صبح کسی بھی وقت میں فون کرتا تو ٹیلفون ریسور کے اٹھانے کے ساتھ ہی سراج صاحب کی آواز سے پہلے کوئل کی کوک سنائی دیتی۔ کبھی یہ آواز دوپہر کو بھی سنائی دیتی اور کبھی شام کے وقت بھی۔ ریسور اٹھا کر سراج صاحب پوچھتے ''سن رہے ہو یہ آواز؟'' میں جواب دیتا ''ہاں ہاں! آپ کی آواز میں آواز ملا رہی ہے۔'' جب تک ہماری باتیں فون پر ہوتیں اکثر کوئل کی آواز بھی اس میں ہوتی۔

دراصل پرندوں، درختوں پودوں گملوں اور سبزہ سے سراج صاحب کو بڑی شفقت تھی۔ جن ابتدائی دنوں میں میرا جانا سراج صاحب کے گھر ہوتا صحن میں درختوں اور پودوں کی کمی مجھے کھٹکتی۔ دریافت پر افسوس کا اظہار کیا کہ پانی کا ذریعہ نہ ہونا اس کا سبب ہے۔ چند برسوں بعد بورویل کھدوانے پر جب پانی نکل آیا تو تھوڑے ہی دنوں میں سراج صاحب کے مکان کے سامنے کے اور پچھلے صحن میں پودے ہی پودے نظر آنے لگے۔ ہرے بھرے پتوں کو دکھاتے ہوئے ایسے خوش ہوتے جیسے کسی بچے کے ہاتھوں میں اس کی پسند کا کھلونا دے دیا گیا ہو۔ پودے ذرا بڑے ہوئے اور ان میں پھول کھلنے لگے تو وہ پھولوں کی نشاندہی کرتے پودوں اور پھولوں کی موجودگی میں اسطرح مچلتے اور خوش ہوتے ہوئے انسانوں کو میں نے بہت ہی کم دیکھا ہے۔

اس وصف کا تعلق بھی شاید سراج صاحب کے باطن سے ہے کہ ایسے مناظر کو دیکھ کر ان کے اندر روحانی جذبات جاگ اٹھتے اور انہیں دلی مسرت اور انبساط بخشتے مانسون کے آغاز کے بعد دو ایک بارشیں ہوتیں اور زمین پر سبزہ اُگ آتا تو سراج صاحب کی خواہش ہوتی کہ چلو اب شہر سے باہر چلیں۔ زمین پر گھاس اور سوکھے پیڑوں پر سبز پتوں کو اگتے ہوئے دیکھیں۔ اکثر وہ اپنی جوانی کے دور کی تفریحوں کا ذکر کرتے۔ اپنے کسی خاص دوست کے ساتھ پیدل پیدل شہر

سے دور نکل جارہے ہیں۔ سبزہ اور پھول پتوں کے مناظر سے دل و دماغ کو تر و تازہ کر رہے ہیں روح کو گرما رہے ہیں اور شام ہوتے گھر واپس ہو رہے ہیں۔ نیچر کی کیفیتوں سے اس طرح کی لطف اندوزی نے انہیں ایک اور وصف سے آشنا کیا تھا کسی بھی بے بس اور بے سہارا کو دیکھ کر وہ خاموش نہ رہ سکتے تھے۔ یہی صفت انکے ہم عصر مرحوم پروفیسر عالم خوندمیری میں بھی بدرجہ اتم تھی۔ کم و بیش دونوں ہم عمر رہے۔ عالم صاحب ۱۹۸۳ء میں ۶۱ سال کی عمر میں رحلت کر گئے اور اپنے پیچھے اپنے ہی مزاج کے عالِم کو حیدرآبادیوں کے لئے اپنا جانشین چھوڑ گئے۔ مرحوم کی دعا رہی ہوگی یا اس شہر کے علم و ادب کے پیاسے باسیوں کی تمنا کہ سراج صاحب اپنی آخری سانس سے ایک ہفتہ قبل تک خوش و خرم اور چاق و چوبند رہے۔ ۷/ جولائی کو وہ اور ان کی بیگم صاحب دونوں ایک ساتھ دواخانہ میں شریک ہوئے۔ نمونیہ تشخیص ہوا۔ چوتھے دن سراج صاحب کوما میں چلے گئے تو ۱۵/ جولائی کی صبح انہوں نے اپنی زندگی کی آخری سانسیں لیں اور اپنے اقارب دوست واحباب کو سوگوار کر گئے۔

عالم خوندمیری صاحب کے ساتھ ایک واقعہ اس طرح پیش آیا تھا کہ وہ اور میں کار میں سفر کرتے ہوئے عابد شاپ سے گزر رہے تھے۔ سڑک پر انہوں نے دیکھا کہ ایک کانسٹبل ایک رکشہ راں کا گریباں پکڑے اسے گھونسے مار رہا ہے۔ کار رکائی اور فوراً کار سے اتر کر کانسٹبل کے قریب گئے۔ ڈانٹ ڈپٹ کی اور اسے پولیس اسٹیشن لے جا کر اس کے خلاف شکایت درج کروائی۔ سراج صاحب کے ساتھ جو واقعہ پیش ہوا وہ ذرا مختلف ہے لیکن اسی دردمندی کا احساس جس کا مظاہرہ عالم صاحب نے کیا ویسا ہی مظاہرہ سراج صاحب نے بھی کیا بلکہ یہاں خاطی ان کا وہ دوست تھا جس کی کار میں وہ سفر کر رہے تھے۔ سراج صاحب کار کی بائیں سیٹ پر بیٹھے تھے۔ میں کار کو تیزی سے چلاتا ہوا۔ ایک دکان کے پاس رکا پاس میں ایک غریب بڑھیا کھڑی تھی۔ کار کی ٹکر سے نہیں بلکہ اس کی تیز رفتاری سے گھبرا کر وہ زمین پر لڑھک گئی۔ قسمت اچھی تھی کہ اسے کچھ نہیں ہوا ورنہ سراج صاحب اس وقت تک چپ نہیں ہوتے جب تک میں اس بڑھیا کا علاج نہ کرواتا اور ہرجانہ ادا نہ کرتا۔ انہوں نے مجھے ایسی ڈانٹ پلائی کہ میں شرم سے پانی پانی ہو گیا۔ یہ چھوٹے سے ناقابل ذکر واقعات ہو سکتے ہیں لیکن ایسے واقعات و حادثات ہی شخصیات کی صفات کو صحیح طور پر اجاگر کرتے ہیں دونوں عالموں کی ایک اور مشترک صفت جس کا پہلے اشارہ کیا گیا

ہے یہ تھی کہ بحث میں کٹ حجتی ہونے نہیں دیتے۔ مخالف اگر زچ کرتا تو عالم صاحب محفل سے اٹھ کر چلے جایا کرتے اور سراج صاحب کی خوبی یہ تھی کہ بڑی خوبصورتی سے بحث کا موضوع بدل دیتے۔ نجی محفلوں کے اختتامی لمحات میں تو وہ اکثر لطیفے سنایا کرتے۔ خود بھی خوب ہنستے اور اہل محفل کو بھی ہنساتے۔ ان لطیفوں کے ساتھ شعر گوئی بھی ہوتی۔

پروفیسر علی محمد خسرو اور پروفیسر رشید الدین خاں، پروفیسر پی وی راج گوپال وغیرہ کے نام ضرور آتے۔ فلسفے کے ایک اور استاد بھی تھے جن کا نام سردار تھا۔ ان کے اکھڑپن کا ذکر مزے لے لے کر کرتے۔ واقعات اس طرح سناتے کہ کوئی قصہ گو اپنے کان کاٹ لے۔ ان کی تقریروں اور اشعار کے حوالوں کے ہم سب گواہ ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ ان محفلوں کا کوئی رکارڈ نہ رکھا جاسکا جس میں مرحوم اختر حسن صاحب مرحوم نثار احمد فاروقی صاحب سراج صاحب تقی علی مرزا صاحب، مغنی تبسم صاحب اور چند دیگر احباب شامل رہتے۔ کم از کم ڈھائی تین گھنٹوں تک یہ محفلیں جمی رہتیں۔ اختر صاحب یا نثار احمد صاحب فارسی کا کوئی شعر سناتے تو جواب میں اسی موضوع پر سراج صاحب اپنی یادداشت سے فارسی اور اردو کے کوئی چار چھ شعر سناڈالتے۔ پھر یکے بعد دیگرے اشعار کا سلسلہ چل پڑتا۔ بیچ بیچ میں فکاہیہ اور مزاحیہ باتیں بھی ہوتیں۔ بعض وقت فارسی اشعار کا مفہوم جاننے کی میری خواہش ہوتی تو گفتگو کی روانی میں خلل پڑ جاتا۔

اختر حسن صاحب یا سراج صاحب دو ایک لفظوں کا اشارہ کردیتے۔ پھر محفل کی گرمی جاری رہتی۔ سراج صاحب تمباکو کے عادی تو تھے نہیں لیکن ایسے موقعوں پر دو تین کیوبن سگار اپنے ساتھ ضرور لاتے۔ خود بھی جلاتے اور صاحب ذوق کی نذر بھی کرتے۔ ان محفلوں میں نرسنگ راؤ صاحب اور آئزک سیکویرا صاحب جب موجود ہوتے تو فارسی اردو اشعار کے علاوہ انگریزی شاعری کے بھی حوالے دیے جاتے اور لاطینی زبان کے ساتھ ڈانٹے اور ورجل کا ذکر بھی سراج صاحب بڑے ذوق وشوق سے کرتے۔ ایسے تمام احباب جو ان محفلوں میں شریک رہے ہیں اب ان جیسی محفلوں کیلئے ترستے رہ جائیں گے۔ غنیمت ہے کہ دو چار کنکر ابھی موجود ہیں اب تو ان احباب کی محبتیں تو کم کم ہی نصیب ہوتی ہیں۔ اور پھر مرحومین کی کمی کا احساس تو کبھی پیچھا نہیں چھوڑے گا۔

کئی برسوں پرانی بات ہے سراج صاحب کو میں نے پہلی بار نظام کلب میں دیکھا تھا

بلیرڈس کھیل رہے تھے۔ پائنٹ شرٹ کے اندر منحنی سا جسم جس پر آخری وقت تک کبھی دو ماشے گوشت کا اضافہ نہیں ہوا۔ پھر جب وہ نظام کالج کے پرنسپل تھے تو انکے آفس میں گاہے گاہے ملاقاتیں ہوتی رہیں۔ عالم خوندمیری صاحب کہا کرتے ایک سراج ہے۔ بڑا اسپارک ہے اس میں ''سوچتا رہتا کہ اس قدر دبلا پتلا پرنسپل ایک بھاری بھرکم کالج کو شاید اپنے اسپارک ہی سے چلا رہا ہوگا۔ لیکن جس اسپارک کا عالم صاحب نے ذکر کیا تھا بہت جلد پتا چلا کہ وہ تو ان کی تقریروں میں ہے۔ انکی فکر میں ہے۔ پہلی بار میں نے ان کی تقریر مرحوم سید ہاشم علی اختر کے کسی تہنیتی جلسے میں سنی تھی۔ میٹھی میٹھی کوئل جیسی آواز۔ جس شخص کو میں نرم و نازک اور کومل کومل سمجھ رہا تھا وہ اپنی پرزور اور پروقار تقریر سے سامعین کو ہمہ تن گوش بنا دے رہا تھا۔ اس کے بعد اردو ہال اقبال اکاڈمی، ادارہء ادبیات اردو کئی جگہ انکی تقریریں علم وادب کے موضوعات پر سنیں۔ کبھی لگتا تقریر اب ختم ہو تو اچھا ہے۔ نہیں یہ جاری رہے یہی مناسب ہے۔ مضائقہ نہیں پوری بات ہوگئی ہے ابھی اطراف واکناف باقی ہے۔ اس سے بھی سیر ہوا جائے۔ موصوف کو سنتے رہنا ہی افضل ہے۔ البتہ ایک بات کھٹکتی رہی کہ انہیں کبھی پڑھتے لکھتے نہیں دیکھا۔ یا تو وہ کسی اسٹیج سے تقریر کر رہے ہیں یا کسی محفل کو اپنی عالمانہ گفتگو سے گرما رہے ہیں۔ اس بات پر بھی حیرت ہوتی کہ دوران تقریر یا دوران گفتگو انہوں نے انگریزی الفاظ کا سہارا نہیں لیا۔ انگریزی پر عبور کا یہ عالم تھا کہ اچھے اچھے استاد پانی مانگیں۔ سینئر اساتذہ بھی ان کی انگریزی عبارتوں کی تصحیح کے قائل تھے۔ ناموزوں الفاظ کی جگہ ایسے الفاظ بٹھاتے کہ وہ انگوٹھی میں نگینہ جیسے لگتے۔ لیکن ہاں انہیں اپنی کابلی پر بڑا ناز تھا۔ بڑی منت وسماجت پر ہی وہ کسی کام کے لئے آمادہ ہوتے۔ ''عاشقان آپ بھلے اپنا دل آرام بھلا'' ان کا محبوب مصرعہ تھا۔ وہ چاہتے تو کئی درجن کتابوں کے مصنف ہو سکتے تھے۔ اس کے برخلاف تھوڑا سا کام اقبال پر کیا۔ تھوڑے سے تراجم۔ ویسے ٹی ایس ایلیٹ کی نظم ''ویسٹ لینڈ'' پر انکا ترجمہ جسے ''شب خون'' نے بڑے اہتمام سے چھاپا ہے اس قدر وقیع اور معتبر ہے کہ اس کے مقابلے میں کئی تخلیقی اور تالیفی کام پھیکے پڑ جائیں۔

سراج صاحب کے بارے میں لکھتے ہوئے پروفیسر سید وحید الدین صاحب کا ذکر ضروری ہے۔ شعبہ فلسفے سے وابستہ عالم خوندمیری صاحب کے استاد بھی تھے۔ آخری زمانہ میں سعید آباد میں رہتے۔ عالم صاحب کی وفات کے بعد پہلا عالم خوندمیری لکچر انہوں نے ہی دیا تھا۔ اقبال پر

کتابیں بھی لکھی تھیں۔ بڑے قد آور اسکالر تھے۔ سراج صاحب سے دوستی نہ ہوتی تو میں ان کی ملاقاتوں سے محروم رہتا۔ بیماری کے آخری زمانہ میں سراج صاحب ہی ان کے مستقل ملنے والوں میں تھے۔ اکثر اپنے ساتھ بھی لے جاتے۔ پروفیسر صاحب جیسا زندہ دل اور بذلہ سنج شخص میں نے بہت ہی کم دیکھا ہے۔ ان کی رحلت سے ایک ہفتہ قبل سراج صاحب اور میں ان کی عیادت کو گئے۔ بڑی مشکل سے پلنگ پر اٹھ بیٹھے بیماری کو بالائے طاق رکھتے ہوئے انہوں نے جو ایک شوخ جملہ کہا تھا اس کی کیفیت کو میں کبھی بھول نہ پاؤں گا۔ کہا تھا: ''بھئی جوانی میں ہم محبت کرتے تھے تو ہماری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کیوں کرتے ہیں اور اب بڑھاپے میں محبت کرتے ہیں تو لوگوں کی سمجھ میں نہیں آتا کہ کیوں کر رہے ہیں۔'' یہ کہہ کر انہوں نے ایک زوردار قہقہہ لگایا۔ ہم دونوں اس قہقہے میں شامل ہو گئے۔ سراج صاحب کے احباب کی محرومی کہ ہم لوگوں کو یہ موقع ہی نہ ملا کہ بیماری میں ان کی عیادت کرتے۔ ان کی کچھ باتیں سننے کو ملتیں ایسے گئے کہ پھر ہوش نہیں آیا۔ ایک دن قبل اُن کے بیٹے جعفر امریکہ سے آئے تو چند لمحے انہیں دیکھا بات تک نہ کر سکے رحلت سے دو دن قبل انکی صاحبزادی شہلا آئیں تو انہیں دیکھ بھی نہ سکے۔ ۱۵ر جولائی ۲۰۰۶ء کی صبح یہ اطلاع ملی کہ انکی روح قفس عنصری سے پرواز کر چکی ہے۔ اسی دوپہر میں نے اپنے گھر کے صحن میں کوئل کی آواز سنی۔ اس موسم کی وہ آخری آواز تھی۔ اس کے بعد وہ آواز پھر سنائی نہیں دی۔ شاید یہ آواز اب اگلے سال ہی سن سکوں لیکن ماتم یہ کہ سراج صاحب کو اس میں شریک نہ پاؤں گا۔

☆☆☆☆

سلطان لطیف

استادمحترم
سید سراج الدین صاحب مرحوم

میرے محترم و شفیق استاد سید سراج الدین صاحب کے انتقال کی خبر سیاست کے ذریعہ ملی ۔ میرے لئے تو یہ ایک ذاتی صدمہ ہے ہی، لیکن ساتھ ہی حیدرآباد کے علمی اور ادبی حلقوں کے لئے ایک بڑا سانحہ اور نا قابل تلافی نقصان ہے۔خبر پڑھنے کے بعد کچھ دیر تک تو صدمہ کا اثر دل و دماغ پر طاری رہا۔ پھر آہستہ آہستہ سراج صاحب سے تعلق کی کتنی ہی یادیں ذہن میں تازہ ہوتی چلی گئیں۔

سراج صاحب سے میری شناسائی کا سلسلہ ۱۹۶۰ء کی دہائی کے ابتدائی سالوں سے شروع ہوا۔عثمانیہ یونیورسٹی سے میرا تعلق طالب علمی کا بھی تھا اور ملازمت کا بھی ۔ میں نے جب یونیورسٹی میں ملازمت شروع کی تو سراج صاحب کی شہرت شعبہ انگریزی کے ایک ممتاز ، مقبول اور لائق استاد کی حیثیت سے تھی کچھ عرصہ تک تو بات صرف غائبانہ تذکروں تک تھی ۔ پھر گاہے بگاہے مختصر ملاقاتوں کا سلسلہ شروع ہوا۔ سراج صاحب کی شخصیت میں ایک خاص کشش تھی۔ بات کرنے کا منفرد انداز اور مخصوص لب ولہجہ تھا۔ ہر ملاقات کے بعد ان کی شخصیت کا تاثر ملنے والے پر اور گہرا ہو جاتا تھا۔ طبیعت میں بے حد سادگی تھی۔ گفتگو کے وقت ہمیشہ چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ ہوتی تھی ۔ بات میں نہ تکلف نہ تصنع ۔ ناواقف آدمی کو ان کی قابلیت کا کوئی اندازہ نہ ہوسکتا تھا جب تک کہ وہ کسی موضوع پر بولنے نہ لگیں ۔ میرا ان سے خصوصی تعلق اس وقت شروع ہوا جب میں نے ایم اے انگریزی کی کلاس میں داخلہ لیا۔ اب تک کی سرسری شناسائی استاذ و شاگرد کے خصوصی تعلق میں بدل گئی ۔ اب سراج صاحب کو تقریباً روز ہی قریب سے دیکھنے اور سننے کا موقعہ ملا۔ اب تک صرف ان کی لیاقت کا تذکرہ سنا تھا اب استفادہ کی راہ کھل گئی۔

سال اول وہ ہمارے بیاچ کو یونانی اور رومن کلاسیکل شاعری پڑھانے پر مامور تھے۔

جب ان کے لکچرز شروع ہوئے تو اندازہ ہوا کہ اس موضوع پر ان کی معلومات غیر معمولی وسیع اور مطالعہ بہت گہرا تھا۔ اصل میں پڑھانے سے پہلے وہ اس دور کے سماجی، سیاسی، اور ادبی حالات کی ایسی منظر کشی کرتے تھے کہ سننے والے گویا ذہنی طور پر اس دور میں اور اس مقام پہنچ جاتے تھے۔ شروع میں دو ایک لکچرز تو اس موضوع پر ہوتے تھے۔ پھر جو اصل متن پڑھانا شروع کرتے تو طلبا کو شاعری کا سمجھنا اور لطف اندوز ہونا آسان ہو جاتا۔ اصل متن کے علاوہ اس دور کے ادب اور آرٹ کے مختلف موضوعات پر بڑی دلچسپ، عالمانہ اور سیر حاصل گفتگو فرماتے۔ کلاس میں صرف انگریزی بولتے تھے۔ البتہ کلاس کے باہر نجی ملاقاتوں میں کھل کر اردو شاعری پر بھی گفتگو ہوتی۔ قدیم و جدید اردو شاعری و ادب پر انکی گہری نظر تھی دوران گفتگو متعدد اردو شعراء خاص طور پر غالب، اقبال اور فیض وغیرہ کے اشعار برمحل اور بے ساختہ Qoute کرتے جاتے تھے۔ تدریس کا طریق بھی بڑا دلچسپ تھا۔ ایک مرتبہ ایک طالب علم نے نکتہ اٹھایا کہ یونانیوں میں حس مزاح نہ تھی۔ سراج صاحب نے اس وقت کوئی جواب دینے کے بجائے یہ فرمایا کہ کل اس موضوع پر مباحثہ ہوگا۔ دوسرے دن کلاس روم کے بجائے ان کے اسٹاف روم میں نشست ہوئی۔ میز کی ایک جانب وہ تھے اور دوسری جانب بالکل قریب ہم سات یا آٹھ طلباء تھے۔ ہنس کر فرمانے لگے ''It is as if I am facing an enquisition'' پھر بحث شروع ہوئی اور طلباء ہی سے مباحث کے ذریعہ انہوں نے اس کا جواب اخذ کروایا۔

سال دوم ان کے ذمہ ہمارے بیاج کے لئے رومینٹک دور کی شاعری کی تدریس تھی۔ جب ورڈ سورتھ، کیٹس، شیلی اور بائرن کو پڑھانے لگے تو اندازہ ہوا کہ اس دور کی شاعری اور ادب پر بھی وہ کس قدر حاوی تھے رومینٹک شاعری کو بھی انہوں نے غیر معمولی مہارت سے پڑھایا لکچر کے دوران طلباء کی پوری توجہ لکچر پر مرکوز ہوتی تھی۔ لکچر کے ختم پر سوالات و جوابات کا دلچسپ سلسلہ کچھ دیر تک جاری رہتا۔ طالب علموں کے ہر سوال کا جواب خندہ پیشانی سے دیتے۔ گفتگو میں بلا کی ذہانت اور بذلہ سنجی ہوتی تھی۔ دو سال کی اس طالب علمانہ صحبت کے بعد بھی سراج صاحب سے تعلق برقرار رہا۔ گاہے بگاہے کسی نہ کسی تقریب سے ملاقات ہو جایا کرتی۔ ادب اور شاعری کے علاوہ مذہبی اور دینی موضوعات پر جب گفتگو ہوتی تو معلوم ہوتا تھا کہ موصوف، مذہب، تصوف اور فلسفہ کے میدانوں کے بھی شہ سوار ہیں۔ خاص طور پر اقبال کی شاعری اور فلسفہ

پر گہری نظر تھی۔ کچھ یہ ذوق خاندانی بھی رہا ہوگا۔ سنا ہے عثمانیہ یونیورسٹی کے اولین دور کے شعبہ فلسفہ کے نامور پروفیسر صلاح الدین صاحب ان کے ماموں ہوتے تھے۔

سراج صاحب کی شخصیت کا ایک خاص پہلو یہ تھا کہ وہ اپنی لیاقت و قابلیت سے کوئی ذاتی فائدہ اٹھانے سے بہت دور تھے۔ نہ اپنی شہرت چاہتے تھے۔ نہ مالی منفعت۔ بلکہ بڑی حد تک اپنے آپ کو چھپائے رکھنے کا میلان تھا۔ اگر حیدرآباد کے ادبی اور علمی حلقوں نے انہیں بار بار عوامی اسٹیج پر آنے پر مجبور نہ کیا ہوتا تو جو شہرت ان کی ہوئی وہ بھی نہ ہوتی۔ جتنا کچھ کام انہوں نے کیا ہے اور جو کچھ علمی استفادہ ان سے اٹھایا گیا ان کی استعداد کے لحاظ سے بہت کم ہے۔ وہ چاہتے تو اور بہت کچھ کام کر سکتے تھے لیکن ان کی طبیعت کا استغناء، شہرت اور خودنمائی سے گریز ان کے لئے سدراہ تھے۔ ان کی یاد ان کے چاہنے والوں اور قدردانوں کے دلوں میں عرصہ تک زندہ رہیگی۔ حیدرآباد کے علمی اور ادبی منظر سے کیسے کیسے قدآور لوگ رخصت ہوگئے۔ بقول شاذ مرحوم۔

کیا زمانے گئے کیا لوگ زمانے سے گئے۔

○○○○○

شاہ بلیغ الدین

سید سراج الدین

(یہ سوانحی نوٹ سراج صاحب کی حیات میں لکھا گیا)

پروفیسر صلاح الدین اور جلال الدین اشک .....دونوں سراج کے ماموں تھے۔ دونوں جامعہ کی تاریخ کے معتبر نام ہیں۔ سراج میرے ہم جماعت بھی ہیں اور فرزندانِ جامعہ میں ایک خاص مقام بھی رکھتے ہیں۔

پروفیسر آل احمد سرور نے اپنی آپ بیتی .....خواب باقی ہیں! میں لکھا ہے کہ وہ کشمیر کی جامعہ میں اقبالیات کے پروفیسر مقرر ہوئے تو ان کے ذہن میں توسیعی تقریروں کے لئے دو نام آئے .....ا۔ ڈاکٹر عالم خوندمیری، ۲۔ پروفیسر سراج الدین! دونوں جامعہ کے نامور فرزندوں میں سے ہیں۔ سراج صرف ادبیات انگریزی پر نہیں اردو، فارسی پر بھی اچھی نظر رکھتے ہیں۔ فرانسیسی، جرمن اور اطالوی سے بھی بصد ذوق واقف ہیں۔ نقاد کی حیثیت سے بھی معتبر مقام کے حامل ہیں۔ ان کا تازہ ترین خط حسب ذیل ہے:.....

بلیغ بھائی سلام علیکم!

کرم نامے کا شکریہ۔ اب پتہ چل رہا ہے کہ مادر جامعہ سے کیا محبت ہے ہم لوگوں میں، کیا وطن کی لاگ (Nostalgia) ہوتی ہے۔ اس سے پہلے میں نے انوار العلوم کے ذریعہ جن لوگوں کے بارے میں سوال نامے ارسال کئے وہ حسب ذیل ہیں۔ پروفیسر صلاح الدین، جلال الدین اشک، پروفیسر نعیم الدین (انگریزی) اب یاد نہیں شاید کچھ اور بھی ہوں، ہاں ایک نام یاد آیا، پروفیسر تقی علی مرزا (انگریزی) آپ نے جو تفصیل مانگی ہے وہ درج ذیل ہے:.....

ا۔ والد سید معین الدین مرحوم ولد عبدالرحمٰن، والدہ شرف النساء بیگم بنت محمد وحید الدین (وحید جنگ)۔ والد نے سٹی کالج سے ملازمت کا آغاز کیا۔ سائنس کے استاد رہے، پھر مددگار ناظم تعلیمات اور آخر میں پرنسپل گلبرگہ کالج بنے۔ جہاں سے وہ پولیس ایکشن سے کچھ پہلے مارچ یا اپریل ۴۸ء میں ریٹائر ہوئے۔ ۹ر نومبر ۵۹ء کو ان کا انتقال ہوا۔ اپنے کردار، انتظامی صلاحیت

طبع سلیم اور پختہ فہم کی بنا پر ممتاز حیثیت کے حامل رہے۔ ان کے کردار کا مجھ پر بڑا اثر ہوا۔ خصوصاً ان کے صبر و ضبط اور فراخ دلی کا! (مجھے یہ کردار اور منصب نصیب نہیں) بھائی بہنوں میں میرا نمبر دوسرا ہے۔ ویسے پہلا سمجھئے کیونکہ مجھ سے پہلے بھائی کا طفلی میں انتقال ہو گیا تھا۔ ہم لوگ چار بھائی اور دو بہنیں ہیں۔ بعد کے دو بھائیوں کا طفلی میں اور ایک بہن کا جوانی کے آغاز میں انتقال ہو گیا۔ میں اس وقت سب سے بڑا ہوں۔ میری تعلیم کی تفصیل حسب ذیل ہے:.....

۲۔ میٹرک ۱۹۴۰ء (نا مپلی ہائی اسکول) ایف اے۔ ۱۹۴۲ء۔ آرٹس کالج جامعہ عثمانیہ۔ بی اے ۴۴ء میں تاریخ ہند، (عہد وسطیٰ) سیاسیات، عمرانیات! ایم اے ۱۹۴۶ء انگریزی۔ ڈپلوما ان جرمن ۴۲ء، ڈپلوما ان فرنچ ۶۳ء جامعہ عثمانیہ ۱۹۵۶ء میں حکومت ہند کے وظیفے پر اٹلی میں ایک سال رہ کر اطالوی سیکھی۔ اٹلی میں ایک مقام پروجائیہ (perugia) ہے، امبریا (Umbria) کا صدر مقام ہے۔ وہاں کی (University of Freiguns) کا طالب علم رہا۔ اطالوی کی جو سند مجھے ملی وہ مجھے اٹلی سے باہر اطالوی پڑھانے کا اختیار دیتی ہے۔

۳۔ خاموش طالب علم رہا ہوں۔ ویسے اسکول میں بہت انوکھی شرارتیں کر چکا ہوں۔ باقی کوئی خاص بات نہیں۔ ہاں انٹر میں تاریخ میں یونیورسٹی میں اول آنے پر مبلغ ۱۸/روپے وظیفہ سال بھر ملتا رہا۔ بڑا مزہ رہا۔ کھیلوں میں بہت حصہ لیا۔ ہر کھیل کھیلا سوائے پولو کے!

۴۔ شادی میں نے دیر سے کی۔ میری شادی ستمبر ۵۶ء میں اپنی سگی خالہ زاد بہن سے ہوئی جس کا نام قانتہ ہے۔ (سراج کے دو بچے ہیں۔ لڑکا انجینئر ہے اور امریکہ میں ہے۔ لڑکی انگریزی ادب میں ام اے ہے اور کینیڈا میں ہے (مصنف) قانتہ کے والد مرحوم محمد مرغوب الدین گلبرگہ کالج سے پولیس ایکشن کے کچھ سال بعد ریٹائر ہوئے۔ تعلیم کے بارے انہوں نے بڑا تفکر کیا تھا اور بڑے اور ریجنل خیالات رکھتے تھے۔ بچوں کے لئے ایک پرچہ نونہال جاری کیا تھا، (اچھا پرچہ تھا۔ سرورق ہمیشہ سفید چکنے کاغذ کا ہوتا تھا غنچہ، پھول اور پیام تعلیم کے ساتھ یہ رسالہ بھی ہمارے گھر آتا تھا)۔ (مصنف) کئی دلچسپ چارٹ بنوائے تھے۔ قانتہ کی والدہ میری والدہ کی سگی بہن ہیں (دونوں بقید حیات ہیں) ان کا نام رحیم النساء ہے۔

۵۔ والد کی طرح میں نے سٹی کالج سے اپنی ملازمت شروع کی۔ کچھ مہینے جونیئر لکچرر رہا، پھر

لکچرر ۳۰۰ء تا ۸۰۰ گریڈ کا غالباً اپ کو یاد ہوگا کہ ہندوستان میں کہیں اور ایسا فیاضانہ گریڈ نہیں تھا۔ ۱۹۵۹ء میں ریڈر اور جولائی ۸۳ء میں پروفیسر بنا، ہاشم علی صاحب کی وائس چانسلری کے دور میں! ہاشم اب بھی بار بار کہتے ہیں کہ تمہارا انٹرویو سب سے اچھا تھا۔ دل خوش ہوتا ہے ویسے ہاشم نہیں آتے تو پتہ نہیں پروفیسری ملتی بھی یا نہیں!

۸۵ء میں ریٹائر ہوا اور ایک سمسٹر (جولائی تا اکتوبر) کشمیر یونیورسٹی سری نگر کے اقبال انسٹی ٹیوٹ میں وزیٹنگ پروفیسر رہا۔ اقبال پر سات آٹھ لکچر دیئے۔ جنکو محترم سرور صاحب اسی وقت چھاپنا چاہتے تھے۔ میری بدقسمتی کہ انہیں نظر ثانی کے لئے لے آیا۔ وہ آج تک رکھے ہیں..... کاہلی!

۶۔ علمی وادبی کاموں کی تفصیل سناوں؟ کون سا تیر امارا ہے۔ لوسنو! دو آرٹیکل عثمانیہ کے شعبہ انگریزی کے علمی رسالے عثمانیہ جنرل آف انگلش اسٹیڈیز میں، دو اردو انسائکلو پیڈیا کے لئے ایک اطالوی اور ایک یونانی پر لکھے۔ ان کے علاوہ متفرق ترجمے اردو سے انگریزی، انگریزی سے فارسی اور فارسی سے اردو میں کئے۔ ٹی ایس ایلیٹ کی مشہور نظم The Wasteland کا اردو ترجمہ آزاد بحر میں کر چکا ہوں۔ ویسٹ لینڈ طویل نظم ہے۔ جاوید نامہ کا بھی آزاد نظم میں ترجمہ کر رہا ہوں۔ دعا کیجئے کہ پورا ہو۔ اقبال اکیڈمی (جس کا میں آج کل صدر ہوں) کے ادبی رسالے اقبال ریویو میں میرے کوئی دس بارہ مضامین چھپ چکے ہیں۔ انہیں جمع کر کے سری نگر کے لکچروں کے ساتھ کتابی شکل میں چھاپنا چاہتا ہوں۔ بہت سے کام ادھورے پڑے ہیں جو پورے ہو سکتے تھے اور نہیں ہوئے بہر حال ..... تجاہل تغافل، تساہل کیا۔ (اب یہ کتاب مطالعہ اقبال کے نام سے چھپ گئی ہے مصنف)

ہاں آج کل علاوہ اقبال اکیڈمی کے صدر ہونے کے میں مشہور جرنل اسلامک کلچر (انگریزی) کا ایڈیٹر بھی ہوں، اسلامک کلچر والا کام شاید جلد چھوڑوں۔

امید ہے کہ مع خاندان بخیر و عافیت ہوں گے اللہ حافظ۔

اک وقت خاص، حق میں میرے کچھ دعا کرو
تم بھی تو میر صاحب قبلہ فقیر ہو

ناچیز سراج الدین

سراج نے حیدرآباد کے ایک علمی اور ادبی گھرانے میں آنکھیں کھولیں۔ انکے نانا محمد وحید الدین بعد میں نواب وحید جنگ ۱۸۸۴ء میں حیدرآباد سیول سروس کے پہلے امتحان میں کامیاب ہوئے۔

وحید جنگ کے والد مولوی فریدالدین ناظم فوجداری تھے اور فقہ کے بڑے عالم تھے۔ پروفیسر صلاح الدین وحید جنگ کے صاحبزادے تھے جو حیدرآباد کے ممتاز دانشوروں میں شمار ہوتے ہیں۔سراج کی ذہنی تربیت میں ان کا بڑا ہاتھ ہے۔

سراج بلحاظ منصب استاد ہیں اور بلحاظ طبیعت بڑے درویش صفت آدمی ہیں۔ لکھتے ہیں تو ڈالے رکھتے ہیں۔شعر کہتے ہیں تو سناتے نہیں۔ اقبال پر ان کے مضامین چھپ جائیں تو اقبالیات میں اچھا اضافہ ہیں ان کی افتادطبع کو سمجھنے کے لئے انہی کے دو شعر سن لیجئے۔

اک تکلف تھا کہ دامن گیر ہر لحظہ رہا
مئے کشوں کی بھیڑ سے کترا کے میخانے گئے

سن اے گمنامی نہ پھیلی شہر میں شہرت تو کیا
دوستوں کی ہر نجی محفل میں تو مانے گئے

اقبال پر جو لکچر انہوں نے کشمیر یونیورسٹی میں دئے تھے وہ پروفیسر آل احمد سرور چھاپنا چاہتے تھے۔انہوں نے جواب دیا..... ذرا نظر ثانی کی اجازت دیجئے! اس نظر ثانی کو برسوں گزر گئے۔ امریکہ میں مجھ سے بات ہوئی تو مجھ سے وعدہ کیا کہ..... حیدرآباد لوٹ کر پہلا کام نظر ثانی کا ہوگا۔ کچھ دنوں بعد معلوم ہوا کہ کتاب تیار ہے پھر اطلاع ملی چھپ رہی ہے ساتھ ہی یہ مژدہ بھی ملا کہ ایک عدد نسخہ میرے لئے بھی آرہا ہے۔ کتاب آئی تو میں نے پڑھ کر خط لکھا کہ..... برادرم! دل خوش ہوگیا۔ یہ کتاب اقبالیات میں بلاشبہ ایک اچھا اضافہ ہے۔ اتنے ادبی زاویوں اور حوالوں سے کسی نے بھی اقبال کے کلام اور افکار کا تجزیہ نہیں کیا۔ جادۂ خویش کی یہ روش پسند آئی۔ پورا شعر یوں ہے۔

تراش از تیشۂ خود جادۂ خویش!
کہ راہ دیگراں رفتن عذاب است

ولادت ۳۰/جون ۲۴ء

ماخوذ از تذکرہ عثمانین۔ ناشر اردو اکاڈیمی سندھ مطبوعہ اگست ۲۰۰۱ء

○○○○

شاعر: پروفیسر شیو کے کمار
مترجم: سید علی ظہیر

سراج کی یاد میں

ایسا لگتا ہے کہ آپریشن ٹیبل پر پڑے مریض کی آنت سے
انسانی اعضاء کا سپورٹ سیسٹم جڑ گیا ہے
اس کیبن سے کہ جہاں سے آج تک کوئی زندہ نہ جا سکا
جہاں ہوا بھی تاروں میں الجھ کر رہ جاتی ہے
وہاں وہ پڑا گہری نیند سو رہا ہے
اس کا سر خالی دیوار کی طرف ڈھلک گیا ہے
اسے اب اطراف و جوانب کی کوئی فکر نہیں رہی
وہ پورے اسی سال کے سخت کوہستانی سفر کے بعد سویا ہے

چلنے سے پہلے
میں کسی کے قدموں کو چھو تو لوں
جو جسم سے زیادہ فکر اور مادہ سے زیادہ روح بن چکا ہے

اس تاریک کمرے کا فاصلہ یہاں سے صرف چند قدم ہی ہے
جہاں وہ دوسرے جسموں کے ساتھ گڈمڈ ہو گیا ہے
گنہگار یا نیک، مجرم یا منصف
وہ بے نام ہو گیا ہے
اس کا نیا نام پیشنٹ نمبر ۶۰۸ ہے

'بل ادا کردو' ایک کھنکتی ہوئی آواز کاونٹر سے ابھری
'اس سے پہلے کہ ہم تمہیں میت لے جانے کی اجازت دیں'

کہیں دور ہری گھاس والی زمین کا ایک چپہ منتظر ہے
جس کے نیچے وہ صور پھونکے جانے تک سوتا رہے گا
کچھ فرشتے جنت کے دروازے پر اس کے منتظر ہیں
اب اس کے پاس، جاوید نامہ' اور 'ویسٹ لینڈ' سے ماوراء جانے کا
ڈھیر سارا وقت ہوگا
اس نے کبھی آسانی سے حاصل ہونے والی چیز نہیں لی
اس نے ہمیشہ اپنی نظریں سات آسمانوں سے پرے چمکتے ہوئے ستارے پر رکھیں

'خدا حافظ سراج' تمہارے جانے سے یہ زمین یتیم ہوگئی ہے'

○○○○

سید امتیاز الدین

ایک نظم

(پروفیسر سید سراج الدین صاحب کی یاد میں)

نہیں اس گلشن ہستی میں
ہم سا بے خبر کوئی
نہ جانے ہم یہاں کیوں آئے ہیں
کب سے کھڑے ہیں
منتظر کس کے

○

ان ہی بے نام رستوں سے
نہ جانے قافلے کتنے
یوں ہی ہر دن گزرتے ہیں

وہ چہرے
پر کشش چہرے
وہ باتیں
دل نشیں باتیں
ملاقاتیں
وہ لمحے
جن سے ماہ و سال کی تشکیل ہوتی ہے

نہ جانے قافلے کتنے

ان ہی بے نام رستوں سے

ہمارے دل کی وادی سے

جو گزرے

اس طرح گزرے

وہ چہرے پھر نہیں لوٹے

○

سفر کوئی بھی ہو

خوش بو کا

ماہ و سال کا

یا رنج و راحت کا

سفر کوئی بھی ہو ہم کو سفر اچھا نہیں لگتا

نہیں اس گلشن ہستی میں

ہم سا بے خبر کوئی

ہمیں اس کی خبر کب ہے

کہ ان بے نام رستوں سے

ہمیں کس دن گزرنا ہے

سفر ہم کو بھی کرنا ہے!

○○○○

پروفیسر سید سراج الدین

اقبال اور عصری تقاضے

(یہ مضمون ۱۹۷۷ء میں منعقدہ ایک سمینار میں پڑھا گیا تھا۔ جو پروفیسر سراج کی اقبالیات پر غالباً اولین تحریر ہے)

جس غائر اور تجزیاتی مطالعے کی اس طرح کی علمی بحث کے لئے ضرورت ہے۔ اس کا مجھے موقع نہیں ملا۔ البتہ اپنی نسل کے ہزاروں اردو دانوں کی طرح میں نے بھی اپنی زندگی اقبال کی شاعری کے ساتھ گزاری ہے۔ اس وقت اس کے شعر سنے جب تحریر پڑھنے کی صلاحیت بھی نہیں تھی۔ بہت ہی بچپن میں میں جن شاعروں سے آشنا ہوا وہ اقبال اور اسمٰعیل میرٹھی ہیں۔ شائد اسی توسل کے سبب مجھے کبھی ایسا شعر پسند نہیں آیا۔ جس میں خلوص اور مذاق کی طہارت نہ ہو۔ اس نجی داستان کو چھیڑنے کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ اس صدی کے تیسرے دہے میں ہوش سنبھالنے والے مجھ جیسے بے شمار لوگوں کے لئے اقبال ایک ایسا شاعر ہے جس کی شخصیت دل و دماغ پر مرتسم ہو چکی ہے۔ جس کی شاعری کا زیر و بم ہمارے خون کی گردش میں سما گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے اس کی بحث کی ابتدا کی ذمہ داری یہ سوچ کر قبول کر لی ہے کہ میری باتوں کا علمی وزن چاہے کچھ ہی ہو ان میں جذب و خلوص تو بہر حال شامل رہے گا۔

اقبال کا ذکر کرتے ہوئے ایک ابتدائی سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حالیہ برسوں میں انکی مقبولیت میں جو کمی ہوئی ہے اس کا کیا سبب ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ جس شخص نے کم و بیش پچاس سال اس دیس میں بادشاہی کی آج غریب الدیار معلوم ہوتا ہے۔ ہندوستان کی آزادی اور پاکستان کی تشکیل کے بعد سے اقبال کی شاعری ایک کساد بازاری کی زد میں رہی ہے۔ شاعروں کی ادبی یا کوئی مقبولیت کا مدد جزر کوئی نئی بات نہیں اور اس ضمن میں زیادہ فکر مند ہونے کی بھی ضرورت نہیں لیکن اب وقت آ گیا ہے کہ اقبال کی پیدائش کے اس سو (۱۰۰) سال میں اس کی شاعری کا پھر سے تجزیہ کریں اور اقبال کی جاودانیت کو اب نئے رنگ سے ابھاریں۔

میرے خیال میں اقبال کی مقبولیت میں کمی اس وجہ سے آئی کہ ان کی شاعری غلط فہمی اور نافہمی دونوں کا بہ یک وقت شکار ہوئی ۔نافہمیوں میں اقبال کے بہت سے پر جوش پرستار شامل ہیں۔ جنہوں نے ان کے اشعار کو سیاسی مجلسوں میں گھسیٹ کر اور انہیں مختلف اغراض کے لئے استعمال کر کے اقبال کی بڑی بد خدمتی کی نیک نیتی سے کی ہوگی لیکن کی ضرور۔ غلط فہمیوں میں وہ لوگ شامل ہیں جن کو اقبال کی شاعری کا اسلامی رنگ بے مزہ کر دیتا ہے وہ سمجھتے ہیں کہ بس پیلا ہی رنگ عاشقی کی نشانی ہے اور اس کم نظری کے باعث ایک بڑے عاشق بیدار کی محبت سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اقبال کی شخصیت کی تشکیل جدید میں ان دونوں گروہوں سے نمٹنا از بس ضروری ہے۔لیکن چونکہ یہ بجائے خود ایک مستقل بحث ہے میں اسے فی الحال ایک اشارے تک ہی محدود رکھوں گا۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ یہ مسئلہ بے حد اہم ہے اور میں نے ایک چھوٹے سے انگریزی مضمون میں اس کے خدوخال پیش کئے ہیں جو میں نے اس غرض سے لکھا تھا کہ موقعہ ہے تو کسی کھلے اجلاس میں گوش گذار کر دوں لیکن رنگ محفل نے اس کی اجازت نہیں دی۔

یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا۔۔۔آج کی بحث کی طرف لوٹیے تو دو بنیادی سوال ذہن میں ابھرتے ہیں۔اور میں بہ نظر اختصار انہیں دو سوالوں پر آج گفتگو کروں گا کیوں کہ اقبال کے مقام کا تعین انہیں کے تحت ہو سکتا ہے۔ پہلا سوال یہ ہے کہ کیا اقبال نے کوئی ایسی قدریں دی ہیں۔ جو نہ صرف عصرِ حاضر بلکہ آیندہ زمانوں کے لئے بھی اہمیت رکھتی ہیں؟ دوسرا یہ کہ کیا ان قدروں کی پیش کش محض تفکرانہ ہے یا شاعرانہ بھی؟ کیا اقبال اپنی فکر کو شعر میں سمونے میں کامیاب ہوئے ہیں؟ جس سے میرا مطلب صوت و معنی، تفکر و ترنم کا وہ امتزاج ہے جو ہر اعلیٰ شاعر کی صفت اولیٰ ہے اور شاعر کی زندہ جاویدی کی ضامن اس ضمن میں، میں صرف اقبال کی شاعری کے بالغ اور اہم ترین حصے سے بحث کروں گا۔ تفصیلات کی نہیں۔ان کے دو مجموعے میرے زیر نظر ہیں۔

بال جبریل ''اور جاوید نامہ''۔یہاں پھر ایک جملہ معترضہ ضرور ہو جاتا ہے۔وہ یہ کہ اقبال کی مکمل Assesment وتحسین کے لئے بانگ درا از بس ضروری ہے۔اقبال کی حساس اور شاداب شگفتہ دلی جتنی اس کتاب میں ہے اور کہیں نہیں۔ بعد میں ان کی شاعری میں ایک ایسا حسن معرا پیدا ہوتا ہے جو بلندیوں سے مخصوص ہے اور جہاں فکر و نظر کی تطہیر کسی پیرہن کی

گنجائش نہیں چھوڑتی۔ آپ تو جانتے ہیں کہ آخر کار ہر عاشقی کی معراج یہی بے لباسی ہے۔

اقبال کے اہم ترین تصورات میں سے جو میرے خیال میں آفاقی قدروں کی حیثیت رکھتے ہیں میں نے یہ چار چنے ہیں۔ عشق، فقر، آدمیت اور مرد مومن کا کردار۔ یہ ایسی قدریں ہیں جو موجودہ دور ہی کیا کسی زمانے میں بھی غیر متعلق یا پارینہ نہیں ہو سکتیں۔ بلکہ عصر رواں میں جہاں داخلیت کے عذر نے فرد کو مریضانہ خود نگری میں مبتلا کر دیا ہے۔ اقبال کی یہ قدریں داروئے حیات کا رتبہ رکھتی ہیں۔

عشق تو ہماری شاعری کا مستقل سرمایہ ہے۔ مومنؔ و داغؔ کے ہلکے پھلکے عشق سے لیکر میر دردؔ کے صوفیانہ اور غالب کے فلسفیانہ عشق تک کتنی ہی منزلیں ہیں جو اردو شاعروں نے طے کی ہیں لیکن اقبال عشق کو ایک نئی جہت ایک نئی قوت عطا کرتے ہیں۔ اردو شاعری میں پہلی مرتبہ عشق ایک قوت تخریب یا حالت استغراق نہیں بلکہ ایک قوت تکوین ایک تحریک مسلسل کی حیثیت سے ابھرتا ہے۔

''سوز و تب و تاب اول؛ سوز و تب و تاب آخر''

یہ عشق زندگی کی سب سے بڑی قوت، سب سے بڑا خیر ہے۔ یہی وہ طاقت ہے جو انسانوں کو حرارت بھی بخشتی اور ان کے قلب و نظر کی تہذیب بھی کرتی ہے۔ یہ عشق رہبانیت و ترک کی طرف نہیں پیکار و طلب کی طرف لے جاتا ہے جو انسانوں کو سرشاری و ترقی کے ساتھ ساتھ ایک نیا دبدبہ اور خودداری بخشتا ہے۔ جو انہیں گراتا نہیں اٹھاتا ہے۔''

جب عشق سکھاتا ہے آداب خود آگاہی　　کھلتے ہی غلاموں پر اسرار شہنشاہی

مسجد قرطبہ میں اس کی بڑی حرارت بخش تصویر ملتی ہے۔ عشق کی حریف عقل ہے اقبال عقل و عشق کو کائنات کی دو تکوینی قوتوں کی حیثیت سے دیکھتے ہیں۔ یہ عقل و عشق کا معرکہ بھی اردو شاعری میں پرانا ہے لیکن اقبال کی شاعری میں یہ معرکہ جذباتی نہیں طبیعیاتی ہے اور انسانیت کی اعلیٰ ترین تہذیب دو قوتوں کے تصادم میں نہیں ان کے حریفانہ اتصال میں مضمر ہے۔ دونوں ایک دوسرے کے بغیر بے راہ رو ہو سکتے ہیں۔ مغرب میں اقبال کو عقل کی بے راہ روی نظر آتی ہے اور مشرق میں عشق کی بے راہ روی اور وہ ایک ایسے نظام کی تلاش میں ہیں جہاں ان دونوں میں توازن ہو۔ اس نقطے تک اقبال اسلام کے راستے سے پہنچتے ہیں۔ اقبال ایک صاحب علم شاعر

ہیں۔اوران کا فکری ارتقاء مغرب کے فلسفوں اور قدیم ہند کے مفکروں سے ہوکر گزرتا ہے۔ یہ ایک بہت طویل اور دقیق بحث ہے۔ یہاں میں صرف یہ کہنے کی ہمت کروں گا کہ اقبال کو یہ محسوس ہوا کہ مغرب کی فکر ایک حد تک آکر ٹھٹک جاتی ہے اسے حضوری نصیب نہیں۔ عارفان ہندی کی فکر اپنے تجسس اور گہرائی میں بے پناہ ہے لیکن وہ ایسے مقام پر پہنچتی ہے جہاں عمل کی نفی ہوتی ہے جو زندگی کی نفی ہے۔ دیارِ ہند اور دیارِ مغرب کے درمیان اقبال کو اسلام ہی ایسا نظام معلوم ہوا جس میں فکر وعمل جذب وجہد کی یکجائی ہے۔ اقبال کا یہ اسلام عجم کا متصوفانہ اسلام نہیں جو بے عمل ہے بلکہ قرآن کا وہ مجاہدانہ اسلام ہے جس کی اساس ''جذب مسلمانی'' پر ہے۔

اے رہروِ فرزانہ بے جذبِ مسلمانی نے راہِ عمل پیدا نے شاخِ یقین نمناک

اس ذوق عمل اور جذب مسلمانی کی اقبال نے ہر انسان میں قدر کی ہے چاہے رسمی طور پر مسلمان ہو یا غیر مسلم۔

اقبال کا یہ اسلام ایک آفاقی بلکہ کائناتی تحریک ہے جس سے انسانیت اور اُس کی تہذیب کی قسمت وابستہ ہے۔ اس کو فرقہ پرستی کے زمرے میں گھسیٹنا نہ صرف کور نظری بلکہ بد ذوقی کی علامت ہے۔ یہ وہ اسلام ہے جس کو سمجھنے کے لئے مسلمان ہونے کی شرط نہیں صرف صاحب نظر ہونے کی شرط ہے۔

اس تخلیقی عشق سے وابستہ اقبال کا تصور فقر ہے۔ اس فقر کی بے باکی اور بانکپن اردو بلکہ عالمی ادب کی نہایت ہی جمیل قدریں ہیں۔ درویشی ذہنی آزادی اور بے نیازی کا نام ہے۔

ایک ایسے زمانے میں جب کہ بڑے بڑے صاحب علم وذکاوت اپنی ذہنی دیانت داری کا سودا کرنے تیار ہیں اقبال کا یہ قلندر ایک ایسی علامت ہے جس کو تابندہ رکھنا انسان کی خودداری اور انا کو زندہ رکھنے کے لئے ضروری ہے یہ ایسا شخص ہے جس نے بندشوں سے آزادی حاصل کر لی ہے اور جس کا دل بے خوف ہے۔

درویش خدامست نہ شرقی ہے نہ غربی گھر میرا نہ دلی نہ صفاہاں نہ سمرقند
ہزار خوف ہو لیکن زبان ہو دل کی رفیق یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

اس فقر اور اس کی بے نیازی کے آگے شان خسروی بھی بے حقیقت ہے۔ اس میں سربلندی بھی ہے۔ اور خاکساری بھی۔ عجز بھی اور کبریائی بھی۔ (بال جبریل ص ۲۱۳) (بال

بریل ص ۱۱۰)

اقبال کے درویش کے دوش بہ دوش اس کا مرد مومن ہے۔ بلکہ قلندر اور مرد مومن ایک ہی انسان کے دو نام ہیں۔ قلندر کی اصطلاح عجمی ہے۔ مرد مومن کی عربی۔ درویش کی طرح یہ مرد مومن دو ایسی صفات کا مجموعہ ہے جو بظاہر متضاد ہیں۔ لیکن جن کی یکجائی حیات کی قوت اور زندگی کی بہترین قدروں کی نمود کی ضامن ہے۔ جس طرح قلندر میں خاکساری و سروری بے سامانی و فقر و رت یکجا ہیں۔ مرد مومن میں حلاوت و جبروت، قہاری، جباری، صلح و پیکار کا امتزاج جلوہ گر ہے۔ یہ بھی مرد آزاد ہے۔

خاکی و نوری نہاد بندۂ مولا صفات ہر دو جہاں سے غنی اس کا دلِ بے نیاز

یہ ایسا شخص ہے جس کو حیات گیر قوت کے احساس نے نرم و شیریں سخن بنا دیا ہے اور جس کے دل میں انسانیت کا درد اور ایک ایسی تڑپ ہے جو فرشتوں کو نہیں صرف انسانوں کو نصیب ہو سکتی ہے۔ ''نظر بلند۔ نگہ دل نواز، جان پرسوز۔ یہ ایسا انسان ہے جس کو رومی کے ایک قطعہ میں ایک شخص چراغ لے کر ڈھونڈتا ہے۔ کہ ''از دام و دد ملولم و انسانم آرزوست'' میں درندوں اور مویشیوں سے بے زار ہوں۔ اور مجھے انسان کی تلاش ہے کیا آپ نہیں سمجھتے کہ رومی کے شیخ با چراغ کو جس انسان کی تلاش تھی آج بھی مشرق و مغرب دونوں کو ہے؟ کیونکہ درندگی و گوسفندی کی آج بھی کوئی کمی نہیں۔ اقبال کا مرد مومن ایک آفاقی انسان اور ایک کائناتی قدر ہے۔ انسانی تاریخ اس میں اپنے عروج کو چھوتی ہے۔ جس طرح جاوید نامے کا عارف ہندی عریاں بدن و صوئے بر سر بستہ، دنیا کی بندشوں اور وقت کی گردش سے بلند ہند و فکر و دھرم کا اعلیٰ ترین اظہار ہے۔ اُسی طرح مرد مومن اسلام کی روحانی قدروں کا اعلیٰ ترین مظہر ہے۔ دونوں کائناتی ہیں۔ دونوں دیر و حرم، کی پیداوار اور دونوں دیر و حرم سے آزاد۔ (بال جبریل ص ۱۳۲)

اقبال کی ہاں انسان اور آدمیت کا درجہ بہت اونچا ہے۔ کائنات میں انسان کو وہ مقام حاصل ہے جو کسی اور شے کو نہیں۔ اس مضمون پر اقبال کے بے شمار شعر ہیں اور میں تفصیل میں گئے بغیر صرف اس فرق کی طرف اشارہ کروں گا، جو مغرب کے Humanism اور اقبال کی آدمیت میں نمایاں ہے۔ مغرب کی ہیومانزم، فرد کے احترام اور آزادی کی فضا میں اس کی مکمل نشو و نما پر مبنی ہے۔ اس کا اثر مغرب کی تہذیب و روایات اور اداروں پر بہت گہرا ہے اور خود

ہندوستان میں جواہر لال نہرو اس کی ایک اعلیٰ مثال ہیں۔ جب اقبال یہ کہتے ہیں کہ

آدمیت احترام آدم است

تو وہ کم وبیش اسی Humanism کے قریب ہیں لیکن وہ انسان کی ارضی اہمیت پر نہیں رکھتے اور یہ کہہ جاتے ہیں کہ ''برتر از گردوں مقام آدم است'' مغرب Humanism انسان کو اس کے ارضی ماحول ہی میں رکھ کر اس کی تہذیب چاہتا ہے۔ اقبال کی آدمیت آسمان سے بھی اسی طرح منسلک ہے۔ جس طرح زمین سے پیوست۔ یہ گویا مغرب کے Humanism میں ایک جہت کا اضافہ جس کی وجہ سے وہ جذب ممکن ہو جاتا ہے جس کو اقبال حرکت ونشاط دونوں کا ماخذ سمجھتے ہیں اور جس کے عدم وجود نے مغرب کو اس سرشاری اور سرمستی سے محروم کر دیا۔ جو انسان کا سب سے بڑا قیمتی سرمایہ ہے (جاوید نامہ ص ۹۔)

اس بحث میں میں نے آپ کا اتنا وقت لے لیا کہ جو دوسرا سوال میں نے اٹھایا ہے اس پر گفتگو کو مختصر کرنا پڑے گا۔ مجھے یہ تسلیم کرنے میں کوئی تامل نہیں کہ اقبال کے تفکر نے اکثر اس کے حسن کو متاثر کیا ہے۔ بانگ درا اور پیام مشرق کا حساس شیریں گفتار اور شگفتہ دل شاعر اپنی فکر کی رفتوں پر پہنچ کر اپنی شاعری کے ملبوس کو مسل دیتا ہے۔ لیکن جس مقام پر اقبال نے وہ نقطہ اتصال ڈھونڈ لیا ہے جہاں اس کی فکر اور اس کا جذب ہمکنار ہو گئے ہیں وہاں اقبال نے اعلیٰ ترین ادب پیدا کیا ہے۔ اقبال اپنے سارے تفکر اور تجرد علمی کے باوجود ایک صاحب دل صاحب حال قلندر بھی ہے اور جب اس پر جذب کی کیفیت طاری ہوتی ہے ''اٹھتے ہیں حجاب آخر، کرتے ہیں خطاب آخر'' تو وہ مجذوب کی بکواس نہیں کرتا بلکہ لافانی شعر پیدا کرتا ہے کیونکہ حالت جذب میں بھی اس کا ذہن بیدار اور آنکھ روشن رہتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر اقبال کو خلوص سے اور بیدار مغزی کے ساتھ پڑھا جائے تو وہ لوگ بھی جو اس کی مسلمانی سے ذرا کھٹکتے ہیں اس کی قلندری کی زد سے نہیں بچ سکتے۔

اقبال نے شعر کو ایک ایسا لب ولہجہ عطا کیا جو اردو اور فارسی شاعری میں کہیں اور نہیں ملتا معلوم ومعروف بحروں میں جب اقبال شعر کہتا ہے تو یہ احساس ہوتا ہے یہ کوئی نئی بحر ہے۔ اقبال کی شاعری میں ایک ایسا تموج ہے جو اس کو پڑھتے پڑھتے خون کی گردش میں در آتا ہے اور یہ محسوس ہوتا ہے کہ آپ ایک ایسی قوت کے نرغے میں ہیں جس سے نہ آپ نکل سکتے ہیں نہ نکلنا

یا ہتے ہیں اس کی شاعری قوت ونشاط کا ایک ایسا مربوط تاثر پیدا کرتی ہے جو مجھے کسی اور شاعر
ں نظر نہیں آتا۔ اس لحاظ سے اقبال بے حد منفرد ہے۔ نہ اس سے پہلے اس کا انداز کہیں ہے نہ اس
کے بعد۔ اس میں شک نہیں کہ فکر ونشاط کا یہ کامل امتزاج جہاں لفظ ومعنی مدغم ہو جاتے ہیں اقبال
ی کم نظموں میں ملتا ہے لیکن پھر بھی اتنی کثرت سے ضرور ملتا ہے کہ اقبال کو اس کی بناء پر آفاقی
شاعروں میں شمار کیا جائے۔ جاوید نامہ اور بالِ جبرئیل اس شاعرانہ کمال کے سب سے زیادہ
امل ہیں۔ میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ اس لحاظ سے ''مسجد قرطبہ'' اقبال کی شاعری کا نقطہ عروج اور
ں کے شعور کا مرکزی نقطہ ہے۔

☆☆☆☆☆

پروفیسر سید سراج الدین

پروفیسر صلاح الدین۔ایک تاثر

۱۔کسی شخصیت کے بارے میں کچھ کہنا دوصورتوں میں آسان ہے۔ایک صورت یہ ہے کہ مذکورہ فرد کا کوئی اہم کام ہو۔کچھ کھلے قابل ذکر کارنامے ہوں کہ انھوں نے فلاں کتابیں لکھیں، فلاں فلاں خدمات پر مامور رہے۔جسب ذیل اداروں کی صدارت یا معتمدی پر فائز رہے، فلاں تحریک چلائی، فلاں کالج قائم کیا یا مجلس کی بنیاد ڈالی۔ایسے لوگ بہت قابل قدر ہوتے ہیں کیوں کہ وہ انسانی زندگی یا ذہنی یا سماجی اسلوب میں ایک اضافہ کر جاتے ہیں۔یہ ایسے لوگ ہیں جو جذبہ خدمت کے علاوہ آپ ایسی انا رکھتے ہیں جو نمود اور منظر عام پر جلوہ گری کی متقاضی ہوتی ہے۔دوسری صورت یہ ہے کہ شخص موصوف میں کچھ ایسی صفتیں ہوں جنہیں میں صفات متداول کہوں گا جیسے یہ کہ یہ بڑے فیاض ہیں۔یا رحم دل ہیں یا محنتی ہیں یا ہمدرد ہیں خوش اخلاق ہیں 'خوش اطوار ہیں وغیرہ وغیرہ۔

۲۔لیکن اگر آپ کسی ایسے شخص کے بارے میں گفتگو کر رہے ہوں جس نے ایک جامع داخلیت کو اپنایا ایسے کاموں سے اجتناب کیا جو منظر عام پر آسکیں 'اپنی ذات کے حصار اتنے اونچے کر لیئے کہ عام نظر میں صرف در و دیوار کے نقش دیکھ سکیں تو صورت حال بڑی مشکل ہو جاتی ہے۔

۳۔صلاح الدین صاحب کے ساتھ کچھ یہی معاملہ درپیش ہے۔جن لوگوں نے انھیں دیکھا وہ زیادہ تر اس طرح کہ جیسا غالباً حسرت نے کہیں اپنے بارے میں کہا ہے کہ

حسرت سے ملے لیکن حسرت کو نہیں دیکھا

صلاح الدین صاحب میں جو صفات تشکیل پائی تھیں وہ برسوں کی پرورش اور خاموش غیر مرئی ریاض علمی کا نتیجہ تھیں۔اور اس بناء پر اس قدر پیچیدہ تھیں ان کو سیدھے لفظوں میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ویسے ان کی خوش اخلاقی و خوش اطواری بالکل عیاں و ظاہر تھی لیکن اس کے پیچھے ذہنی

سفر کی جو منزلیں اور پیچ در پیچ راہیں تھیں وہ ہمیشہ اوجھل رہیں ۔ اور خود میری معلومات ان کے بارے میں ناقص اور صرف ایک استنباطی قیاس پر مبنی ہیں۔ ممکن ہے ان کے قریبی دوستوں کو ان کا کچھ علم ہو۔ یا پھر دوستوں سے ہٹ کر اس کا اندازہ کچھ ان کے شاگردوں کو ہو سکتا ہے۔ انھوں نے جامعہ عثمانیہ میں برسوں جو لیکچر دیئے ان میں ضرور ان کے کچھ خدوخال ابھرے ہوں گے۔

۴۔ میں نے خود کوئی خاص کوشش ان سے قریب ہونے کی نہیں کی حالانکہ برسوں ساتھ اٹھا بیٹھا گفتگو کی ان سے شعر سنے اور ان کو شعر سنائے ۔ البتہ یہ کہہ سکتا ہوں کہ غیر محسوس طریقے سے ان کی شخصیت میرے ذہن میں اترتی رہی اور آج میں اس شخصیت کو اپنے دل کے نہاں خانے میں اپنے عادتی وقار کے ساتھ متمکن دیکھ سکتا ہوں لیکن اس کی بعینہ عکاسی نہیں کر سکتا۔

۵۔ ایک بڑا گہرا ذہنی تکلف یا Reticence ہمیشہ صلاح الدین صاحب کے مزاج کا جزو رہا اس تکلف کی کنجی میں نے فرصت وفکر کے لمحوں میں ڈھونڈی ضرور ہے لیکن پتہ نہیں اس کو انھوں نے کس طاق میں رکھ دیا تھا کہ ملی نہیں یہ تکلف یا ذہنی ضبط یعنی Restraint صلاح الدین صاحب کے کردار کا بنیادی نقطہ ہے۔ مجھے علم نہیں کہ یہ کب اور کس طرح ان کے مزاج کا جزو بنا تھا، کیوں کہ میں نے سنا ہے کہ طالب علمی کے زمانے میں ان میں یہہ بات نہیں تھی وہ اپنے عہد کے بہت عمدہ مقرر تھے ۔ ڈھاکہ میں ایک فی البدیہہ تقریری مقابلے میں جس میں طلباء اور اساتذہ دونوں شریک تھے ۔ انہوں نے سب کو شکست دے کر طلائی تمغہ حاصل کیا تھا۔ انجمن اتحاد جامعہ عثمانیہ کے پہلے صدر کی حیثیت سے انھوں نے جو تقریریں کیں وہ یادگار رہیں ۔ لیکن زندگی کی کسی منزل پر انھوں نے اس رکاؤ کو اپنا لیا جو آخر تک ان کے ساتھ رہا۔ کبھی کبھی کسی تقریر میں یہ بند ٹوٹ جاتا تو اس وقت اندازہ ہوتا تھا کہ اسکے پیچھے کیا سیلاب رکا ہوا ہے۔

یہاں میں تعمیر ملت اور اقبال اکیڈیمی کو یہ امتیاز دوں گا کہ انھوں نے ایک گوشہ نشین قلندر کو اس کے حجرے سے نکالا اور اس کی دبی ہوئی قوت فکر اور قوت اظہار کو بہہ نکلنے کا موقع فراہم کیا۔ میرا خیال ہے کہ ہم سب خلیل صاحب اور ارباب اکیڈیمی کے مشکور ہیں کہ انھوں نے ان کی آخری عمر ہی میں سہی صلاح الدین صاحب کو یہ موقع دیا کہ وہ اپنی فکر انگیز اور پروقار آواز شہر کے مہذب لوگوں تک پہنچا سکیں۔

۶۔ میرا خیال ہے کہ صلاح الدین صاحب کی شخصیت کا مرکزی سوال یہ ہے کہ انھوں نے کیوں

ساری عمر اپنی تخلیقی صلاحیتوں سے کام نہیں لیا۔ کبھی کبھی ہم کو یہ خیال ہوتا تھا کہ ان کی قوت تخلیق آہستہ آہستہ زائل ہونے لگی ہے۔ یہ بات اب صحیح نہیں معلوم ہوتی کیونکہ جب اقبال اکیڈیمی میں انھوں نے کہنا شروع کیا تو سب کو یہ احساس ہوا کہ پیرانہ سالی میں بھی ان کی فکر توانا اور جاندار ہے۔ مجھے یاد ہے کہ ہمارے گھر کے جلسوں میں وہ کبھی کبھی مذاق مذاق میں جو چیز لکھ جاتے اس میں بھی بڑی گہرائی اور بلند خیالی ہوتی۔ ایک دفعہ انھوں نے بعض دوستوں کے کہنے پر ایک کتاب '' نشتر '' پر ایک تنقیدی مضمون لکھا تھا۔ یہ فارسی میں لکھا ہوا ایک بڑی ہی پر سوز افسانہ عشق ہے۔ جس کا گلبرگہ میں مقیم کسی منشی سجاد حسین کسمنڈیوی نے اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ اس مضمون کو میرے منجھلے ماموں جلال الدین اشک 'باقی صاحب 'معین الدین قریشی صاحب 'ریس صاحب ' بدر شکیب صاحب وغیرہ نے دیکھا اور ان سب کا خیال یہ تھا کہ اردو میں ایسی تحریر و تنقید مشکل ہی سے مل سکتی ہے۔ لیکن پھر اس کے بعد کبھی کسی سے انھوں نے یہہ بھی کہا تھا کہ نفسیات پر ایک کتاب لکھ رہے ہیں یا لکھنا چاہتے ہیں۔ وہ بھی ان کے ذہن کے صفحوں ہی میں رہ گئی۔

۷۔ اس بات کی کئی توجیہیں ہو سکتی ہیں۔ ایک بات تو یہ کہ صلاح الدین صاحب نے اپنی عمر ایک ایسے سماج میں گذاری جو بنیادی طور پر غیر تخلیقی تھا۔ حیدرآباد نے بڑے عمدہ ذہن پیدا کئے لیکن انھیں فعال بنانے میں کوئی مدد نہیں کی۔ ممکن ہے یہاں کا جاگیرداری نظام اس کا ذمہ دار ہو یا وہ عافیت و آسودگی جو یہاں کے طبقہ شرفا کو حاصل تھی۔ ہندوستان کی بڑی بڑی تحریکیں حیدرآباد کے بازو سے ہو کر نکل جاتیں اور یہ جزیرہ اپنی پر سکون فضاء میں ان سب سے بے نیاز رہتا۔ اس بے تموج ٹھیراؤ کا اور کئی شخصیتیں شکار ہوئیں۔

ایک اور وجہ ہو سکتی ہے کہ صلاح الدین صاحب صرف اعلیٰ ترین تخلیق ہی کے قائل تھے۔ لکھنے کو تو بہت کچھ لکھا جا سکتا ہے لیکن اس کی قدر و قیمت کیا ہے؟ ہاں کوئی ایسی چیز ہو جو عالمی سطح پر جانچی جا سکے تو پھر اس پر توجہ کرنا مستحب ہے ورنہ تفیح اوقات۔ انھوں نے یہ فراموش کر دیا کوئی شخص اپنی پہلی ہی تخلیق اس معیار کی نہیں پیش کر سکتا بہر حال ان پر وہ بات صادق آتی ہے۔ جو آرنلڈ نے گرے (Gray) کے بارے میں لکھی تھی کہ Gray never spoke out

۸۔ صلاح الدین صاحب کا ذہن قسم اول کا ذہن تھا۔ جن لوگوں نے کبھی کبھی اس ذہن کی جھلکیاں

دیکھی ہیں انھیں اندازہ ہے کہ وہ کس درجہ کا تھا۔ بعد میں انھوں نے یہ طریقہ اپنایا تھا کہ علم کو اپنے اندر اتارتے جائیں۔ ان کا ذہن ایسا تھا جو علم کو مسلسل جذب کرتا جاتا تھا۔ بہت کم ایسے قدح خوار ہوتے ہیں کہ خم کے خم لنڈھا دیں اور قدم اور ذہن میں ذرا سی لغزش نہ آئے۔ صلاح الدین صاحب ایسے ہی لوگوں میں ایک تھے۔ ان کے ظرف نے انھیں ہمیشہ سنبھالے رکھا۔

۹۔ میرا کچھ ایسا احساس ہے کہ وہ مسلسل اپنے آپ کی تخلیق میں مصروف رہے۔ ان کے لئے خود اپنی اور اپنے ذہن کی تہذیب ایک تخلیق کے مماثل تھی۔ اس لحاظ سے ہمارے لئے (کم از کم ان لوگوں کے لئے جو ان کو اچھی طرح جانتے ہیں) صلاح الدین کا سب سے بڑا تحفہ خود صلاح الدین تھے۔ ایک ایسی شخصیت جس میں مشرق و مغرب کی تہذیب کے بہترین عناصر آہستہ آہستہ تحلیل ہو گئے تھے۔

۱۰۔ صلاح الدین صاحب نے سات سال انگلستان اور یورپ میں گذارے تھے۔ وہاں کے بائیں بازو کی تحریکوں میں حصہ لیا تھا۔ آکسفرڈ میں فلسفے کے درس سنے تھے۔ انگلستان میں ان کے ہم عصر سجاد ظہیر، علی یاور جنگ، ڈاکٹر رادھا کرشنن جیسے لوگ تھے۔ آکسفرڈ سے انھوں نے کوئی ڈگری نہیں لی، لیکن جب انگستان سے لوٹے تو ایک پورا کتب خانہ ان کے ساتھ تھا۔ کتابیں اور حقہ ان سے آخر تک نہیں چھوٹے۔ صلاح الدین صاحب کی شخصیت کی حرکت ایک شدید انفرادیت سے جماعت کی طرف رہی ہے۔ میں نے انھیں سے پہلی بار یہ مصرعہ سنا تھا کہ

ہم رنگ جماعت شد تا لذت جاں بینی

شک و الحاد کی منزلوں سے وہ گذر چکے تھے اور آخر عمر میں ان کی طبیعت میں یقین کا اطمینان اور سکون آ گیا تھا۔

صلاح الدین صاحب کے بارے میں، میں بہت کچھ لکھ سکتا ہوں اور مجھے لکھنا بھی چاہیے تھا لیکن فی الحال وقت نہیں اور ظہیر صاحب کا اصرار ہے کہ جو بھی ہو جائے ان کے حوالے کیا جائے۔ لہذا یہ چھوٹا سا خاکہ رواروی میں لکھا گیا ہے۔ صلاح الدین صاحب کا قرض ابھی مجھ پر باقی ہے۔

☆☆☆☆☆

شاہد حسین زبیری

پیکرِ جہد و عمل

(اقبال اکیڈیمی کے نئے صدر محمد ظہیر الدین کا خاکہ)

پروفیسر سید سراج الدین صاحب کے انتقال کے بعد ۹ ستمبر ۲۰۰۶ء کو اقبال اکیڈیمی کے ارکان کی ایک میٹنگ گلشن خلیل میں منعقد ہوی۔ بالاتفاقِ آرا جناب محمد ظہیر الدین صاحب کا انتخاب بحیثیت صدر اقبال اکیڈیمی عمل میں آیا ظہیر صاحب اقبال اکیڈیمی کے قیام کے بعد سے آج تک اکیڈیمی کے ایک خاموش مگر سرگرم کارکن رہے ہیں ملازمت سے سبکدوشی کے بعد سے آپ اپنا مستقل وقت اکیڈیمی کو دیتے ہیں۔ ظہیر صاحب نے اکیڈیمی کی بعض اہم کتابیں مرتب کی ہیں جن میں پروفیسر عالم خوندمیری کی معرکتہ الآرا کتاب اقبال: ''کشش اور گریز'' بھی شامل ہے۔ اقبال ریویو کے کئی شمارے آپکے کاوشوں سے شائع ہوے ہیں جن کا شمار تحقیقی کارناموں میں کیا جاسکتا ہے۔ ظہیر صاحب نام ونمود کے مطلق قائل نہیں۔ جناب شاہد حسین زبیری کا لکھا ہوا یہ شخصی خاکہ اس شمارے میں نئے صدر کے رسمی تعارف کے طور پر پیش کیا جارہا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس خاکے کی پروفیسر سراج نے بھی بہت تعریف کی تھی۔ (ادارہ)

ہوا کا رخ دیکھ کر اڑان بھرنا پانی کا بہاؤ دیکھ کر غوطہ لگانا راستے کے نشیب وفراز کا جائزہ لیکر اپنی راہ کا تعین کرنا صاحب ثروت اشخاص کی لئے میں لئے ملانا اور صاحب اختیار حضرات کی آواز پر لبیک کہنا آج کے دور کے زیادہ تر اشخاص کا شیوہ ہے، مگر اس دور میں کچھ ایسے بھی لوگ گاہے ماہے نظر آجاتے ہیں جنھیں اپنی منزل پر پہنچنے کیلئے نہ ہوا کا رخ نہ پانی کے بہاؤ اور نہ ہی راستوں کے نشیب وفراز کا جائزہ لینے کی حاجت لاحق ہوتی ہے، نہ یہ کسی کے سر میں سر ملاتے ہیں ،اور سوائے حق کی بات کے کسی اور بات پر لبیک نہ کہنے والے یہ لوگ صرف اپنے ضمیر کی آواز پر

چلتے اوران کی منزل صراطِ حق ہوتی ہے۔ایسے لوگ دنیاوی معیارات سے ایک کامیاب زندگی تو نہیں گذارتے مگر حقیقتاً بڑے لوگ یہی ہیں۔چلئے اسی قماش کے ایک شخص سے آج ملتے ہیں۔

صوفیانہ رنگ کا ڈھیلا ڈھالا پتلون بشرٹ یا پھر سفاری سوٹ، کبھی چوڑے پائنچوں کا لٹھے کا پاجامہ، کھادی کا کرتا اور صدری گھنگھر والے الجھے ہوئے بال جنھیں دیکھ کر آسانی سے احساس ہوجاتا ہے کہ ان کا رشتہ کنگھا، تیل اور نائی سے دور دراز کا بھی نہیں رہا، ہاتھ میں ایک چمڑے کا بستہ جو شاید ضرورت سے زیادہ وزنی ہے کیونکہ یہ جس ہاتھ میں بھی ہوتا اس طرف کا کندھا دوسری جانب کے کندھے سے ڈیڑھ دو انچ زیادہ جھکا نظر آتا ہے، یہ حلیہ اردو ادب کی جانی مانی شخصیت اقبال اکیڈیمی کے نائب صدر اور روح رواں، ماہر اقبالیات، ریٹائرڈ ڈویژنل انجینئر الکٹریسٹی بورڈ ظہیر الدین صاحب کے علاوہ کسی اور کا نہیں، شاید اسی قسم کی شخصیات کے لئے اقبالؒ نے یہ شعر کہا تھا۔

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

شاید یہی وجہ ہے کہ کبھی نہ کبھی کسی نہ کسی موڑ پر آں جناب کا اختلاف اپنے ہر قریبی دوست اور بزرگ سے ہوا ہے خواہ مرحوم قائد ملت سید خلیل اللہ حسینی صاحب رہے ہوں یا جناب مولانا سلیمان سکندر صاحب یا محمد عبدالرحیم قریشی صاحب یا پھر آپ کے نہایت قریبی رفیق مرحوم مصلح الدین سعدی صاحب یا یہ ناچیز راقم تحریر، مگر لطف تو اس وقت دوبالا ہوتا ہے جب کسی جھگڑے کے بعد موصوف اس کا ذکر کسی دوست سے کرتے ہیں کبھی آبدیدہ ہوکر اور کبھی رقت آمیز انداز میں، مگر اس شخص کی برائی نہیں کرتے جس سے جھگڑا ہوا ہو بلکہ اللہ تعالی کا شکر ادا کرتے ہوئے یوں فرماتے کہ میں کیسا خوش قسمت ہوں، مجھے کیسے چاہنے والے نصیب ہیں حالانکہ میں کچھ زیادہ ہی بول گیا مگر میرے دوست نے برا نہیں مانا۔

دیانت داری سے کی جانے والی سرکاری ملازمت، ماشاءاللہ بھرا پرا گھر بچوں کے اسکول اور کالج کے اخراجات، بیماریاں اور ان ضروری اخراجات سے ہٹ کر روزانہ اقبال اکیڈیمی جانے آنے کے اخراجات کا نتیجہ یہ کہ ایک عرصہ تک ظہیر الدین صاحب کے گھر میں ایک بھی بجلی کا پنکھا موجود نہ تھا، ہاتھ کے پنکھوں پر گرمیاں گذرتیں، بعد میں ایک الکٹریکل کنٹراکٹر جس

کوموصوف کی نگرانی میں ، کام ملا تھا اس نے ان کے گھر میں بجلی کے دو پنکھے لگوا دیئے ، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ظہیر صاحب پنکھا لگوانے والے کے خلاف ہو گئے گھر پر بلایا اور الف تا والسلام شائستگی سے جس قدر نواز سکتے تھے نواز دیا وہ بھی بڑا ڈھیٹ نکلا اس نے کہا ''خفا کائیکو ہوریں صاب قسطوں میں پیسے دے دینا ،، اتفاقاً میں بھی وہاں موجود تھا میں نے مخل ہو کر کہا یہ ٹھیک کہہ رہا ہے اس بہانے چلئے گھر میں گرمی کا سد باب تو ہو گیا ، اقساط میں پیسے چکا دیجئے ، پنکھوں کی قیمت دریافت فرمائی گھر کے اندر گئے اور سوا پنکھے کی قیمت اسی وقت ادا کر دی پھر حساب کر کے فرمایا میری تنخواہ نو (۹) دن بعد ملے گی باقی پیسے آ کر لے جانا۔

ایک روز میں موصوف کے دفتر واقع منٹ کمپونڈ چلا گیا باتوں باتوں میں کسی بات پر مجھ سے کہنے لگے یہ آپ مجھے لکھ کر دے دیجئے ، میں نے موصوف کی میز پر رکھا قلم اٹھایا اور کاغذ اپنی طرف کھینچا تھا کہ میری حرکت دیکھا کر کہنے لگے کیا کر رہے ہیں یہ سرکاری کاغذ ہے ، اسے ذاتی کام کے لئے استعمال نہیں کرتے اور پھر اپنا بستہ کھول کر کاغذ قلم نکال کر میری طرف بڑھا دیا میں نے دریافت کیا ظہر صاحب کا غذ قلم تو اپنا دے دیا مگر یہ وقت جس میں ہم غیر سرکاری باتیں کر رہے ہیں اس کا کیا ؟ یہ تو سرکاری ہے اس کا آپ کے پاس کیا جواز ہے ، سن کر کہنے لگے میں اوسطاً دو گھنٹے اپنے وقت سے زائد سرکاری کام کرتا ہوں ، جس کا مجھے کوئی معاوضہ نہیں ملتا اس لحاظ سے قریباً پچاس گھنٹے مہینے میں ، میں بلا معاوضہ کام میں مصروف رہتا ہوں اور سرکاری اوقات میں مہینے بھر میں میرے ذاتی کام یا گفتگو میں بارہ پندرہ گھنٹوں سے زائد خرچ نہیں ہوتے لہذا میں اپنے تئیں مطمین ہوں ، یہ ہے موصوف کی فطرت عالی ،

بحیثیت نائب صدر اقبال اکیڈیمی انھوں نے اپنا یہ فریضہ بنا رکھا ہے کہ کم از کم مہینے میں ایک جلسہ اقبال پر ضرور ہو ، جلسہ منعقد کرنے کے لیے چار چیزوں کی بڑی اہمیت ہے۔ جلسے کے دن ہال کی صفائی ستھرائی اور کرسیوں کا رکھنا ، پھر جو موضوع قرار دیا گیا ہے اس کے لیے کوئی مقرر اور صدارت کے لیے ایک صدر اور سامعین ۔

بعض اوقات ہال کی صفائی ستھرائی کیلئے کوئی میسر نہ ہو تو بڑی خوش دلی سے ظہیر صاحب تنہا یہ کام کر لیتے ہیں ، اور کوئی صدارت کے لیے نہ ملے تو اس دن موصوف یہ کارنمایاں بھی انجام دے لیتے ہیں ، اور جس دن مقرر نصیب نہ ہو تو تقریر کی ذمہ داری بھی قبول کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں ،

کبھی کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ سب کچھ ہوتا اور سامعین ندارد تو بہت ہی سنجیدگی سے سامع کا فرض بھی ادا کر دیتے،

ظہیر صاحب کی خوشی اس دن زیادہ ظاہر ہوتی جس دن سامعین سے ہال کھچا کھچ بھر جاتا مقرّرین بھی ہوتے اور صدارت کے لیے بھی کوئی موزوں شخص مل جاتا اس دن ظہیر صاحب انتہائی مسرور دکھائی دیتے بحیثیت نائب صدر اقبال اکیڈیمی کبھی شہ نشین پر تشریف فرماتے مگر ہائے ری قسمت کبھی نچلا بیٹھنا اس دن بھی نصیب نہ ہوتا، مرحوم عالم خوندمیری کی انگلیوں میں دبی سگریٹ دیکھتے اور جی میں خیال آتا شاید ان کے پاس دیا سلائی نہیں ہے، فوری اپنی جگہ سے اٹھ کر کسی سے دیا سلائی فراہم کر کے عالم صاحب کی مشکل آسان کر دیتے، کبھی محسوس ہوتا کہ سامعین تک آواز صاف نہیں پہنچ رہی ہے تو فوراً اپنی نشست سے اٹھ کر ہال کے کونے میں کھڑے ہو کر سنتے کہ آواز یہاں تک پہنچ رہی ہے یا نہیں، اور پھر مائیک پر آ کر اسے درست کرنے لگتے' کبھی دیکھتے کہ ہال میں کوئی پنکھا چل نہیں رہا ہے تو فوری ایک ٹیبل فیان کا انتظام کر دیتے، المختصر موصوف کو کبھی شہ نشین پر سکون سے بیٹھنا نصیب نہیں ہوا'

انھیں اقبال اکیڈیمی کے لیے کتابیں جمع کرنے کا جنون سا ہے کہیں سے اطلاع ملتی کہ فلاں شخص کے پاس چار کتابیں ہیں جو وہ کسی ادارے کو نذر کرنا چاہتا ہے تو یہ ہرگز نہ سوچتے کہ اس کا مکان کتنے فاصلے پر ہے، چار کتابیں اقبال اکیڈیمی کے لیے حاصل کرنے چالیس کوس کا سفر کرنا جناب والا کے لیے کار محال نہ ہوتا، آج اسی کا نتیجہ ہے کہ ماشاء اللہ اقبال اکیڈیمی کے پاس پینتیس ہزار سے زائد کتب موجود ہیں اور الحمدللہ آج حیدرآباد کی اقبال اکیڈیمی دنیا کے کسی بھی کونے میں قائم اقبال اکیڈیمی سے کم نہیں۔

میں اس کی کامیابی کا سہرا صرف ظہیر الدین صاحب کے سر نہیں باندھ رہا اکیڈیمی کو اس بلندی تک لانے میں کئی اشخاص نے اپنا خون پسینہ صرف کیا ہے چند اہم نام قابل ذکر ہیں۔ محترم جناب سید خلیل اللہ حسینی مرحوم، موجودہ صدر تعمیر ملت عبدالرحیم قریشی صاحب، مرحوم مصلح الدین سعدی صاحب، زکریا شریف صاحب، پروفیسر عالم خوندمیری صاحب مرحوم، پروفیسر سراج الدین صاحب وغیرہ۔

مگر جو مجنونانہ تعلق ظہیر صاحب کا اکیڈیمی سے رہا ہے، وہ شاید کسی اور کا رہا ہو اگرچہ راقم

تحریر نے بھی اکیڈیمی کو کئی اہم کتابیں دلوائی ہیں۔ اس کے باوجود گر مجھے کسی کتاب کی ضرورت لاحق ہوتو مجھے بھی رجسٹر میں اپنا نام درج کئے بغیر کتاب میسر نہیں ہوسکتی۔

عرصہ قبل مجھے کہیں سید ضمیر جعفری کی نظم ''کلرک نامہ،، پڑھنے کا اتفاق ہوا جس سے استفادہ کرتے ہوئے ناچیز نے ایک ظہیر نامہ لکھا ہے'،، ملاحظہ ہو

اللہ نے جب ازل میں بنایا ظہیر کو — اقبال کا ہی درس پڑھایا ظہیر کو
جاوید نامہ ،بانگ درا سب پڑھا دیا — اقبال کے کلام کا عاشق بنادیا
پھر فیصلہ کیا کہ اتارو زمین پر — اقبال اکیڈیمی لکھا ان کی جبین پر
نام خدا ظہیر میاں جب جواں ہوئے — اقبال اکیڈیمی کے یہ روح رواں ہوئے
پھر ڈائس پر اٹھایا بٹھا یا ظہیر کو — اقبالیوں کے بیچ پھنسایا ظہیر کو
اقبال کی ڈگر کے علمدار ہوگئے — مونسپلٹی کے روڈ پہ بیکار ہوگئے
ابلیس راستے میں ملاورغلا دیا — برقی کے بورڈ کا انھیں رستہ دکھادیا

آج کل ظہیر صاحب کچھ تھکے تھکے سے نظر آتے ہیں میری اللہ تبارک تعالی سے دعا ہے کہ انھیں صحت وتندرستی کے ساتھ اقبال اکیڈیمی کی خدمت پر مامور رکھے۔ آمین ثم آمین

ظہیر صاحب پر حسرت موہانی مرحوم کا یہ شعر صادق آتا ہے

غیر کی جدوجہد پر تکیہ نہ کرکہ ہے گناہ
کوشش ذات خاص پرناز کراعتماد کر

☆☆☆☆

اقبال اکیڈیمی کا خبر نامہ

1۔ پروفیسر سید سراج الدین کا سانحۂ ارتحال

اکیڈیمی کا اظہار تعزیت

پروفیسر سید سراج الدین صدر اقبال اکیڈیمی ۱۵ر جولائی ۲۰۰۶ء کو مختصر علالت کے بعد ۸۲ سال کی عمر میں اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ ان کے گزر جانے سے نہ صرف اکیڈیمی بلکہ حیدرآباد کی علمی و ادبی زندگی میں ایک خلا پیدا ہو گیا ہے۔ نماز جنازہ مسجد قطب شاہی مہدی پٹنم میں ۱۶ر جولائی ۲۰۰۶ء کو ادا کی گئی اور متصل قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور مقامات اعلیٰ سے سرفراز فرمائے۔ آمین

ان کے سانحہ ارتحال پر اقبال اکیڈیمی کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں جناب محمد ضیاء الدین نیّر، معتمد جناب سید امتیاز الدین شریک معتمد، جناب محمد عمر علی خاں کارگذار صدر اسلامک ہرٹیج فاؤنڈیشن، جناب سید محمود قادری اور دیگر رفقاء موجود تھے۔ جناب محمد ظہیر الدین نائب صدر جو ان دنوں حیدرآباد سے باہر تھے اپنے تعزیتی بیان میں سراج صاحب کے انتقال پر گہرے رنج و ملال کا اظہار کیا۔

تعزیتی جلسہ

پروفیسر سید سراج الدین صاحب کے سانحہ ارتحال پر تعزیتی جلسہ کا انعقاد عمل میں آیا جس کا اہتمام اقبال اکیڈیمی حیدرآباد اور اسلامک ہرٹیج فاؤنڈیشن نے کیا۔ اس جلسہ کی صدارت جناب محمد ظہیر الدین صدر اقبال اکیڈیمی نے کی۔

اس موقع پر محمد ضیاء الدین نیر معتمد اقبال اکیڈیمی نے ایک قرارداد پیش کی،

قرارداد تعزیت میں جذبات رنج والم کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ ''ہمارا شہر حیدرآباد ایک نامور دنشور اور اعلی پایہ کے محقق نقاد، ادیب اور شاعر سے محروم ہوگیا۔ پروفیسر سراج الدین صدر اقبال اکیڈیمی کا انتقال علمی ،ادبی دنیا کا ایک بڑا سانحہ ہے۔اکیڈیمی مرحوم کے غم میں سوگوار ہے۔سراج صاحب کسر نفسی ، سادگی اور شرافت و انکسار اور تبحر علمی کے اعتبار سے ایک جامع شخصیت کے مالک تھے۔وہ نفاست پسند اور سلیم الطبع ہونے کے ساتھ ساتھ ہمدرد اور خوش مزاج انسان تھے۔انہی اوصاف کی بناء پر وہ حیدرآباد کے علمی حلقوں میں مقبول تھے۔انکا حلقہ احباب نہایت وسیع تھا۔انکی کتابیں اور بیشمار مضامین اور علمی محافل کے صدارتی تجزیے اور تبصرے انکے مطالعہ کی وسعت اور گہرائی کے آئینہ دار ہیں۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالی انہیں جنت النعیم میں جگہ عطا فرمائے اور جمیع پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین۔''

